الضمیر فی انه للشان ومدى الشیٔ غایته وامتداده مرفوع علے الابتداء والصرم القطع وضمیر سرادقه للمبتدا ترجمہ سو جب محبوبہ نے دیکہا کہ مجہمین
اور اوسمین وصل کے کوئی صورت نہین ہی اور یہ کہ غایۃ انقطاع کے ڈیرے ہمپر تنے ہوئے ہین یعنے انقطاع دائمی ہے۔

رمتني بطرفٍ لو كميًّا رمت به	لبُلّ نجيعًا نحره وبنائقُه

جواب لما والنجیع الدم الطری والبنیقة بالموحدة فالنون فالتحتانیة فالقاف لبنة القمیص یعنے خشتک جامہ او جرمانہ یعنے جیبہ ترجمہ تو
اوسنے میرے ایسا تیر نگاہ کا مارا کہ اگر وہ کسی اور بہادر دلیر شخص کے مارتی تو اوسکی گردن دیار ہائے جامہ وگریبان خون تازہ سے تر کیا جاتا

ولمحٍ بعينيها كأنّ وميضه	وميض الحيا تُهدى لنجدٍ شقائقُه

اللمح اختلاس النظر مجرور عطفاً علے طرف والومیض اللمعان والحیا الغیث وتہدی مجہول من اہداہ والشقیقة بالمہم من البرق فی الافق
ترجمہ اور اوسنے اپنی دو نو آنکہونکی ایسے وز دیدہ نظر کا تیر مارا کہ گویا اوسکی چمک اوس ابر کے چمک تہی جسکے بجلیونکی چمک مقام نجد کو
تحفہ دیجاوی۔

وقال ابو الطمحان القینی

الا علّلاني قبل نوح النوائح	وقبل ارتقاء النفس فوق الجوانح

علله شغله بشیٔ غیر دائم او ولع والجوانح الضلوع ترجمہ خبردار ہو جاؤ اے میرے دو دوستو مجکو بہلاؤ اور میری دل لگی کا سامان کرو
اس سے پہلی کہ رونیوالیان مجکو رووین اور اس سی پہلے کہ میرا دم پسلیونسے اوپر یعنے گلی اور ناک مین آجاوی۔

وقبل غدٍ یا لهف نفسی علی غدٍ	اذا راح اصحابی ولست برائح

ترجمہ اور کل سے پہلی مجکو بہلاؤ اور ہائی افسوس میری جان پر کل کو جبکہ بوقت شام چلے پہرینگے میرے یار اور مین چلنے پہرنے پر
قادر نہون یعنے مرجاؤن۔

اذا راح اصحابی تفیض دموعہم ۔۔۔ وغودرت فی لحد علی صفائح

جبکہ میرے یار شام کو ایسے حال مین لوٹین گے کہ لونکی آنسو بہتی ہون گے اور مین لحد مین ایسے حال مین چھوڑا جاؤنگا کہ مجھپر سلین ہونگی اور ظاہر یہ ہے کہ بجائے صفائح کے جو تمام نسخ موجودہ مین ہی اور جسکو بضمہ آخر پڑہنا چاہیے صفائحی یاء متکلم سے ہوتا کہ اقوا یعنے اختلاف حرکات قافیہ سے محفوظ رہے

یقولون ہل اصلحتم لاخیکم ۔۔۔ وما اللحد فی الارض الفضاء بصالح

ترجمہ لوگ میرے گھر والون سے کہینگے کہ کیا تمنے اپنے بہائی کی قبر درست بنادی اور حال یہ ہوگا کہ اونہون نے میری قبر کہلے میدان مین درست کی ہوگی اور یہ میرے لیے خلاف مصلحت ہی بلکہ میری قبر عمدہ مکان مین چاہیئے۔

وقال آخر

ہل الوجد الا ان قلبی لودنا ۔۔۔ من الجمر قید الرمح لاحترق الجمر

الوجد شدۃ الحب والحزن والجمر جمع جمرۃ وہی النار المشتعلۃ والقید بالکسر المقدار ترجمہ عشق اور تڑپ سواے اسکے نہین ہی کہ بیشک اگر میرا دل آتش سوزان سے بقدر ایک نیزے کے نزدیک ہوجاوے تو البتہ خود آگ جلجاوے یعنے شدت محبت اسکا نام ہے اور جو ایسی نہو تو وہ محبت نہین کہلاتی

أفی الحق انی مغرم بک ہائم ۔۔۔ وانک لا خل لدیک ولا خمر

یقال لا ہو خل ولا خمر ای لاضار ولا نافع ترجمہ کیا یہ امر انصاف مین داخل ہی کہ مین تیرا عاشق حیران ہون اور تیرا یقینا یہ حال ہی کہ نہ تو میرے لیے ضرر رسان ہی اور نہ مفید یعنے بے پرواہی۔

فان کنت مطبوبا فلا زلت ہکذا ۔۔۔ وان کنت مسحورا فلا برء السحر

ترجمہ پس اگر مین مریض ہون تو ہمیشہ مریض رہون اور اگر مجھپر جادو کیا گیا ہے تو خدا کرے کہ میرا جادو اچھا نہو یعنے مجکو یہ منظور نہین ہے کہ میرا عشق مجھہ سے جدا ہو۔

تشکی المحبون الصبابۃ لیتنی ۔۔۔ تحملت ما یلقون من بینہم وحدی

ترجمہ عاشق لوگون نے درد عشق کے شکایت کی ہی کاش مین ساری مصیبتین جو وہ جہیلتے ہین اونمین سے تنہا اوٹھالیتا کہ مجکو اوسمین لذت حاصل ہوتی

فکانت لنفسی لذۃ الحب کلہا ۔۔۔ فلم یلقہا قبلی محب ولا بعدی

ترجمہ سو اس صورت مین میری جان کے لیے محبت کا سارا مزہ حاصل ہوتا کہ اوس مزہ سے کوئی عاشق مجھسے پہلے اور میرے بعد نہ ملتا یعنے کسی کو نہ ملتا۔

وقال شبرمۃ بن الطفیل

شبرمۃ بن الطفیل

ویوم شدید الحر قصر طولہ ۔۔۔ دم الزق عنا واصطفاق المزاہر

اراد بدم الزق الخمر والاصطفاق تحرک اوتار العود وهو المزهر ترجمہ اور بہت سے بڑے دن نہایت گرم ہین کہ اونکی درازی کو ہمارے لیے خون مشک یعنے شراب اور تارونکی حرکت دینے یعنے عود کے بجنے نے کوتاہ کردیا یعنے اس شغل مین دن کوتاہ معلوم ہونے لگا۔

لدن غدوة حتی اروح وصحبتی	عصاة علی الناهین شم المناخر

عصے علیہ لم یطع امرہ والشم الارتفاع وشم الانوف کنایة عن المتکبرین ترجمہ دنکی درازی کو کم کردیا صبح سے لیکر یہان تلک کہ مین شام کرون اور حال یہ تہا کہ میرے یار لہو ولعب سے منع کرنیوالونپر سرکش تہے اور ناک چڑہے یعنے متکبر کہ اونکا کہا نہین مانتے تہے۔

کأن اباریق الشمول عشیة	اوز باعلی الطف عوج الحناجر

الاوز البط والطف ما ارتفع من ارض العرب علی ریف العراق ترجمہ گویا کہ صراحیان یا چہاگلین شراب کی اوس شام کو ٹیڑہی گردنونکی بطین ہین بجانب اعلی مقام طف کی۔

وقال آخر وهو جابر بن الثعلب الجرمی من طے

ومستخبر عن سر ریا رددته	بعمیاء من ریا بغیر یقین

العمیاء الکلمة التی لا یفهم معناها ترجمہ اور بہت سے ریا کے بہید پوچہنے والے ہین کہ مین نے اونکو ریا کیجانب سے ایک مبہم بات کہکر ناکام اور متردد لوٹا دیا یعنے ایسا گول جواب دیا کہ اوسکو ریا کا کچہہ حال معلوم نہوا۔

فقال انتصحنی اننی لک ناصح	وما انا ان خبرته بامین

انتصحہ قبل نصحہ ترجمہ سو اوسنے مجہسے کہا کہ تو میری نصیحت قبول کرے مین بیشک تیرا خیر خواہ ہون اور حال یہ تہا کہ اگر مین اوسکو ریا کی خبر دون تو امین نرہون بلکہ خائن ہوجاؤن۔

وقال نصر بن قیس

الا قالت بهیسة ما لنصر	اراه غیرت منه الدهور

ترجمہ بہیسہ نے کہا کہ نصر کا کیا حال ہوگیا جسکو مین دیکہتی ہون یا دکہائی جاتے ہون کہ زمانہ کی گردشون نے اوسکا حال متغیر کردیا ہے۔

وانت کذاک قد غیرت بعدی	وکنت کانک الشعری العبور

الشعری العبور کوکب معروف ذات ضیاء ونور وسمیت عبورا لعبورہ بالمجرة ترجمہ اور مینے اسکو جواب دیا کہ تو بہی میری بعد متغیر الحال ہوگئی اور وہ حسن وجمال نرہا ورنہ پہلی تو تو ایسے باجمال تہی کہ گویا ستارہ شعری تہی جو کہکشان سے گزرتا ہے۔

وقال مرحب بن مرة الطائی

وندمان یزید الکاس طیبا	سقیت اذا تغورت النجوم

ترجمہ اور بہت سے رفیقان محفل شراب ہین جو بسبب اپنی خوش اخلاقی کے ساغر کا لطف زیادہ کردیتے ہین کہ مینے انکو اسوقت شراب پلائی

جبکہ ستارے مائل بغروب ہوئی یعنی صبوحی۔

دفعت براسه وکشفت عنه	بمعرقة ملامة من يلوم

المعرقة من اعرق الخمر اذا جعل فیہا قلیلاً من العرق۔ واراد بہا الخمر وجنة بالماء ترجمہ مینے اسکے سرکو اٹھایا یعنی اسکو نیند سے جگایا اور اوس کو عرق ملی ہوئی شراب پلاکر اس سے ملامتگر کے ملامت کو دور کردیا یعنی شراب پلادے کہ اسکو ملامتگر کی ملامت سننے کا ہوش نرہا۔

فلما ان تنشى قام خرق	من الفتيان مختلق هضوم

الخرق بالکسر السخی الکریم واراد بہ نفسہ۔ والمختلق التام الخلق المعتدل۔ والهضوم من یعطی جمیع مالہ ترجمہ پھر جب وہ رفیق نشہ سے مست ہوگیا تو جوانوں مین سے ایک مرد سخی پوری اعضا کا اپنا سب مال بخشنے والا کھڑا ہوا یعنی مین کھڑا ہوا اور ارادہ کیا۔

الى وجناء ناوية فكاست	وهى العرقوب منها والصميم

الظرف متعلق بقام یقال قام الیہ اذا ارادہ والوجناء الناقة السمینة الشدیدة والناویة بالنون قالوا والسمینة وکاس البعیر اذا مشی علی ثلث قوائم والوہی الوہن والعرقوب الساق والصمیم العظم الذی یقوم بہ العضو ترجمہ وہ جوان مستعد اور طیار ہوا طرف ذبح مادہ شتر تند مزاج اور فربہ کے اور اوسکا ایک پانو باندہا سو وہ تین پانون سے چلنے لگے ایسے حال مین کہ اوسکے گھٹنے اور ہڈیان جنسے اعضا قائم رہتے ہین سست ہوگئی تہی۔

كهاة شارف كانت لشيخ	له خلق يحاذره الغريم

الکہاۃ الناقة الضخمة والشارف المسنة الہرمة والغریم ہہنا المدیون ترجمہ طرف ایسی شتر مادہ کے کہ فربہا اور زیادہ عمر کے تہی جسکا مالک ایک بڈہا لیچر شخص تہا جسکے عادت ایسی سخت تہی کہ اوسکا مدیون اوس سے بچکر چلتا تہا کہ وہ چمٹ نہ جاوے۔ اور یہ اسلیئے کہا کہ مقصود بیان سخاوت ہے اور جبکہ ایسے سخت مزاج اور پیر کے جو کمانیکی طاقت نہین رکہتا بے اجازت ناقہ ذبح کرڈالی تو اوس بڈہے کو اختیار ہے کہ جو چاہے قیمت مانگے اور جب اوس جوان نے زیادہ قیمت دینے کے پروانکی تو بڑا سخی ہوا۔

فاشبع شربه وسعى عليهم	بأباريقين كأسها ذوم

الشرب بالفتح جمع شارب وسعی علیہم خدمہم والزدم الکاس الممتلئة بحیث لا یعیب جوابہا ترجمہ سو اوس جوان نے ناقہ کے گوشت سے ہمخوار کا شکم بہردیا اور خود اونکی خدمت مین شراب کی دو چہاگلین جنکی پیالی بہرپور اور جہلکتی تہی لیکر کہڑا رہا۔

تراها فى الاناء لها حميّا	كميتا مثل ما فقع الاديم

الضمیر المنصوب للکاس علی ارادة الخمر والحمیا سورة الخمر ونصب کمیتا علی الحالیة وہی الخمرة التی فیہا سواد وحمرة والفقوع الخالص ترجمہ

اوس شراب کی تیزی سے ساغر مین معلوم ہوتی ہی یعنی پینے سے پہلے اوسکے صورت پر تیزی برستی تہی اور حال یہ ہی کہ وہ شراب سرخ رنگ کی تہی مثل ادہوڑی خالص رنگ کے۔

ترنح شربها حتى تراهم	كأنّ القوم تنزفهم كلوم

رنحه اماله واوہن عظامه فهو مرنح کمتعظم ونزفه الدم اوہنه فرط سیلانه ترجمہ وہ شراب اپنے پینے والون کے ہاتہہ پانو وغیرہ اعضا ڈہیلے کردیتی ہے یہان تک کہ تو اونکو ایسے حال مین دیکہے کہ گویا اون لوگون کا خون اونکے زخمون نے سب بہا دیا ہی اور وہ بلاقوت رہگئے ہین۔

فقمنا والركاب مخيسات	إلى فتل المرافق وهي كوم

المخيس المذلل والفتل بالتحريک اندماج في مرفق الناقة وتباعد مرفق البعير عن جنبه وہو ممدوح والكوم جمع كوماء وهي الناقة العظيمة السنام ترجمہ سو اسکے بعد ہم اوٹہے ایسے حال مین کہ ہماری سواریان ہماری تابعدار تہین ایسے ناقونکی طرف جنکی کہنیان گہٹیلے تہی یا اون کے پہلوون سے دور تہے اور وہ بڑے بڑے کوہان والیان تہین۔ گہٹنونکا گہٹیلا یا پہلوون سے دور ہونا ناقون کے لیے وصف محمود ہی اور بعد مئے نوشی سواری کرنا اونکی عادت مین سے تہا۔

كأنّا والرحال على صوار	برمل حزاق أسلمه الصريم

الصوار کالکتاب وغراب جماعة البقر الوحش وحزاق بالمهملة فالمعجمة موضع واسلمه فوضه وترکه في ايدي الاعداء والصريم معظم الرمل ترجمہ گویا ہماری کجاوے بمقام حزاق کے ریتی مین ایسے نیل گاؤن پر رکہے ہوئے تہے جسکو بڑی ریتی نے شکاریونکی سپرد کردیا تہا کہ اسی وقت مین نیل گائین اپنی نجات کے لیے نہایت تیزی اور زور سے بہاگتی ہین۔ خلاصہ یہ ہی کہ اپنی سواریونکی تیزروی بیان کرتا ہی۔

فبتنا بين ذاك وبين مسك	فيا عجبا لعيش لو يدوم

ترجمہ سو ہمنے شغل مذکور اور استعمال مشک مین رات کاٹی پس اے لوگو ایسے عمدہ عیش سے تعجب کرو۔ کاش یہ عیش ہمیشہ رہتا۔

وفينا مسمعات عند شرب	وغزلان يعدّ لها الحميم

المسمعات القينات والحميم الماء الحار والبارد وکلاہما محتمل ترجمہ اور اوس وقت ہم مین راگ سنانیوالی چہوکریان مئےخوارون کے پاس اور آہو چشم اور خوبصورت عورتین تہین جنکی غسل کے لیے پانی گرم یا پینے کے لیے آب سرد طیار کیا جاتا تہا۔

نطوّف ما نطوّف ثم نأوي	ذوو الأموال منّا والعديم
إلى حفر أسافلهن جوف	وأعلاهن صفّاح مقيم

طوف الرجل اذا سار کثیرا و العدیم الفقیر والحفر جمع حفرة اراد بہا القبور والجوف جمع اجوف والصفام کرمان الحجارة العراض ترجمہ ہم وہ نابین پہرتے ہین جبتلک پہرتے ہین پہر ہم مین کے مالدار اور مفلس لوگ ایسے گڑہون مین جاپڑتے ہین جنکے نیچے کے حصے خالی ہین اور اوپر کے حصے مین چوڑی سلین جمنے والی ہین یعنے قبرون مین۔

وقال ایاس بن الارت الطائی

هلم خلیلی و الغوایة تصبی	هلم نحیی المنتشین من الشرب

اصبیاه دعاه الی الصبی وہلم الثانی تاکید ونحیی مجزوم جواب ہلم والمنتشی السکران ترجمہ ای میری یار چل اور حال یہ ہی کہ گمراہی کبہی عشق بازیکیطرف بلاتی ہے چل مستان میخوار سے علیک سلیک کرین۔

نسل ملامات الرجال بریة	وننفر شرور الیوم باللهو واللعب

بدل من نحیی ماخوذ من سلاه اذا دفعه وازاله والبریة فعلة من البری وننفر من فری الشی اذا شقه ترجمہ چل تاکہ ایک دفعہ بیکر لوگون کی ملامتونکو جو مینوشی پر کرتے ہین دور کردین اور اوتار ڈالین اور آجکی روز کی برائیون اور مصیبتونکو کہیل کود سے چیر ڈالین۔

اذا ما اتاحت ساعة فاجعلنها	لخیر فان الدهر اعصل ذو شغب

الاعصل الاعوجاج الانیاب فہو اعصل دکنی بہ عن شدید الاخذ والشغب تہیج الشر ترجمہ جبکہ تجکو ایک ساعت کی فرصت ملی تو اوسکو بہلائی مین صرف کر کیونکہ زمانہ کج دندان اور فتنہ انگیز ہے یعنی جو اوسکی منہ مین آجاتا ہی وہ چہوٹ نہین سکتا اور فسادی ہی اوس سی بہلائی کے امید نہین ہی۔

فان یک خیر او یکن بعض راحة	فانک لاق من غموم و من کرب

کان تامة ترجمہ سو اگر کچہہ بہلائی ہو یا کچہہ آرام ملے تو اسکو غنیمت جان کیونکہ تو آیندہ غمون اور سختیون سے ملنے والا ہی

وقال آخر

احب الارض تسکنها سلیمی	وان کانت توارثها الجدوب

ترجمہ مین اوس زمین کو دوست رکہتا ہون جہان سلیمی رہتی ہی اگرچہ قحط اوس زمین کی وارث اور مالک بنگئی ہین یعنے قحط ہمیشہ بنا رہتا جیسا وارث اپنے ملک مین ہمیشہ مقیم رہتا ہی خلاصہ یہ کہ زمین قحطناک مبغوض ہوتی ہی مگر بسبب معشوقہ کے محبوب ہی۔

وما دهری بحب تراب ارض	ولکن من یحل بها حبیب

الدهر العادة قال ۵ فانی لیس دہری بالفرار ترجمہ اور میری عادت زمین کی مٹی کی دوستی رکہنی کی نہین ہی مگر جو اوس مین بیر فروکش ہی محبوب ہی

اعاذل لو شربت الخمر حتی	یکون لکل انملة دبیب
اذا لعذرتنی و علمت انی	بما اتلفت من مالی مصیب

الدبیب مشی النمل ترجمہ ای ملامتگر نادان عورت اگر تو شراب پیتی اور بسبب نشہ کے یہان تلک تیرا حال ہوجاتا کہ تیری انگلیونکی ہر پور مین بسبب اہتزاز اور دورہ خون کے چیونٹیان سے چلنے لگین تو اوسوقت مجکو مینوشی مین ملامت نکرتے اور مجکو معذور رکھتی اور یہ بات جان لیتے کہ جسقدر مال مینے مینوشی مین صرف کیا ہی اوسمین مین راہپر ہون نہ بیراہ — وقال ابو صعترة البولانی

فما نطفة من حب مزن تقاذفت ... به جنبتا الجودی واللیل دامس

النطفة الماء القلیل الصافی والحزن المطر وحبة البرد وتقاذف تراحی والجنبة الطرف والجودی جبل بالجزیرة والدامس المظلم ترجمہ سو نہین ہی صاف تھوڑا پانی اولے کا جسکو دو طرفون کوہ جودی نے پہینکا ہو ایسے وقت مین کہ شب تاریک ہو۔ اور یہ اسلیے کہا کہ ایسی وقت سردی زیادہ معلوم ہوا کرتی ہی خبر ما کی تیسرے شعر مین ہی —

فلما اقرته اللصاب تنفست ... شمال لاعلی مائه فهو قارس

اللصاب جمع لصب ہو الشعب الصغیر فی الجبل وتنفس الشمال ہب واللام بمعنی علی۔ والقارس بالقاف الجامد ترجمہ سو جبکہ اوس اولی کو جودی کے گہاٹی نے ٹہرایا تو باد شمال اوسکے پاس کے اوپر جانب پر پڑی اسلیے وہ جمگیا —

باطیب من فیها وما ذقت طعمه ... ولکننی فیما تری العین فارس

اطیب خبر ما النافیة والفارس ذو فراسة ترجمہ سو وہ پانی موصوف بچندین اوصاف وسکے منہ یعنی اوسکے آب دہن سے اچھا نہین ہی اور حال یہ ہی کہ مین نے اوسکا مزہ نہین چکہا مگر اوس چیز کو جسکو آنکہہ دیکہتی ہی خوب سمجہنے والا ہون — وقال الحارث بن خالد المخزومی

انی وما نحروا غداة منی ... عند الجمار تؤودها العقل

الواو للقسم وآده بلغ جهده واعیاه۔ وضمیر المونث للموصول من حیث ان المراد به البدن۔ والعقل جمع عقال ترجمہ مین بیشک قسم ہی اون ناقونکی جنکو منی کے صبح کو بوقت جمار ذبح کرتے ہین ایسے حال مین کہ اون ناقونکو سکیلین یعنے پائی بند چلنے سے عاجز کر دیتی ہین۔ ان کی خبر لعرفت چوتھی شعر مین ہی —

لو بدلت اعلی مساکنها ... سفلا واصبح سفلها یعلو

تانیث افضل لاکتسابه التانیث من المضاف الیه ای المساکن ترجمہ اگر محبوبہ کی گہرونکا اوپر کا درجہ نیچے بدل دیا جاوے اور نیچے کا درجہ اوپر ہو جاوے یعنے ہیئت مکانات بدل دیجاوے —

فیکاد یعرفها الخبیر بها ... فیرده الاقواء والمحل

ابو صعترة البولانی

حارث بن خالد

عطف علی بدلت والاقوا خلو الدار عن اہلہا۔ والمحل القحط والکل ماخوذ فی جانب الشر۔ ترجمہ اور یہ امر قریب ہو کہ اون مساکن کو شناخت کرے اونکا واقفکار علامات سے۔ اور گھر ونکا اوجاڑ ہونا اور قحط اوس واقفکار کو شناخت سے روکے۔

لعرفت مغناها لما ضمنت	منی الضلوع لاہلہا قبل

الجملہ جواب لو والکل خبر ان۔ والمغنی المسکن ترجمہ تو مین بیشک اوسکے گھر کو خوب پہچان لونگا گو کیسے ہی صورت بدل جاوی بسبب اوس محبت اور علاقہ اوس گھر کے رہنے والونکی جنکو میرے پہلو چھپائی ہوئے ہین قبل تبدیل صورت کے یا ہمیشہ سے وقال مسلم بن الولید

مریضات اوبات التہادی کانما	تخاف علی احشائہا ان تقطعا

الاوبہ رفع القوائم فی السیر والتہادی المشی بین الرجلین متمائلا ترجمہ وہ عورتین مریض معلوم ہوتی ہین جب دو آدمیون کے سہاری سے خم وچم کے ساتہہ چلتی ہین مگر مریض نہین ہین۔ اور بباعث نزاکت ایسی آہستہ آہستہ چلتے ہین گویا وہ ڈرتی ہین کہ اونکے اعضائی باطنے سرینون کی گرانی سے ٹوٹ نجاوین۔

سیب انسیاب الایم اخضرہ الندی	فرفع من اعطافہ ما ترفعا

السیب الجری علی سرعۃ کالانسیاب۔ الایم بالفتح الحیۃ الرقیقۃ البیضاء۔ واخضرہ بردہ والندی المطر الخفیف۔ والمستکن فی رفع والمجرور فی اعطافہ للایم۔ والاعطاف جمع عطف وہو ما التوی منہ ترجمہ وہ ایسے سست چلتی ہین جیسے سفید سانپ جسکو شبنم اور باران خفیف نے تر اور ٹھنڈا کر دیا ہو اور اوس سانپ نے اپنی کنڈلیون یعنے پیچیدگیون سے چلنے کے لیے اوسقدر کہولا ہو جسقدر او سے ہو سکا یا کہل سکا۔ سانپ بوقت سردی و بارش کے پیشکر بیٹھہ جاتا ہی کیونکہ وہ سردیکی برداشت کم کرسکتا ہی اور سردی سے اوسکی اعضا سُن ہو جاتے ہین پہر اسحالت مین اگر اوسکو ضرورت رفتار کی ہوتی ہی تو وہ کسیقدر اپنے سمٹنے کو کہول کر آہستہ آہستہ چلتا ہی محبوبہ کی آہستہ رفتاری کو رفتار مذکور کے ساتہہ تشبیہ دی ہی وقال آخر

ابت الروادف والثدی لقمصہا	مس البطون وان تمس ظہورا

الثدی بالضم جمع الثدی۔ والقمص جمع القمیص وہو درع المرأۃ۔ ومس البطون مفعول ابت وکذا ان تمس ترجمہ اونکی کلان سرینون اور سخت پستانون نے اونکی کرتون کو شکمون کے چہونے اور کمر ون کے ملنے سے روکدیا ہی یعنے سرین پچہلی جانب سے کرتہ کو کمر سے نہین لگنے دیتی اور پستان اگلی جانب سے اوسکو شکم سے ملنے نہین دیتی الحاصل کلانی سرین وسختی پستان کی تعریف کرتا ہی۔

واذا الریاح مع العشی تناوحت	نبہن حاسدۃ وہجن غیورا

تناوحت الریح اذا ہبت علی التقابل کالجنوب والشمال ومع بمعنی فی ترجمہ اور جبکہ باہم مختلف ہوائین شام کیوقت چلتی ہین اور اونکی

زور سے اونکی کرتی شکم اور کمر سے لگجاتے ہین اور بدن کی خوبصورتی ظاہر ہوجاتی ہی تو وہ ہوائین نفوس حاسدہ کو بیدار اور غیرت مندکی غیرت کو برانگیختہ کرتے ہین کہ کیون اونکے بدنکی خوبی اور ون پر ظاہر ہوئی۔ وقال بکر بن النطاح

بیضاء تسحب من قیام فرعها	وتغیب فیه وهو وحف اسحم

السحب الجر فرع المرأة شعر راسها والوحف الکثیر السواد۔ والاسحم الاشد سنة ترجمہ وہ گوری رنگ والی ہی کہ کہڑے ہونے پر اپنے بالون کو بسبب درازی کے کہینچتی چلتے ہی اور اون بالونمین بسبب اونکی کثرت کے چہپ جاتی ہی حالانکہ وہ سیاہ بہر نگ ہین۔

فکانها فیه نهار ساطع	وکانه لیل علیها مظلم

ترجمہ سو وہ عورت اون سیاہ بالون مین گویا روز روشن ہی اور گویا وہ بال اوس محبوبہ پر شب تاریک ہین۔ وقال مسلم بن الولید

تاملتها مغترة فکانما	رایت بها من سنة البدر مطلعا

اغترہ اتاہ علی غرۃ ای غفلة والسنة الوجہ ترجمہ جبکہ وہ غافل تہی مین نے اوسکو بغور دیکہا سو گویا اوسکے پاس یا اوسکے سبب مین نے چودہوین رات کے چاند کے چہرہ کا مطلع دیکہا یعنے اوسکا چہرہ مثل بدر کے روشن دیکہا۔

اذا ما ملأت العین منها ملأتها	من الدمع حتی انزف الدمع اجمعا

ملاءها مین اذا راہ نظر امشبعا۔ ونزف الماء اخرجہ کلہ ترجمہ جبکہ مین اوسکو سیری یعنے آنکہ بہر دیکہتا ہون تو اپنی آنکہ کو اشک سے بہر لیتا ہون اور اتنا روتا ہون کہ ساری اشک نکال ڈالتا ہون۔ وقال کثیر بن عبد الرحمن کثیر مصغر الخزاعی وکان یہوی عزة بنت حمید الغفاریة الحاجبیة والحاجبیة نسبة الی حاجب ابن غفار۔

وددت وما تغنی الودادة انني	بما فی ضمیر الحاجبیة عالم

ترجمہ مین پسند کرتا ہون اوس بات کو جو عزہ حاجبیہ کے دل مین میری دوستی اور دشمنی کے معاملہ مین ہی جاننے والا ہون مگر یہ جاننا مجہہ مفید نہین ہی۔

فان کان خیرا سرنی وعلمته	وان کان شرا لم تلمنی اللوائم

ترجمہ سو اگر عزہ کے دل مین میری بہلائی ہی تو یہ امر مجکو خوش کریگا اور اسکو بہتر سمجہونگا اور اگر برائی ہی تو محبوبہ کے چہوڑ دینے مین ملامت گر عورتین مجکو ملامت نکرینگے۔

وما ذکرتک النفس الا تفرقت	فریقین منها عاذر لی ولائم

ترجمہ اور تجکو ای محبوبہ میرا دل یاد نہین کرتا مگر کہ وہ دل دو فریق مختلف ہوجاتا ہی ایک فریق تو اوسمین کا مجکو تیری محبت مین معذور

کرتا ہی اور ایک فریق اس باب مین مجکو ملامت کرتا ہی—

فریق ابی ان یقبل الضیم عنوۃ　　واٰخر منہا قابل الضیم راغم

ترجمہ میرے دل کا ایک حصہ زبردستی ظلم کے قبول کرنیسے انکار کرتا ہی اور اوسکا دوسرا حصہ تیرے ظلم کو بخوشی قبول کرنیوالا اور ذلت پسند کرنیوالا ہوتا ہی خلاصہ یہ کہ میرا دل تیرے عشق مین مجکو کبھی ملامت کرتا ہی اور کبھی معذور رکھتا ہی— **وقال ایضاً**

وانت التی حببت شغبا الی بدا　　الیّ واوطانی بلاد سواہما

شغب و بدا کلاہما موضعان ترجمہ ای محبوبہ تو وہ ہی کہ موضع شغب سے لیکر موضع بدا تک تو نے مجکو پیارا کر دیا اور حال یہ ہی کہ میرے وطن ان دونوں موضعون کے سوا اور شہر ہین یعنے یہ دونون مقامات چونکہ تیری اقامت کی جگہہ ہین مجکو محبوب ہو گئی ہین اگرچہ میرے وطن نہین ہین—

اذا ذرفت عیناے اعتل بالقذی　　وعزۃ لو یدری الطبیب قذاہما

ترجمہ جبکہ میری دونون آنکھین بہنے لگتی ہین تو مین کنک کا بہانہ کرتا ہون یعنے یہ کہنے لگتا ہون کہ میری آنکھہ مین کنک گر گیا ہی اسلیے آنسو نکل آئے اور حقیقت مین اون دو آنکھونکی کنک مسماۃ عزہ ہی کاش یہ امر طبیب معلوم کر لے اور بیفائدہ علاج نکرے—

وکنت اذا ما جئت سعدی بارضہا　　باخری فطاب الوادیان کلاہما

ترجمہ اور عزہ کبھی اس نالہ او میدان مین جا اوترتی ہے پھر دوسرے بقعہ مین صبح کرتی ہی تو اوسکے سبب دونون میدان سے بہلے معلوم ہونے لگتے ہین—

فلو تذریان الدمع منذ استہلتا　　علی اثر جازی نعمۃ لجزاہما

اذری الشئ اطارہ وما زائدۃ او موکدۃ للقلۃ استفادۃ من تنکیر نعمۃ ترجمہ سو اگر میری دونون آنکھین جب سے اونہون نے بہنا شروع کیا ہی یعنے عزہ کے عشق مین آنسو بہاتین ایسے شخص کے پیچھے جو کچھہ بخشتا ہی تو وہ اون دونون کو کچھہ ضرور بخشتا مگر وہ ایسے ناقدردان کے لیے روتین جو کچھہ دینا نہین جانتی— **وقال نصیب** ہو کثیر بن رباح مولی عبد العزیز بن مروان یکنی ابا المحجن—

لقد ہتفت فی جنح لیل حمامۃ　　علی فنن وہنا وانی لنائم

الہتف صوت الحمامۃ— والجنح بالکسر طائفۃ من اللیل والفنن محرکۃ الغصن— والوہن نصف اللیل او بعد ساعۃ منہ ترجمہ بیشک نصف شب مین یا اوسکے کچھہ بعد ایک شاخ پر قمری یا فاختہ بولی اور مین اوسوقت سونیوالا تہا—

فقلت اعتذارا عند ذاک واننی　　لنفسی مما قد رایت للائم
ازعم انی ہائم ذو صبابۃ　　لسعدی ولا ابکی وتبکی البہائم

ترجمہ سو مین نے اوسوقت کہا جبکہ مین عذر بیان کرتا تہا اور اپنے تئین اوس معاملہ پر جسکو دیکہا ملامت کرنیوالا تہا کہ کیا مین خیال کرتا ہون کہ سعدی کے عشق

كذبتُ وبيتِ الله لو كنتُ عاشقاً | لما سبقتني بالبكاء الحمائمُ

ترجمہ کعبہ شریف کی قسم مین جھوٹ بولا اگر مین عاشق صادق ہوتا تو قمریان رونیمین مجھسے نہ سبقت لیجاتین ۔ **وقال ابو حیة النمیری**

اراك الله نقبك في السلامي | على من بالحنين تعوّلينا

ارار الله نقبه اي مخه وهو كناية عن التهيّر دعاء عليه - وكاف الخطاب مكسورة والسلامي عظم في فرسن البعير والفرسن للبعير كالحافر للدابة، وخصه بالذكر لانه يبقى فيه المخ عند الهزال ترجمہ اپنے ناقہ کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ خدا تعالی تیری پانو کی ہڈی کی مغز کو گھلادے یعنے نہایت دبلی کردے تو کسپر پکار پکار رو رہی ہی ۔

فاني مثلُ ما تجدين وجدي | ولكني أُسرّ وتُعلنينا

ما مصدرية - والوجد شدة الحزن ترجمہ کیونکہ میرا غم بیشک تیرے غم کی مانند ہی مگر مین اوسکو چھپاتا ہون اور تو ظاہر کرتی ہی ۔

وبي مثلُ الذي بكِ غير اني | أُجلّ عن العقال وتعقلينا

ترجمہ اور میرے پاس تیری مانند غم وشوق ہی مگر مین پانو بند اور سکیل سے بچا ہوا ہون اور تیری پانو بند لگایا جاتا ہی **وقال آخر**

وما ابى الا جماحا فؤادُهٗ | ولم يسلُ عن ليلى بمال ولا اهل
تسلّى باخرى غيرها فاذا التي | تسلّى بها تغري بليلى ولا تُسلي

فرس جموح اذا كان غير منقاد - واذ للمفاجاة - واغراه به حمله عليه - واسلاه عنه انساه اياه ترجمہ اور جبکہ عاشق کے دل نے سوای سرکشی کے سب چیزون کا انکار کیا ۔ اور بسبب شغل اپنی مال اور اہل کے لیلی کو نہ بھولا تو اوسنے سوائے لیلی کے کسی دوسری معشوقہ سے دل بہلایا سو ناگاہ کیا دیکھتا ہی کہ وہ معشوقہ تازہ جس سے دل بہلایا تہا لیلی کیطرف برانگیختہ کرتی ہی کیونکہ اوسمین لیلی کے سی عادات ہین اور لیلی کو نہیں بہلاتی

وقال كُثيّر

عجبتُ لبرئي منكِ يا عزّ بعد ما | عمرتُ زمانا منكِ غير صحيح

ترجمہ اے عزہ مین تعجب کرتا ہون اپنے اچھے ہونے پر تیری محبت کے مرض سے اسکے بعد کہ ایک عرصہ تلک تیری سبب بیمار رہا یعنی تعجب ہی کہ یہ کہنہ مرض کیونکر اچھا ہوگیا ۔

فان كان برءُ النفس لي منكِ راحةً | فقد برئت ان كان ذاك مريحي

المريح من اراحه اذا اعطاه الراحة ترجمہ سو اگر میرے جی کا تیری محبت سے اچھا ہونا میرے لیے سبب راحت ہی تو میرا جی اچھا ہوگیا اگر یہ اچھا ہونا مجکو چین دے تو عمدہ بات ہی مگر حصول چین عاشق کے لیے ناممکن ہی ۔

تجلّى غطاء الرأس عني ولم يكد ‏ ‏ عطاء فؤادي ينجلي لسريحِ

عني انغطاء الرأس سواده وتجلی عنہ انکشف وتفرق والسریح الامر السھل ترجمہ میری سر کے بالونکی سیاہی جاتی رہی اور یہ امر قریب الامکان نہین ہے کہ میرے دلپر جو عشق کا پردہ پڑا ہوا ہے وہ بآسانی کھلجاوے۔

وقال عروة بن اذينة

الفان تعنيهما البين فرقته ‏ ‏ ولا يملان طول الدهر لجتمعا

م الالف بالکسر الالیف والبین یراد بہ الوصل والجار والمجرور متعلق بالشان وعناہ الامر اہمہ والفرقۃ الانقطاع والجرور للبین وملہ وبل سنہ اذا کرہ وطول الدہر مفعول الملال ترجمہ وہ دونون وصل سے مالوف ہین اونکو انقطاع وصل یعنے فراق رنج مین ڈالتا ہے اور وہ دونون عمر بھر جبتلک ایک جا مجتمع ہین ایک دوسرے سے ملول نہین ہوتے۔

مستقبلان نشاء من شبابهما ‏ ‏ اذا دعاه عروة داعي الهوى سمعا

النشاص بالنون والمعجمۃ فالمہملۃ کسحاب لفظا ومعنی ترجمہ دونون اپنی جوانیکے ابرکے سامنے آنیوالی ہین یعنے نوجوان ہین جبکہ طالب عشق اونکو پکارتا ہے تو وہ دونون اوسکی سنتے ہین یعنے عاشقانہ مزاج رکھتے ہین۔

لا يعجبان بقول الناس عن عرض ‏ ‏ ويعجبان بما قالا وما صنعا

اعجبہ سرہ وکلا الفعلین مجہول والعرض بضمتین الجانب والجار والمجرور متعلق بالقول ترجمہ وہ دونون لوگونکی باتونسے جو اشارہ اور کنایہ سے کہی جاوین خوش نہین کیے جاتے ہین ہان اون باتونسے جو وہ باہم کرتے ہین اور کہتے ہین راضی کیے جاتے ہین یعنے وہ آپسمین ایسے مالوف ہین کہ اپنی آپسکی باتونسے خوش ہوتی ہین اور دنکی باتونکو پسند نہین کرتے۔

وقال آخر

ولما بدا للمناء ميل مع العدى ‏ ‏ سواي ولم يحدث سواك بديل

ترجمہ اور جبکہ تیری رغبت مجھے سوا میری دشمنونکی طرف ظاہر ہوئی اور مجکو تیرے سوا تیرا بدل اور نظیر نہ ملسکا۔

صددت كما صدّ الرمي تطاولت ‏ ‏ به مدة الايام وهو قتيل

صد عنہ صدودا اعرض عنہ لازم والکاف جواب لما والرمی المرمی وتطاولت حال اونعت ترجمہ تو مین نے تجھسے ایسا اعراض کیا جیسا شکار تیر خوردہ کہ اوسکو زخمی ہوئے ایک عرصہ گزر گیا ہو اور وہ قریب ہلاکت ہو شکاری سے اعراض کرتا ہے کہ اوسکا اعراض اوسکو مفید نہین ہوتا۔

وقال آخر

احبك اصناف من الحب فانت بخيلة ‏ ‏ وقد زعموا الا يحب بخيل

ترجمہ کیا ہاں تجکو دوست رکھون تو بھی دوستی سے اوسحال یہ ہے کہ تو وصل مین بخیل ہے اور لوگ خیال کرتے ہین کہ بخیل محبوب نہین ہوتا۔

عروة بن اذينة

آخر

وَيُشْفَى الْهَوَى بِالنَّيْلِ وَهُوَ قَلِيلُ	بَلَى وَالَّذِي حَجَّ الْمُلَبُّونَ بَيْتَهُ

کلمہ بلے ایجاب للنفی المستفاد من الهمزة الانکاریة والواو للقسم والمقسم علیہ محذوف ای انی احبک والحج القصد ولبی الرجل اذا قال لبیک ویشفے مجہول معطوف علے المقسم علیہ المحذوف والنیل الوصول ترجمہ کیون نہین بیشک مین تجکو دوست رکہتا ہون قسم ہے اوس ذات پاک کی جسکے گہر کا لبیک کہنے والے قصد کرتے ہین اور میرے مرض محبت کو تیری پاس پہونچنے سے شفا حاصل ہوتی ہے مگر وہ پہونچنا کم نصیب ہوتا ہے۔

اِلَيْكِ كَمَا بِالْحَائِمَاتِ غَلِيلُ	وَاِنَّ بِنَا لَوْ تَعْلَمِينَ لَغُلَّةً

لو بمعنے لیت والغلة العطش کالغلیل والحائم الطیر العطشان الذی یدور حول الماء ترجمہ اور بیشک ہمکو تیری دیدار کی تشنگی ہے جیسے تشنگی پرندونکو جو پانی کے گرد گہومنے والے ہین ہوتی ہے کاش یہ امر تو جان لے

وقال آخر

تَنَاءٍ وَلَا يَشْفِيكَ طُولُ تَلَاقِ	اِذَا كُنْتَ لَا يُسْلِيكَ عَمَّنْ تَوَدُّهُ
لِمُهْجَةِ نَفْسٍ آذَنَتْ بِفِرَاقِ	فَهَلْ اَنْتَ اِلَّا مُسْتَعِيرٌ حُشَاشَةً

الحشاشة بقیة الروح فی المریض والمہجة الروح واذن به اخبر به ترجمہ جبکہ تو ایسی حالت مین غایت عشق سے ہو کہ تجکو جدائی محبوب کی تسلی نہ دے اور اوسکو نہ بہلادے اور نہ دیر مین ملنا یا دیر تلک ملاقات ہونا تجکو مرض عشق سے شفا دے سو ایسے حال مین تو نہین ہے مگر بقیہ روح کا مانگنے والا اوس جان کے لیے جسنے اپنی جدا ہونیکی خبر دیدی ہے یعنے ایسی صورت مین تیری زندگی چند روزہ ہے

وقال عبد الله الدمینة الخثعمی

لَقَدْ زَادَنِي مَسْرَاكِ وَجْدًا عَلَى وَجْدِ	اَلَا يَا صَبَا نَجْدٍ مَتَى هِجْتِ مِنْ نَجْدِ

ترجمہ ای نجد کی صبا تو نجد سے کب چلی تہی بیشک تیرے چلنے نے مجہپر عشق کی تہین چڑہا دین

عَلَى فَنَنٍ غَضِّ النَّبَاتِ مِنَ الرَّنْدِ	اَاَنْ هَتَفَتْ وَرْقَاءُ فِي رَوْنَقِ الضُّحَى
جَلِيدًا وَاَبْدَيْتَ الَّذِي لَمْ تَكُنْ تُبْدِي	بَكَيْتَ كَمَا يَبْكِي الْوَلِيدُ وَلَمْ تَكُنْ

ان بتقدیر اللام والتہتف صوت الحمامة والورقاء الحمامة من الصفات الغالبة من الورقة وهو السواد المائل الی البیاض والرونق الضوء والفنن الغصن والغض الطری الناعم والرند شجر طیب الرائحة ترجمہ اپکو خطاب کرکے کہتا ہے کہ کیا اسلیے کہ فاختہ چاشت کی روشنی مین درخت رند کی تر و نرم شاخ پر بولی تو ایسا رو دیا جیسا بچہ روتا ہے اور کہہ دل کا مضبوط نرہا اور وہ اضطراب تو نے ظاہر کیا جو پہلے کبہی ظاہر نکرتا تہا۔

يُمِلُّ وَاَنَّ النَّأْيَ يَشْفِي مِنَ الْوَجْدِ	وَقَدْ زَعَمُوا اَنَّ الْمُحِبَّ اِذَا دَنَا

عبد اللہ الدمینہ الخثعمی

مرحوم

ترجمہ اور بیشک لوگون نے خیال کیاہی کہ جب عاشق معشوق کے پاس رہتاہی تو اوسکا جی بہر جاتاہی اور یہ کہ فراق عشق کی دارو شفابخش ہی

بکلٍ تداوینا فلم یشف ما بنا	علےٰ ان قرب الدار خیرٌ من البعدِ

ترجمہ ہر ایک وصال و فراق سے ہمنے اپنا علاج کیا سو کسینے ہمارے مرض کو شفا ندی تاہم محبوب کے گہر کا پاس ہونا دور ہونیسے بہتر ہی۔

علےٰ ان قرب الدار لیس بنافع	اذا کان من تہواہ لیس بذی عہد

ترجمہ علاوہ ازین محبوب کے گہر کا پاس ہونا کچہہ مفید نہین ہوتا جبکہ تیرا محبوب ملنسار نہو وقال آخر عہد بہ لقیہ

اذا ما شئت ان تسلےٰ خلیلا	فاکثر دونہ عدد اللیالی

ترجمہ جبکہ تو کسی دوست کا بہولنا چاہی تو اوسکی جدائی مین بہت سی راتین گزار آخر کو بہول جاویگا۔

فما سلّےٰ خلیلک مثل ناءٍ	ولا بلّی جدیدک کابتذال

ترجمہ سو تیرے دوست کو کوئی چیز مثل فراق کے نہین بہلاتی اور تیری نئی کپڑونکو کوئی چیز مثل کثرت استعمال کے کہنہ نہین کرتی وقال آخر

الا طرقتنا آخر اللیل زینبُ	علیک سلامٌ ہل لما فات مطلبُ

ترجمہ ای مخاطب سن آخر شب مین زینب ہمارے پاس آئی اور سلام کیا ہمنے کہا تجہپر سلام کیا اون اوقات وصال کے لیے جو جاتی رہی کوئی تلاش کے جگہہ ہی

وقالت تجنبنا ولا تقربنّنا	وکیف وانتم حاجتی اتجنبُ

ترجمہ اور اوسنے کہا کہ ہمسے الگ رہو اور ہمارے پاس مت آئیو مین نے جواب دیا کہ کیونکر مین تمسے الگ ہون حالانکہ تم میری آرزو و مراد ہو۔

یقولون ہل بعد الثلاثین ملعبُ	فقلت وہل قبل الثلاثین ملعبُ

ترجمہ لوگ مجکو کہتے ہین کہ کیا بعد تیس برسکی عمر کے کہیل کود کا موقع ہی سو مین نے کہا کہ کیا تیس برسکے پہلے کہیل کود کا موقع ہی یعنی مین نے اونسے کہا کہ عشق بازی کا وقت تیس برسکی عمر کے بعد ہی اوس سے پہلے نہین ہی بلکہ بچون کا کہیل ہی۔

لقد جلّ خطب الشیب ان کان کلما	بدت شیبۃٌ یعریٰ من اللہو مرکبُ

ترجمہ بڑہاپی کا حادثہ بیشک بڑا ہوتا اگر یہ امر ہوتا کہ جب کچہہ بہی بڑہاپا ظاہر ہو تو لہو و لعب کی سواری ننگی پیٹہہ ہو جاوی اور بیکار بنجاوی سو صد شکر کہ ایسا حال نہین ہی پس سیر اکہیل بعد بڑہاپے کے کیون معیوب ہو۔ وقال کثیر

وادنیتنی حتےٰ اذا ما ملکتنی	بقولٍ یحل العصم سہل الاباطح
تناہیت عنی حین لا لی حیلۃٌ	وغادرت ما غادرت بین الجوانح

ملکہ قبض علیہ واحلہ نزلہ والاعصم من الوعول مافی ذراعیہ اوفی احدہما بیاض وسائرہ احمر اواسود والابطح مسیل الوادی وخص العصم لما انہا اوحش الحیوانات وتناہی عنہ تباعد وتغادر ترک والجوانح الضلوع **ترجمہ** اور تونے مجکو اپنے پاس بٹھایا یہانتک کہ جب تو تے ایسے شیرین اور نرم کلام سے جو کوہی بکرونکو باوجود انکی اسقدر سخت وحشت کی پہاڑونکی چوٹیون سے میدانکی کہالوئین اوتار لاوی مجہپر قبضہ کرلیا تو مجہسے دور بہاگی ایسے وقت مین کہ مجکو اپنی رہائی کی کوئی تدبیر نہ تہی تونے میری پسلیونمین ایسا بیچینی کا مادہ چہوڑدیا جسکا مین بیان نہین کرسکتا۔ **وقال آخر**

تعرضن مرمی الصید ثم رمیننا ۔۔۔ من النبل لا بالطائشات الخواطف

الطائش من السہام ما یخطئ الہدف والخاطف الخاطی **ترجمہ** زنان خوبرو ایک تیر دی پر ہمارے آگے آئین پہر اونہون نے ہمپر نشانیکے سچے تیر مارے نہ بہکنے والے اور نشانہ سے خطا کرنیوالی تیرونسے مراد نگاہ کے تیر ہین۔

ضعائف یقتلن الرجال بلا دم ۔۔۔ فیا عجبا للقاتلات الضعائف

ترجمہ وہ دیکہنے مین ناتوان اور نازک ہین کہ مردون کو بے اسکے کہ اونکا ایک قطرہ خون نکلے مار ڈالتی ہین۔ ای لوگو تعجب کرو ناتوان قتل کرنیوالیون سے یعنے تعجب ہی کہ خود ناتوان ہین اور زبردستونکو قتل کرتے ہین۔

وللعین ملہی فی التلاد ولم یقد ۔۔۔ ہوی النفس شیئا کاقتیاد الطرائف

التلاد جمع تلید وہو المال القدیم والطرائف جمع طریف وہو المال الجدید **ترجمہ** آنکہہ کو مال قدیم کے دیکہنے کا شغل ہی مگر خواہش نفس کو کوئی چیز ایسے نہین کہینچتی جیسا مال جدید کہینچتا ہی کیونکہ ہر جدید لذیذ ہوتا ہی۔ **وقال آخر** ہو مجنون عامر حین زوجوا لیلی برجل ملیء بثقیف واخفوا امرہا عن المجنون فلما بلغہ شیئ من خبر قال

لئن کان یہدی برد انیابہا العلی ۔۔۔ لافقر منی انّنی لفقیر

یہدی مجہول من اہداہ اذا اتحفہ او من اہداہا الی زوجہا اذا زفت الیہ والبرد البریق واراد بالفقر الکامل من الفقر والحاجۃ **ترجمہ** بخدا اگر اوسکی اوپر کے دانتونکی چمک مجہسی زیادہ محتاج کیطرف بہیجی جاوی تو مین اوس سی زیادہ حقدار ہون کیونکہ مین فقیر کامل ہون۔

فما اکثر الاخبار ان قد تزوجت ۔۔۔ فہل یاتینی بالطلاق بشیر

ترجمہ اس امر کی خبرین کہ اوسنے نکاح کرلیا کس کثرت سی آتی ہین سو کیا کوئی طلاق کی خوشخبری دینے والا بہی میری پاس آویگا۔ **وقال آخر**

یقر بعینی ان اری رملۃ الغضا ۔۔۔ اذا ما بدت یوما لعینی قلالہا

یقرہ من اقرہ والباء زائدۃ ادخلت علی المفعول او من قر والباء للتعدیۃ والغضا اسم واد بنجد والقلۃ فی الاصل راس الجبل واستعیر لراس الرملۃ والضمیر المجرور للرملۃ **ترجمہ** دیکہنا ریگ تو وہ مقام غضا کا میری آنکہہ کی خشکی کا سبب ہی جبکہ کسے روز میری آنکہہ کو اوس ریگ

تو وہ کے چوٹیان معلوم ہونے لگتی ہین۔ یعنے اوسکی چوٹیان دیکھکر اوس تودہ کے دیکھنے کو دل چاہنے لگتا ہے۔

ولست وان احببت من یسکن الغضا ۔۔۔ باول راج حاجۃ لا ینالھا

ترجمہ مین اگرچہ مقام غضا کی باشندہ کو دوست رکھتا ہون اور بسبب عداوۃ قوم کے وہان جا نہین سکتا ہون مگر باوجود اسکے مین اول امیدوار کسی حاجۃ کا جو اوس تلک نہ پہونچا ہو نہین ہون بلکہ مجھسے پہلے بہت سے عشاق ناکام رہے ہین وقال آخر

سلی البانۃ الغیناء بالاجرع الذی ۔۔۔ بہ البان ھل حییت اطلال دارک

البان نوع من الشجر واحدہ بانۃ والغیناء بالمعجمۃ الخضراء والاجرع من الاماکن السھل المختلط بالرمل ترجمہ ای محبوبہ بان کے سبز درخت سے جو اوس ریتلی زمین مین ہے جہان بان کے درخت جمتے ہین پوچھ کہ کیا مین نے تیری گھر کے کھنڈرون سے علیک سلیک کی اور دوستیون کا حق ادا کیا یا نہین ــــ

وھل قمت فی اطلالھن عشیۃ ۔۔۔ مقام اخی البأساء واخترت ذلک

ترجمہ اور یہ بھی پوچھ کہ کیا مین اون گھرونکی کھنڈرونمین شام کیوقت مغموم کا سا کھڑا ہونا کھڑا ہوا اور مین نے اوس کھڑے ہونیکو پسند کیا

وھل ھملت عینای فی الدار غدوۃ ۔۔۔ بدمع کنظم اللؤلؤ المتھالک

ترجمہ اور کیا میری آنکھین اوس گھر مین بوقت صبح ایسے آنسو دونسے بہین جو متواتر گرنے مین مثل موتی کی لڑی کے ہین جسکا دھاگا ٹوٹ گیا ہو اور موتی لگاتار گرتے ہون۔

اری الناس یرجون الربیع وانما ۔۔۔ ربیعی الذی ارجو نوال وصالک

ترجمہ مین لوگون کو دیکھتا ہون کہ وہ بہار اور سبزے کی امید کرتی ہین اور وہ بہار اور سبزہ جسکی مین امید کرتا ہون وہ تیری وصال کی بخشش ہے

اری الناس یخشون السنین وانما ۔۔۔ سنی التی اخشی صروف احتمالک

الصروف المصائب والاحتمال حمل الرحال علے الابل والمراد الارتحال ترجمہ مین لوگون کو دیکھتا ہون کہ وہ قحطون سے ڈرتے ہین اور مین جن قحطون سے ڈرتا ہون وہ مصائب تیری کوچ اور جدائی کے ہین۔

لئن ساءنی ان نلتنی بمساءۃ ۔۔۔ لقد سرنی انی خطرت ببالک

نالہ اصابہ ترجمہ بخدا اگر مجکو اس امر نے غمگین کیا کہ تونے مجکو برائی پہونچائی تو بیشک مجکو اس بات نے خوش کیا کہ مین تیری دلمین تو گزرا۔

لیھنک امساکی بکفی علی الحشا ۔۔۔ ورقراق دمعی رھبۃ من زیالک

الرقراق صب الدمع - والزیال الفراق ترجمہ مجکو میرا اماتہ اپنی کلیجہ پر رہنا بسبب شدۂ خفقان وخوف اشتیاق صدر مبارکہا اور میری آنکہ کا بہنا تیرے فراق کے خوف سے کیونکہ یہ دونون تیری دلی مراد ہین۔

وقال اخر

تمتع بہا ما ساعفتك ولا تكن ۔۔۔ علیك شجا فی الحلق حین تبین

ترجمہ محبوبہ سے منتفع ہو جب تلک تجہسے موافق رہے اور جبکہ وہ تجہسے جدا ہو تو وہ تیری لیے گلے مین اٹکی ہوئی ہڈی نہو یعنے اوسکا فراق باعث تکلیف شدید نہو نا چاہیے خلاصہ یہ کہ معشوقونکی عہدشکنی اور بیوفائی کا ذکر کرتا ہے اور کہتا ہے کہ اونکی گلے کا ہار نہو نا چاہیے کیونکہ یہ قوم ہرجائی ہوتی ہے۔

وان ہی اعطتك اللیان فانہا ۔۔۔ لاخر من خلانہا ستلین

اللیان بالفتح مصدر لان یلین - واعطاہ اللیان لان لہ واطاعہ ترجمہ اور وہ اگر تجہسے نرم خوئی برتے تو اس بات پر فریفتہ مت ہو کیونکہ وہ عنقریب تیری سوا اپنی اور دوستون سے موافقت کریگی یعنے ہرجائی ہے۔

وان حلفت لا ینقض النأی عہدہا ۔۔۔ فلیس لمخضوب البنان یمین

ترجمہ اور اگر وہ قسم کہائے کہ میرے قول کو فراق نہ توڑیگا تو اسکا اعتبار مت کر کیونکہ رنگین انگلیون والیون یعنے عورتونکی قسم قابل اعتبار نہین۔

وقال آخر وقیل ہو عطیۃ بن مرداس

قلیلۃ لحم الناظرین یزینہا ۔۔۔ شباب ومخفوض من العیش بارد

الناظران عرقان فی مدمع العینین واذا کان اللحم علیہما یکون عرض فی الوجہ وہو عندہم غیر محمود فالمراد بقلۃ لحمہا اسالۃ الخد ترجمہ اوسکی رگہائے چشم کم گوشت ہین یعنے اوسکا چہرہ چوڑا نہین بلکہ کتابی ہے جسکو چڑہتی جوانی عمدہ اور خنک عیش زینت دیتے ہین یعنے وہ نرم اندام و پُر گوشت ہے نہ سوکہی۔

ارادت لتنتاش الرواق فلم تقم ۔۔۔ الیہ ولکن طأطأتہ الولائد

الانتیاش التناول والرواق ستارۃ البیت والطأطأۃ خفض الراس وکنی بہ عن الطاعۃ ترجمہ اوسنے پردۂ در یا چلمن کے پکڑنیکا ارادہ کیا مگر بسبب نزاکت وکثرت خدام یہ کام آپ نہین کیا اور اوسکی چہوکریون نے اوسکی اطاعت کرکے بردہ اوٹہا دیا خلاصہ تعریف نزاکت وکثرت خدام سے

تناہی الی لہو الحدیث کانہا ۔۔۔ اخو سقطۃ قد سلمتہ العوائد

السقطۃ مرۃ من سقط علی الارض وفی الاغانی اخو سقم ترجمہ وہ کہیل کود کی باتون کی طرف سخت راغب و مائل ہے اور اپنے کام آپ نہین کرتی بلکہ خادمہ کرتی ہین گویا وہ زمین پر گری ہوئی چیز یا سخت بیمار ہے کہ اوسکو بیمارداروں نے چہوڑ دیا ہے تعریف تن آسانی و آرام طلبی کی کرتا ہے۔

وقال توبة بن الحمير حمیر بصغر ابن حزم العقیلی الخفاجی کان یہوی لیلی الاخیلیة وبنوالاخیل لبطن من عقیل۔

ولو ان لیلی الاخیلیة سلمت … علی ودونی تربة وصفائح
لسلمت تسلیم البشاشة او زقا … الیہا صدی من جانب القبر صائح

دون بمعنے القدام۔ وزقا الصدی صاح۔ والصدی علی زعم الجاہلیة طائر یخرج من راس المیت اذا بلی عظامہ ترجمہ اور اگر لیلی خیلیہ مجکو ایسے حال مین سلام کرے کہ میرے آگے مٹی اور چوڑی سلین ہون یعنے قبر مین مدفون ہون تو مین بیشک اوسکو جواب سلام بخوشی دون یا اوسکی طرف میری قبر کیطرف سے ایک جانور بولنے والا جو مردہ کے منہ سر مین سے نکلا کرتا ہی آواز دی۔ کہتے ہین کہ لیلی توبہ کی قبر پر گزری اور اوسکو سلام کیا اور کہا کہ کیون جواب نہین دیتا اور اوسکی قبر کے پاس ایک الو رہتا تہا اوسکی آواز سنکر اور شتر کو دیکھکر وہان سے اوڑا لیلی بباعث خیال جاہلیة یہ سمجھی کہ یہ صدی ہی کہ اوسکی قبر مین سے نکلا سو اوسیوقت ڈر کر مر گئی۔

واغبط من لیلی بما لا انالہ … الا کلما قرت بہ العین صالح

ترجمہ مین لیلی کے معاملہ مین ایسی چیز پر حسد کیا جاتا ہون جسکو مین پہونچ نہین سکتا سن وہ ہر چیز کہ جس سی آنکہہ خنک ہو اور اوسکو بہا دی وہ اچہی پیاری ہی یعنے لوگ مجہپر صرف اس بات سے حسد کرتے ہین کہ لیلی کے ساتہہ میرا مذکور ہوتا ہی باوجودیکہ مین اوسکی وصال سے محروم ہون پہر کہتا ہی کہ میرا اوسکی ساتہہ مذکور ہونا ہی غنیمت اور باعث خنکی چشم ہی۔

وقال آخر

فان تمنعوا لیلی وحسن حدیثہا … فلن تمنعوا منی البکا والقوافیا

ترجمہ سو اگر تم لوگ لیلی کو اور اوسکی اچہی بات کو مجہسے روک سکتی ہو تو میری رونے اور اشعار خوانیکو مجہسے روک نہین سکتے ہو۔

فہلا منعتم اذ منعتم حدیثہا … خیالا یوافینی علی النای ہادیا

وافاہ اتاہ والہادی المہتدی ترجمہ جبکہ تمنے اوس سے میری بات کرنیکو روک دیا تو کیون نہین روکا اوسکے خیال و تصور کو جو باوجود اسقدر دوری کی سیدہا میرے پاس آتا ہی یعنے اسپر تمکو قدرت نہین ہی۔

وقال نصیب قیل انما المجنون عامر لما زوجت لیلی برجل من ثقیف و اراد اہلہا ان یرسلوہا معہ وبلغہ الخبر انشد۔

کان القلب لیلة قیل یغدی … بلیلی العامریة او یراح
قطاة عزہا شرک فباتت … تجاذبہ وقد علق الجناح

عزہ غلبہ والشرک محرکة حبائل الصید وما ینصب للصید الطیر ترجمہ گویا میرا دل اوس رات کو جسمین کہا گیا کہ لیلی جو بنی عامر مین سے ہی صبحکو روانہ کیجاوگی

یا شام کو پرندہ قطا کی ایک مادہ تھی جسپر پھاندیا جال کی رسیان غالب آگئین یعنے اومین پھنسگئے سو رات بھر پھاندکو کھینچے گئے ایسے حال مین کہ اوسکی بازو اوسمین پھنسگئے تھے اور نجات غیر ممکن تھی۔

لها فرخان قد تركا بوكر	فعشهما تصفقه الرياح

ترجمہ اوس قطاۃ کی مانند جسکے دو بچے ہون جو گھونسلے مین بسبب عدم طاقت پرواز چہوڑی گئی ہون سو اونکو گھونسلے کو ہوائین ہلاتی ہون۔

اذا سمعا هبوب الريح نصّا	وقد اودى به القدر المتاح

نصا ای نصبا عنا قهما ترجمہ جبکہ وہ بچے ہوا کے چلنے کی آواز سنین تو گردنین اوٹھاتی ہین یعنے اس خیال سے کہ اونکی مان اونکے لیے چوگا لائی اور حال یہ ہے کہ اونمین سے ہر ایک کو مقدر تقدیر نے ہلاک کر دیا بسبب گرفتاری اونکی مان کے۔

فلا في الليل نالت ما ترجّي	ولا في الصبح كان لها براح

ترجمہ سو وہ قطاۃ نہ رات کو اپنی امید کو پہونچیگی اور نہ صبح کو اوسکے لیے نجات ہوگی۔ الحاصل اوس رات میری دل کا حال اضطراب کے شدت مین اوس قطاۃ کی موافق تہا جسکے حالات مذکور ہوئے۔ وقال ابو حية النميري

رمتني وستر الله بيني وبينها	ونحن باكناف الحجاز رميم

اراد بستر الله الاسلام وقيل الشيب ورميم علم امرءة كان يهواها ترجمہ مسماۃ رمیم نے میری تیر نگاہ مارا ایسے وقت مین کہ اسلام یا عالم پیری مجہہ مین اور اوس مین درمیان سے مانع تہا اور ہم اطراف حجاز مین تہے۔

فلو انها لما رمتني رميتها	ولكن عهدي بالنضال قديم

جواب لو محذوف - وعهد بمعرفة ولقية والنضال المراماة وارا وبالقديم البعيد ترجمہ سو اوسنے جب میری تیر نگاہ مارا مین بہی اوسکو تیر مارتا تو بدلا اوتر جاتا مگر میری عورتون سے تیر اندازی کی مشق پرانی ہوگئی ہی بسبب پیرانہ سالی کے اسلیے مین تیر مار نہ سکا۔ وقال آخر

أسجنًا وقيدًا واشتياقًا وغربةً	ونأى حبيبٍ انّ ذا لعظيم

السجن الحبس والقيد مالفم العقد من الخلف - والهمزة للانكار والاستبعاد ترجمہ کیا مین قید اور بیڑیون بند ہوا نی اور اشتیاق اور بعید الوطنی اور دوست کے دوری اختیار کرون یہ سب باتین بیشک بہت سخت اور بڑا امر ہے۔

وانّ امرءً دامت مواثيق عهده	على مثل ما قاسيته لكريم

ترجمہ اور بیشک وہ شخص کہ اوسکی عہد کی استواریان باوجود اسقدر سیر کے تحمل شداید کی باقی رہین البتہ وہ کریم الاصل ہی۔ وقال آخر

دعالك ضمان الله يا ام مالك ۔۔۔ ولله عن يشقيك اغنى واوسع

ضمان الله ذمته ۔ واللام فى الله للابتداء ۔ وعن متعلقة باغنى واوسع ۔ وان الناصبة محذوفة ۔ واشقاه جعله شقيا بمراده اى حرمه ماتر جمہ ام مالك خداوند تعالى كا ذمہ تيرى حمايت كرے ۔ اور البتہ خداوند تعالى تيرے محروم المراد كرنيسے بهت بے پروا اور بڑى وسيع قدرت والا ہى كيونكہ تيرى محروم كرنيمين اوسكا نفع نہين ہى

يذكرنيك الخير والشر والذى ۔۔۔ اخاف وارجو والذى اتوقع

ترجمہ مجكو بهلائى اور برائى اور خوف اور اميد اور جسكى مين آرزو كرتا ہون تيرے ياد دلاتے ہين يعنى تجكو مين كسى حال مين نہين بهولتا ہون وقال الحكم الخضرى

تساهم ثوباها ففى الدرع رادة ۔۔۔ وفى المرط لفاوان ردفهما عبل

التساهم التقاسم ۔ ودرع المرءة ما يكون فى اعلاها الى العنق ۔ والرادة الناعمة كالرودة ۔ والمرط الكساء من الخز وهى ازار المرءة واللفاء الفخذ الضخمة ۔ والردف الكفل والعبل الضخم السمين ترجمہ اوسكے دو كپڑون نے اوسكے جسم كے دو حصے كر ليے ہين سو اوسكى كرتہ مين تو نرم بدن ہى اور اوسكى ريشمى تہبند مين دو موٹى رانين ہين جنكے سرين موٹے اور گداز ہين ۔

فوالله لا ادرى ازيدت ملاحة ۔۔۔ وحسنا على النسوان ام ليس لى عقل

ترجمہ سو بخدا مجكو معلوم نہين ہى كہ وہ سب عورتون پر حسن وملاحت مين فضيلت دیگئى ہى يا مجكو عقل وتميز باقى نہين رہى كہ مين اوسكو لا ثانى سمجهتا ہون وقال اخر

اروح ولم احدث لليلى زيارة ۔۔۔ لبئس اذا راعى المودة والوصل

ترجمہ شاعر كى ہمراہى بے ملاقات ليلى اوسكو ليجانا چاہتے ہين تو وہ كہتا ہى كہ كيا مين بے ملاقات ليلى شام كو روانہ ہو جاؤن سو ايسا نہين ہو سكتا ہى اور اگر ايسا كرون تو مين اوسوقت دوستى اور ملاقات كا برا رعايت كرنيوالا ہون ۔۔

تراب لاهلى لا ولا نعمة لهم ۔۔۔ لشد اذا ما قد تعبدنى اهلى

لا الثانية تاكيد للاولى ۔ ويحتمل ان يكون اسم الاولى محذوفا اى لا راحة ۔ والتعبد التذلل ترجمہ ان كنبے كو جو ملاقات ليلى سے مانع ہين كوستا ہى اور كہتا ہى كہ ميرے كنبے كے ليے خاك نہ اونكو راحت نصيب ہو نہ نعمت اگر مين بے ملاقات ليلى كے سفر كرون تو اوسوقت مجكو اونكا غلام تابعدار ہونا سخت ناگوار ہوگا

وقال ابو دہبل الجمحى

اأترك ليلى ليس بينى وبينها ۔۔۔ سوى ليلة انى اذا لصبور

الهمزة للانكار ۔ وكنى بالصبر عن الحب الكاذب فان المحب الصادق لا يصبر ترجمہ كيا يہ ہو سكتا ہى كہ ملاقات ليلى ايسے وقت مين چهوڑ دون كہ مجهہ مين اور اوسمين صرف ايك رات كے سفر كا فاصلہ ہى سو اگر مين ايسا كرون تو مين عاشق كاذب صابر ہون ۔۔

هبونى امرأ منكم اضل بعيره ۔۔۔ له ذمة ان الذمام كبير

ابو دہبل جمحى

ترجمہ تم مجکو اپنے مین الیسا مرد سمجھو کہ اوسنے اپنا شتر گم کیا ہی اور زاد سکا تمسے عہد مددگاری ہی سو تم اوسکی مدد کرو کیونکہ ایفاء عہد بڑا امر ہے۔

وللصاحب المتروک اعظم حرمۃ — علی صاحب من ان یضل بعیر

ترجمہ اور بیشک یار مہجور کی عزت دوسری یار پر اس بات سے زیادہ ہی کہ اوسکا شتر گم ہو جاوی یعنے تمہارا عجب حال ہی کہ شتر گم شدہ کی تلاش کیلیے توقف کرو اور سفر ملتوی رکھو اور یار گم شدہ کے ملنے کے لیئے توقف نہین کرتے۔

عفا اللہ عن لیلی الغداۃ فانہا — اذا ولیت حکما علی تجور

اراد بالغداۃ غداۃ الحساب۔ دولیت من التولیۃ ترجمہ خدا لیلی سے بروز جہم حساب درگزر کرے کیونکہ وہ جب مجہپر حاکم کیگئی ہی تو ہمیشہ ظلم کرتی رہی ہی وقال

آخر — أآخر شیء انت فی کل ہجعۃ — واول شیء انت عند ہبوبی

الہمزۃ للنداء۔ والمنادی محذوف۔ والہجعۃ مرۃ من الہجوع وہو النوم۔ والہبوب الانتباہ من النوم ترجمہ ای محبوبہ تو میرے ہر سونے مین آخر شی ہی اور ہر جاگنے مین اول شی ہے یعنی جب مین سوتا ہون تو تیری یاد مین اور جب اوٹہتا ہون تو تیری یاد مین غرض ہر وقت تیری یاد بنی رہتی ہی۔

مزیدک عندی ان اقیک من الردی — وود کماء المزن غیر مشوب

المزید یا زاد علی شیء وود معطوف علی ان اقیک ترجمہ تیری لیے میرے پاس ایک یہ امر زائد ہی کہ مین تجکو اپنی جان آخر ہلاکی سے بچاتا ہون اور دوسری یہ کہ میرے پاس تیری ایسے دوستی ہی کہ مثل ابر کے پانیکی خالص ہی اوسمین کچہہ ملاؤ نہین ہی۔ وقال آخر ذا الوزن کالذی قبلہ

ما انصفت خلفاء اما دنوہا — فہجر واما نایہا فیشوق

ترجمہ ناقہ خلفاء نے دربار محبت انصاف کیا سو جب مین اوسکا قرب چاہتا ہون تو وہ مجہسے دور ہو جاتی ہی اور جب مین اوس سے جدا رہنا چاہتا ہون تو اوسکی جدائی مجکو مشتاق کرتی ہی ہر حال مجکو چین نہین

تباعد ممن واصلت فکانہا — لآخر ممن لا یود صدیق

ترجمہ وہ اوس شخص سے جو اوس سے ملی دور بہاگتی ہی تو وہ گویا دوسرے شخص کی جو اوسکو دوست نہین رکہتا دوست ہی یعنے اوسکی عادت اولٹی ہی

وقال حفص العلیمی

اقول لحلمی لا تزعنی عن الصبا — وللشیب لا تذعر علی الغوانیا

وزعہ منعہ وکفہ۔ والصبا جہالۃ الشباب۔ وذعر خاف۔ والغانیۃ الشابۃ ترجمہ مین اپنی عقل سے کہتا ہون کہ مجکو حرکات جوانانہ سے مت روک اور اپنے بڑہاپے سے کہتا ہون کہ میری معاملہ مین جوان عورتون سے مت ڈر۔ خلاصہ یہہ ہی کہ عقل اور بڑہاپے سے کہتا ہی کہ تمہاری نزدیک پیری مانع عشق بازی ہی مگر مین تمہارا کہنا نہ مانونگا میری نزدیک عشق بازی ہر حال مین اچھی ہی

وسیرت فی نجدیہ ما کفانیا	طلبت الھوی الغوری حتی بلغتہ

الغور خلاف النجد وھو ما ارتفع من الارض - والمجرور فی نجدیہ للھوی ترجمہ مین نے کہادر کی عشق کی تلاش کی اور اوسکو پالیا اور بانگر کے عشق مین اسقدر زیادہ سیر کی جو مجکو کافی ہوگئی یعنے مین معشوقان کہادر و بانگر سے عشق بازی کی ہی اور اوسکا نشیب فراز سب دیکہا ہی۔

قذور کلھم واقبض قذور کماھیا	فیا رب ان لم تقضہا لی فلا تدع

قذور علم امراۃ - والضمیر المنصوب لہا للتعنیہا عند المخاطبین ترجمہ سو ای میری پروردگار اگر تو قذور کی ملاقات کا میری لیے حکم نہین کرتا تو رقیبون کے لیے بہی قذور کو مت چہوڑ اور اوسکی روح قبض کرلے جسحالت مین وہ ہو - خلاصہ عشق کی غیرت سے مغلوب ہوکر معشوق کو کوستا ہی کہ رقیبون کے حوالہ کرنے سے اوسکا مرنا بہتر ہے خوب کہا ہی ؎ ہم تو مطلب کو نہ پہنچین یا کہ پہنچین پر خدا ؛ یہ نہ سنوائی کہ مطلب غیر کا حاصل ہوا۔

قضی بین کل اثنین الا تلاقیا	ویا لیت ان اللہ ان لم الاقہا

ترجمہ اور ای میری قوم اگر اوس سے ملنا میری قسمت مین نہین تو کاش خداوند تعالی ہر دو دوستون مین یہ حکم کردے کہ وہ آپسمین نہ ملین۔

وقال ابو بکر بن عبد الرحمن الزہری

ابو بکر بن عبد الرحمن الزہری

اینقا وبستانا من النور حالیا	ولما نزلنا منزلا طلہ الندی

طل الارض جاو علیہ الطل والندی الطل - والانیق المعجب - والنور بالفتح الزہر سو الحالی المتحلی ترجمہ اور جبکہ ہم خوشنما مکان مین جسکو ہلکی مینہ نے تر کر رکہا تہا اور باغ مین جو پہولونکا زیور پہنے ہوئے تہا اوترے اور فروکش ہوئے۔

منی فتمنینا فکنت الا مانیا	اجد لنا طیب المکان وحسنہ

ترجمہ تو اوس مکانکی خوبی و حسن نے ہماری دل مین نئی آرزوئین پیدا کین جنکے ہمکو تمنا ہوئی اور اون آرزونکا مجموعہ ای محبوبہ تو تہی۔

وقال ہمدان بن المضرب الکندی

ہمدان بن المضرب الکندی

عدو ولم نسمع بہ قیل صاحب	صفا ود لیلی ما صفا ثم لم نطع

ترجمہ لیلی کی دوستی اوسقدر صاف ہوئی جسقدر صاف ہوسکتی تہی پہر ہمنے اوسکے متعلق کسی دشمن کی جو قطع محبت چاہتا تہا اطاعت نہ کی اور نہ کسی یار کا کہنا اوسکے بارہ مین سنا۔

وقوم تولینا لقوم وجانب	فلما تولی ود لیلی لجانب

ترجمہ سو جب لیلی کی دوستی نے ہم سے دوسری طرف اور دوسری قوم کیطرف منہ پہیرا تو ہمنے بہی اوسکیطرف سے دوسری قوم اور دوسری طرف مونہہ پہیر لیا

علی النای داو یرضی بود مقارب	وکل خلیل بعد لیلی یخافنی

ترجمہ اور ہر دوست بعد اس معاملہ مفارقت لیلی کے بنا بر عہد شکنی مجھسے ڈرتا ہی یا دوستی متوسط پر راضی رہتا ہی - یعنے جب دوست نے دیکھا کہ مین نے لیلی سے ذراسی بات پر قطع کر دی باوجود اسقدر محبت کے تو وہ میری عہد شکنی سے ڈرتا ہی یا بقدر ضرورت دوستی رکھتا ہی **وقال آخر**

الا لیت شعری ہل ابیتن لیلۃ　　　وذکرک لا یسری الی کما یسری

ترجمہ ای کاش مجکو اسبات کی خبر ہو کہ کیا مین کسی رات ایسی حال مین سوؤنگا کہ تیری یاد اور تیرا خیال جیسا ہمیشہ شب کو میری پاس آتا ہی اوس رات مین نہ آوی یعنی مین آرزو اسبات کی کرتا ہون کہ تیرا خیال میرے پاس نہ آوی کیونکہ وہ مجکو بیجا اصل ستاتا ہی -

وہل یدع الواشون افساد بیننا　　　وحفر لنا العاثور من حیث لا ندری

العاثور البئر کل ما حفر لیقع فیہ احد ترجمہ اور کیا چغلخور ہماری درمیانی در اندازی اور ہماری لیے اوکہی کہودنی کو اسطرح سے کہ اوسکو نہ تو جانے اور نہ مین چہوڑ دینگے یعنے اس امر کی مجکو آرزو ہی - **وقال آخر**

ان کان ہذا منک حقا فاننی　　　مداوی الذی بینی وبینک بالہجر

ترجمہ اگر یہ تیرا رقیبون سے ملنا راست ہی تو مین بیشک اوس رابطہ محبت کا جو مجہہ مین اور تجہہ مین ہی قطع تعلق سے علاج کرونگا یعنے دوستی چہوڑ دونگا

ومنصرف عنک انصراف ابن حرۃ　　　طوی ودہ والطی ابقی من النشر

منصرف عطف علی المداوی - وکنی بابن حرۃ عن الشریف الکریم ترجمہ اور تجہسے مثل پہر جانے اوس شریف آدمی کے پہر جاؤنگا جسنے اپنی محبت کو بعد پہیلا نیکے لپیٹ لیا ہو - اور محبت کا لپٹنا اوسکی پہیلانے سے اس زمانہ مین زیادہ پائدار ہی کیونکہ نفاق پہیل رہا ہی - **وقال آخر**

وفی الجیرۃ الغادین من بطن وجرۃ　　　غزال کحیل المقلتین ربیب

وجرۃ موضع تنسب الیہ الغزلان - والکحیل المکحول والربیب المربوب المانوس ترجمہ اور اون ہمسایون مین جو مقام بطن وجرہ سے علی الصباح روانہ ہوئی ہین ایک معشوقہ مثل سرمگین چشم پالتو ہرن مانوس کی ہے -

فلا تحسبی ان الغریب الذی نای　　　ولکن من تنایین عنہ غریب

ترجمہ سوای معشوقہ تو یہ مت خیال کر کہ مسافر وہ ہی جو اپنی کسی کو سے جدا ہو جاوی ہان مگر جس سے تو جدی ہوئی وہ بیشک مسافر وحشت ناک ہی اگرچہ اپنی وطن مین ہو کسینے خوب کہا ہی ~ سفر تو کردی ومن در وطن غریب شدم - **وقال آخر**

بنفسی واہلی من اذا عرضوا لہ　　　ببعض الاذی لم یدر کیف یجیب

ترجمہ میری جان اور کنبہ اوسپر قربان ہی کہ جب لوگ اوس سے بعض کلمات ایذا بخش کرتے ہین اور مثلا میری عشق کا اوس سے ذکر کرتی ہین

تو وہ بسبب کمال حیا اور بھولےپن کے نہیں جانتا کہ ان کو کیونکر جواب دے —

ولم یعتذر عذر البری ولم تزل　　به سکتة حتی یقال مریب

المریب بالضم موضع الریبة دیا للتہمة ترجمہ اور وہ بے قصور کا سا عذر بیان نہیں کرتا اور وہ برابر خاموش رہتا ہے یہانتک کہ اوسکو لوگ کہتے ہیں کہ یہ شخص مشتبہ اور متہم ہے

وقال آخر

اری کل ارض دمنتها وان مضت　　لها حجج یزداد طیبا ترابها

دمنت الماشیة الارض فرحت الیها الدمنة وہی السرقین والبعر ترجمہ میں ہر زمین کو جسپر معشوقہ نے کوڑی ڈالی دیکھتا ہوں کہ اوسکی مٹی خوشبو میں زیادہ ہوتی جاتی ہے اگرچہ کوڑی ڈالی برس گذر گئی —

الم تعلمن یا رب ان رب دعوة　　دعتک فیها مخلصا لو اجابها

ترجمہ ای میرے پروردگار کیا تو نہیں جانتا کہ بہت سی دعائیں ہیں کہ میں نے اونکو تجھسے باخلاص مانگی ہیں کاش وہ میری حق میں قبول کیجاوین —

واقسم لو انی اری نسبا لها　　ذیاب الفلا حبت الی ذیابها

ترجمہ اور میں قسم کہاتا ہوں کہ اگر جنگل کے بہیڑئے معشوقہ کی ہم نسب دیکھوں تو اوسکی بہیڑیے مجکو پیاری معلوم ہونے لگیں —

لعمر ابی لیلی لئن هی اصبحت　　بوادی القری ما ضر غیری اغترابها

ترجمہ لیلی کے باپ کی زندگی کی قسم البتہ اگر لیلی بمقام وادی قری جاکر مقیم ہوجاوے تو اوسکا سفر میرے سوا کسیکو نقصان نہیں کریگا کیونکہ عاشق صادق میں ہوں نہ اور

وقال آخر

لعمرک ما میعاد عینیک والبکا　　بدارا الا ان تهب جنوب

دارا فیه ودارا موضع ترجمہ تیری زندگی کی قسم بمقام دارا تیری آنکھہ اور رونیکی ملاقات کی جگہہ نہیں ہوتی ہے مگر جبکہ دکھنی ہوا محبوب کی قیام گاہ کیطرف سے چلتی ہے یعنے تو تبہی روتا ہے جب دکھنی ہوا چلتی ہے

اعاشر فی دارا من لا احبه　　وبالرمل مهجور الی حبیب

ترجمہ میں بمقام دارا اوس شخص کے ساتھہ زندگی بسر کرتا ہوں جسکو میں دوست نہیں رکھتا اور بمقام رمل ایک میرا پیارا دوست مجسے جدا پڑا ہے

اذا هبت علوی الریاح وجدتنی　　کانی لعلوی الریاح نسیب

العلوی من الریاح ما یهب من عالیة النجد ترجمہ جبکہ نجد کی اونچی جانب کی ہوا چلتی ہے تو تو مجکو ایسا خوش پائیگا کہ میں گویا اوس ہوا کا ہم نسب ہوں

و قال آخر	هل الحب الا زفرة بعد زفرة	وحر على الاحشاء ليس له برد

ترجمہ نہین ہی محبت مگر ایک آہ بعد دوسری آہ کے اور سوزش باطنی جو کبھی سرد نہین ہوتی یعنے محبت انہین امور کا نام ہی

وفیض دموع العین یا می کلما	بدا علم من ارضکم لم یکن یبدو

عطف علی حر ترجمہ اور اے میہ نہین ہی محبت مگر ریزش اشکہای چشم جبکہ کوئی پہاڑ تمہارے زمین کا جو پہلے ظاہر نہین ہوتا تہا دکہائی دینے لگی

وقال ابن میادة

کان فوادی فی ید ضبثت بہ	محاذرة ان یقضب الحبل قاضبہ

الضبث القبض الشدید و محاذرة مفعول لہ والقضب القطع ۔ وان یقضب مفعول محاذرة ترجمہ گویا میرا دل ایک ہاتہ مین ہی جسنے اوسکو سخت پکڑ رکہا ہی اس خوف سے کہ اوسکی رسی کو اوسکا کاٹنے والا کاٹ دے اور وہ چہوٹ جاوے یعنے میرا دل سخت قید مین ہی

واشفق من وشک الفراق وانني	اظن لمحمول علیہ فراکبہ

ترجمہ او میری قریب فراق سے ڈرتا ہون اور بیشک مین خیال کرتا ہون کہ فراق پر سوار کیا جاؤنگا او مین اوسپر سوار ہو جاونگا یعنی کیا کیجئے مجبوری ہی

فواللہ لا ادری اتغلبنی الهوی	اذا جد جد البین ام انا غالبہ

جد جدہ اذا بلغ الجد غایتہ ترجمہ سو بخدا مین نہین جانتا کہ آیا محبت مجہپر غالب آجاویگی جبکہ جدائی نہایت کو پہونچیگی یا مین محبت پر غالب رہونگا محبت غالب آجاویگی یعنے مجکو ہلاک کر دیگی

فان استطع اغلب وان یغلب الهوی	فمثل الذی لاقیت یغلب صاحبہ

ترجمہ سو اگر مجکو قدرت ہوئی تو محبت پر غالب رہونگا یعنی اوسکا تحمل کرونگا اور اگر مجہپر محبت غالب آگئی اور مجکو ہلاک کر ڈالا تو کچہ عجب نہین ہی کیونکہ جیسے محبت کے شدائد مین نے اوٹہائے ہین اونکا اوٹہانیوالا آخر مغلوب ہو جایا کرتا ہی

وقال آخر

فیا اهل لیلی کثر اللہ فیکم	بامثالها حتی تجودوا بهالیا

ترجمہ سو اے لیلی کے کنبے کے لوگو خدا تم مین لیلی جیسی بہت سی معشوق پیدا کر دے تاکہ تم لیلی کو مجہی دے ڈالو یعنے اب تم کہتے ہو کہ لیلی بیمثل ہی اگر اوسکو تجہے دیدین تو ہم کیا دیکہین سو خدا لیلی کی مانند تم مین زیادہ پیدا کرے تاکہ یہ بخل نرہے

فما مس جنبی الارض الا ذکرتها	والا وجدت ریحها فی ثیابیا

ترجمہ سو میری پہلو نے زمین کو نہین چہوا مگر مین نے لیلی کو یاد کیا ہی اور اوسکی خوشبو کو بسبب غلبہ تصور کے ہر جگہہ اپنے کپڑون مین پاتا ہون وقال آخر

يقول العدى لا بارك الله في العدى ‏ قد اقصر عن ليلى ورثت وسائله

ترجمہ دشمن کہتے ہیں (خدا اونکی بڑہوتری نکری) کہ میرا دل لیلی سے رک گیا اور اوسکی محبت کے وسیلے اور رابطے کہنہ ہوگئے ہیں۔

ولو اصبحت ليلى تدب على العصا ‏ لكان هوى ليلى جديدا اوائله

الدبيب على العصا كناية عن الشيب ترجمہ اور اگر لیلی بسبب پیری کے چہڑی کے سہارے چلنے لگے تو بیشک لیلی کی محبت کے شروع نئی اور جدید ہونگی یعنے اس حال میں بہی اوسکا عشق ایسا زور پر ہوگا کہ گویا آج ہی شروع ہوا ہی اور اوسکی پیری میرے عشق کو ضعیف نہین کریگی وقال آخر

وقفت لليلى بالملا بعد حقبة ‏ بمنزلة فانهلت العين تدمع

الملا المفازة ذات الحر والسراب والحقبة المدة الطويلة ترجمہ مین بسبب لیلی کی تہیر ملا اور دہوکی والے جنگلمیں بعد عرصہ دراز کی ایک مقام پر جہان کبہی لیلی فروکش ہوئی تہی تو ٹہرا اسوقت میرے آنکہہ سے اشک بے اختیار جاری ہوگئے

واتبع ليلى حيث سارت وودعت ‏ وما الناس الا آلف ومودع

الالف اسم فاعل من الفه اذا استانس به ترجمہ اور مین اپنے دلکو لیلی کی پیچہے بہیجتا ہون جہان وہ جاوے اور دوستونکو رخصت کرے اور لوگ نہیں ہین مگر دو قسم کے ایک اوس سے مانوس بسبب ہمسفری کے اور دوسرے وہ جو اوس سے رخصت ہوکر جدا ہوئے مگر مین ان دونون سے جدا ہون کہ کسی حالمین لیلی سے جدا نہین ہوتا جیسا کہ اگلی شعر مین ہی۔

كان زماما في الفواد معلقا ‏ تقود به حيث استمرت واتبع

الاستمرار المرور ترجمہ گویا ایک باگ میری دلمین بندہی ہوئی ہی کہ لیلی اوسکے ذریعہ سے دلکو کہینچتی ہی جہان جاتی ہی اور مین اوسکے پیچہے جاتا ہون۔ وقال عروة الجعدي

خليلي عوجا بارك الله فيكما ‏ وان لم تكن هند لارضكما قصدا

عاج نزل ووقف۔ والقصد الاستواء ترجمہ اے میرے دو دوستو ہند کی پاس اوترو خدا تم مین برکت کرے اگرچہ ہند تمہارے وطن کی سیدہی راہ پر نہیں ہے بلکہ وہان جانے مین کچہہ چکر ہے۔

وقولا لها ليس الضلال اجارنا ‏ ولكننا جرنا لنلقاكم عمدا

ضل الطريق خطاءه۔ وجار عن الطريق مال عنه ترجمہ اور ہند سے کہو کہ راہ بہولنی نے ہمکو تیری طرف چکر نہین دیا مگر ہم خود راہ راست سے مڑ آئے تا کہ تمسے قصداً ملاقات کرین۔

وقال آخر

وما في الارض اشقى من محب ‏ وان وجد الهوى حلو المذاق

ترجمہ اور تمام زمین پر عاشق سے زیادہ کوئی کمبخت نہین ہی اگرچہ وہ محبت کا ذائقہ شیرین پاتا ہی۔

تراه باكيا في كل حين ‏ مخافة فرقة او لاشتياق

ترجمہ تو اوسکو ہروقت روتا دیکھیگا وصل مین بسبب خوف جدائی کے اور ہجر مین بسبب اشتیاق ملاقات کے چنانچہ یہی مضمون اگلی شعر مین ہے۔

فیبکی ان نأوا شوقا الیھم ۔۔۔ و یبکی ان دنوا خوف الفراق

ترجمہ سو وہ معشوق لوگ اگر اوس سے جدا ہون تو اونکی شوق مین روتا ہے اور اگر وہ لوگ اوسکے پاس ہین تو بسبب خوف ہجر کے روتا ہے۔

فتسخن عینہ عند التنائی ۔۔۔ وتسخن عینہ عند التلاقی

سخونۃ العین کنایۃ عن البکاء والکرب ترجمہ سو اسلیے اوسکی آنکھین فراق مین بھی گرم رہتی ہین اور وصل مین بھی پس اس سے زیادہ اور کیسا کمبختی ہوگی۔ **وقال ابن الطثریۃ** اسمہ یزید بن المنتشر والطثریۃ امہ من حی من قضاعۃ یقال لہم طثر۔

عقیلیۃ اما ملاث ازارھا ۔۔۔ فدعص واما خصرھا فبتیل

العقیلیۃ نسبۃ الی بنی عقیل لبطن من ہوازن۔ والملاث بالمثلثۃ الموضع الذی یلاث ای یدار علیہ الشئی کالراس للعمامۃ فالمراد بملاث الازار ہہنا العجز والردف والدعص ہو الرمل المجتمع شبھہا بہ لکثرۃ اللحم علیہا والخصر الوسط والبتیل بتقدیم الباء المضیم الدقیق ترجمہ وہ معشوقہ بنی عقیل مین سے ہے اوسکے تہبند کی لپیٹنے کی جگہ یعنی اوسکے سرین تو مثل تودۂ ریگ کے موٹے اور نرم وگداز ہین اور کمر اوسکی سو باریک اور پتلی ہے۔

تقیظ اکناف الحمی ویظلہا ۔۔۔ بنعمان من وادی الاراک مقیل

اصل تقیظ تتقیظ حذف احدی التائین من تقیظ الرجل اذا اقام فی مکان قیظا ای صیفا ونعمان واد معروف یقال لہ وادی الاراک والمقیل موضع القیلولۃ فاعل لیظل ترجمہ وہ محبوبہ ایام گرما اطراف حمی مین گزارتی ہے اور بمقام نعمان جو منجملہ وادی اراک ہے اوسکو خوابگاہ نیمروز سایہ مین رکھتی ہے

الیس قلیلا نظرۃ ان نظرتہا ۔۔۔ الیک وکلا لیس منک قلیل

الاستفہام للتقریر والضمیر المنصوب للنظرۃ۔ وکلا حرف ردع۔ وقلیل اسم لیس ومنک خبرہا ترجمہ کیا ایک نظر جو مین تجکو دیکھون کم نہین ہے یعنے کم ہی ہے پھر کہتا ہے کہ ہرگز کم نہین ہے تیری طرف سے جو چیز ہے وہ کم نہین شمار ہوتی بلکہ بہت ہے۔

فیا خلۃ النفس التی لیس دونہا ۔۔۔ لنا من اخلاء الصفاء خلیل

الخلۃ الخلیل ترجمہ سو ای دلی دوست کہ سوای اوسکے ہمارے لیے سچی دوستون سے ویسا کوئی دوست نہین ہے۔

ویا من کتمنا حبہ لم یطع بہ ۔۔۔ عدو ولم یؤمن علیہ دخیل

الدخیل الصدیق النجی ترجمہ اور ای وہ شخص کہ ہمنے اوسکی محبت لوگون سے چھپائی اور اوسکی معاملہ مین کسی دشمن ملامتگر کا کہنا نہین مانا گیا اور کوئی ہمراز دوست اوسکی معاملہ مین قابل اطمینان نہین سمجھا گیا یعنے اوسکا حال ہمنے سب سے چھپایا ہے

اَمَا مِن مَقَامٍ اَشتَكِي غُربَةَ النَّوَى ۔۔۔ وَخَوفَ العِدَى فِيهِ اِلَيكَ سَبِيلُ

ہو جواب الندا مین قبلہ سو ما نافیۃ اسمہا سبیل والیک متعلق بہ ۔ وجملہ اشتکی نعت مقام ترجمہ کیا مجکو ایسا موقع ومحل نہین ملتا کہ اوسمین مجکو ایسی راہ ملے کہ تجہسے غربت فراق اور دشمنونکی خوف کی شکایت کرون ۔

فَدَيتُكَ اِنَّ الدَّارَ كَثِيرٌ وَ شُقَّتِي ۔۔۔ بَعِيدٌ وَاَشيَاعِي لَدَيكَ قَلِيلُ

الشقۃ السفر والاشیاع الانصار ترجمہ مین تجہپر قربان میری دشمن بہت ہین اور میرا سفر دراز ہے اور مین یہان مسافر ہون اور میرے مددگار اور سفارش کرنے والے تیرے پاس کم ہین یعنے بہر حال قابل رحم ہون ۔

وَكُنتُ اِذَا مَا جِئتُ جِئتُ بِعِلَّةٍ ۔۔۔ فَافنَيتُ عِلَّاتِي فَكَيفَ اَقُولُ

ترجمہ اور پہلی میری عادت یہ تہی کہ جب مین تیرے پاس آتا تہا تو کسی بہانہ اور حیلہ سے آتا تہا سو اب تو نے میرے تمام حیلے یا مین نے اپنے تمام بہانے ختم کردیے اب لوگون سے آنیکا بہانہ کیا کہون ۔

فَمَا كُلَّ يَومٍ لِي بِاَرضِكَ حَاجَةٌ ۔۔۔ وَلَا كُلَّ يَومٍ لِي اِلَيكَ رَسُولُ

ترجمہ سو ہر روز مجکو تیرے وطن مین کام نہین پڑتا کہ اوسکے بہانہ سے آتا رہون اور نہ ہر روز مین تیری پاس قاصد بہیج سکتا ہون تو پہر ملنے کی کیا صورت ہوسکے

صَحَائِفُ عِندِي لِلعِتَابِ طَوَيتُهَا ۔۔۔ سَتُنشَرُ يَومًا وَالعِتَابُ طَوِيلُ

ترجمہ میری پاس شکایت دوستانہ کی کتابین اور دفتر ہین کہ اونکو مین نے لپیٹ رکہا ہے عنقریب ایک روز بوقت ملاقات کہولی جاوینگی اور شکایت بڑی لمبی چوڑی ہے

فَلَا تَحمِلِي ذَنبِي وَاَنتِ ضَعِيفَةٌ ۔۔۔ فَحَملُ دَمِي يَومَ الحِسَابِ ثَقِيلُ

ترجمہ سو تو میرا خون اپنی گردن پر مت لے ایسے حال مین کہ تو نازک و ناتوان ہے کیونکہ میری خون کا اوٹہانا قیامت کے روز بہاری پڑیگا **وقال آخر**

اَبَعدَ الَّذِي قَد تَمَّ اَن تَتَّخِذِ بَينِي ۔۔۔ عَدُوًّا وَقَد جَرَّعتَنِي السُّمَّ مُنقَعًا

الجرعۃ واللزمہ والمنقع السم الثابت الراسخ ترجمہ کیا بعد ایسی محبت کے جو میرے گلی کا ہار ہوگئی ہے تو مجکو اپنا دشمن قرار دیتی ہے اور حال یہ ہے کہ تو نے مجکو محبت کا ایسا زہر پلا دیا جو تاثیر کا مستحکم اور ثابت ہے

وَ شَفَّعتِ مَن يَبغِي عَلَيَّ وَلَم اَكُن ۔۔۔ لِاَرجِعَ مَن يَبغِي عَلَيكِ مُشَفَّعًا

شفعہ قبل شفاعتہ وبغی علیہ ظلمہ وارجع من الرجع المتعدی ترجمہ اور تو نے میری معاملہ مین اوس شخص کا کہنا مانا جو مجہپر ظلم کرتا ہے اور مین ایسا نہیں کہ اوس شخص کو جو تجہپر زیادتی کرے اوسکی بات مانکر رخصت کرون

تَعَالَت وَمَا هَمَّت بِرَجعِ جَوَابِنَا ۔۔۔ بَل اَنتِ اَبِيتَ الدَّهرَ اَلَّا تَضَرُّعَا

رجع الجواب رده سواالتفرع التذلل ترجمہ سواد نے کہا اور ہماری جواب دینے کا قصد نہین کیا کہ بلکہ تونے ہمیشہ ہر چیز سے انکار کیا اگر ذلت وخواری سے یعنے سید کا جواب ہماری لیئے یہ تہا کہ وہ یہ کہتی تو ذلیل وخوار ہے مگر اوسنے یون نہ کہا بلکہ بطور مبالغہ کہا تونے ہمیشہ سوای ذلت کے کوئی اور چیز اختیار نہین کی کہ ہمیشہ فریاد وفغان کرتا رہتا ہی اور انکھون مین ذلیل رہتا ہی۔

ثقلت لہا ما کنت اول ذی ہوی	تحمل حمل الفادحات فنوء جسا

الحمل بالکسر ما یحمل والفادح الثقیل یقال دین فادح۔ والجملہ نعت ذی ہوی ترجمہ مین نے اوس سے کہا کہ مین پہلا ایسا عاشق نہین ہون جسنے بہت بہاری بوجہہ محبت کا اوٹہا لیا پہر اظہار دردمندی کیا لیئے عاشق لوگ فریاد کرتے آئے ہین یہ میرا ایجاد نہین ہی۔ وقال ابوالاسود الدولی

ابی القلب الا ام عمرو وحبہا	عجوزا ومن یحبب عجوزا یفند

فنده تفنیدا کذبه وعجزه وخطاء رایہ ترجمہ میرا دل سب معشوقون کی محبت سے انکار کرتا ہی سوای محبت ام عمرو کی اوسکی پیری کی حالت مین اور جو بڑہیا کو دوست رکہتا ہے وہ سست رائے اور سٹہیا ہوا بتلایا جاتا ہے۔

کثوب الیمانی قد تقادم عہده	ورقعته ما شئت فی العین والید

الیمانی صفة الرجل او الثوب من اضافة الموصوف الی الصفة ورقعته مبتدا والموصول خبره والرقعة ما یصلح به الثوب المتمزق وکنی به عن قطعة من الثوب ترجمہ وہ ام عمرو مثل ایسے تہان یمنی تاجر کے ہی یا مثل ایسے تہان یمانی کے ہی کہ اوسکو طیار کیے بہت زمانہ گزر گیا ہی اور وہ کہنہ ہوگیا ہی مگر اوسکا کپڑا ایسا ہو جیسا تو چاہی کہ آنکہہ کو بلحاظ خوبصورتی اور ہاتہہ کو باعتبار نرمی وصفائی اچہا معلوم ہو ایسا ہی حال ام عمرو کا ہی کہ گو وہ بوڑہیا ہوگئی مگر اوسکا جسم ویسا ہی قابل تعریف ہی وقال آخر

ہجرتک ایاما بذی الغمر انی	علی ہجر ایامی بذی الغمر نادم

ذوالغمر بالمعجمة موضع ترجمہ مین نے چند روز تجہسے بمقام ذوالغمر جدائی اختیار کی سو مین بیشک تجکو چند روز بمقام ذوالغمر چہوڑنے سے پشیمان ہون

وانی وذاک الہجر لو تعلمینه	کعازبة عن طفلہا وہی رائم

الواو بمعنے مع وکو بمعنے لیت والعازبة الغائبة والرائم العطوف الرؤف ترجمہ اور مین بیشک اس جدائی مین کاش تو اوسکی سختی معلوم کرلے مثل اوس عورت کے تہا جو اپنی بچہ سے جدا ہوجاوی اور وہ اوسپر مہربان ہو کہ وہ باوجود جدائی کے ہر وقت اوسکا خیال رکہتی ہی وقال آخر

ما احدث النای المفرق بیننا	سلوا ولا طول اجتماع تقالیا

ترجمہ جدائی تفرقہ انداز نے ہم مین فراموشی پیدا کی اور نہ درازی ایام وصال نے کوئی رنج وبغض پیدا کیا یعنی ہمارا عشق حالت فراق ووصال مین برابر یکسان ہے

ولا کثرۃ الناھین الا تمادیا	ولا زادنی الواشون الا صبابۃ

ترجمہ اور چغلخورون نے مجکو نہ بڑہائی مگر اوسکی محبت اور کثرت عشق سے منع کرنیوالون نے مجکو زیادہ کیا مگر مبالغہ اوسکے عشق مین۔

یری نضو ما ابقیت الا رثی لیا	وانت التی ما من صدیق ولا عدی

الصدیق یعم الواحد والجمع۔ والنضو بالکسر الجمل المہزول واراد بہ نفسہ ومعنی ما ابقیت جہا ترجمہ اور تو وہ ہی کہ تونے مجکو ایسے حال مین کر دیا ہی کہ کوئی دوست اور دشمن ایسا نہین جو مجکو ایسے حال مین دیکہے کہ مین ضعیف ولاغر کیا ہوا اوس محبت کا ہون جو تو نے میرے لیے باقی رکہہ چہوڑی ہی مگر وہ میرے حال پر رحم کرتا ہی

خلیلا اذا انفیت دمعا بکی لیا	خلیلی الا تبکیانی ا ستعن

ترجمہ ای میرے دونو دوستو اگر تم میرے حال زار پر نہ روؤ تو مین طالب مدد ہونگا ایسے دوست سی کہ جب مین اپنی تمام آنسو رو کر تمام کر دون تو وہ میرے لیے رو دی یعنے جب تم رحم نکرو تو وہ مجہپر رحم کرے۔

تلاق ولکن لا اخال التلاقیا	کان لم یکن بین اذا کان بعدہ

ترجمہ جبکہ ہجر کے بعد وصال ہو تو وہ ایسی ہی کہ گویا ہجر ہے نہین ہوی مگر وصال تو میری تصور مین ہی نہین آتا۔ **وقال جمیل وحارب النخذ الذی منہم بثینۃ** النخذی الرجل اذا کان من اقرب عشیرتہ وبثینۃ محبوبتہ وہی بنت حیی ابن ثعلبۃ العذریۃ

فریق اقام واستقل فریق	تفرق اھلانا بثین فمنھم

بثین ترخیم بثینۃ۔ واستقل الرجل حمل متاعہ ترجمہ ای بثینہ میرے اور تیرے کنبہ کے لوگ متفرق ہوگئے سو اونمین سے ایک فریق تو ٹہر گیا اور دوسرا فریق اپنا اسباب اوٹہا کر چلتا ہوا۔

ولکننی صلب القناۃ عتیق	فلو کنت خوار القنا باخ میسمی

الخوار الضعیف وباخ اللحم تغیر واستعیر لتغیر المیسم ای الجمال وصلب القناۃ کنایۃ عن الجلید والعتیق النجیب الشریف ترجمہ سو اگر مین ضعیف ہوتا تو میری آبرو میں فرق پڑجاتا یعنے مین قید ہوجاتا مگر مین بہادر و شریف ہون مجسے ذلت نہین اوٹہائی جاتی۔ اور شارح تبریزی لکہتا ہی باخت النار ای خمدت یعنی مین اگر ضعیف ہوتا تو میرے عشق کی حرارت سرد ہو جاتی۔

تکشف غماھا وانت صدیق	کان لم نحارب یا بثین لو انھا

الضمیر المنصوب للحرب۔ والغمی الامر المظلم المشتبہ ترجمہ اگر لڑائی کا جہیلا جاتا ہی اور تو میری دوست بنی رہے تو ای بثینہ یہ صورت ایسی ہو جاوی کہ گویا میری اور تیری قوم مین کچہ لڑائی ہی نہین ہوئی۔ **وقال آخر**

شَيَّبَ ایامُ الفراقِ مفارقی ۔۔۔ وَاَنْشَزْنَ نفسی فوقَ حیث تکونُ

مفارق الراس اوساطہ والنشز رفعہ وکنی بہ عن قرب الموت قال تعالی اذا بلغت التراقی ترجمہ شدت ایام فراق نے میری سر کی پٹیونکو یعنی جوانبین بوڑہا کر دیا اور میری دم کو اوسجگہہ سے جہان وہ رہتا تہا اوپر لیگئے یعنے میرا ناک مین دم آگیاہی اور قریب الموت ہون۔

وقد لانَ ایامُ اللِوَی ثم لم یکد ۔۔۔ مِنَ العیشِ شیءٌ بعدهنّ یلینُ

لان لہ اذا اطاعہ واللوی موضع ترجمہ بیشک وہ زمانہ جو بمقام لوی گزرا وہ مجہسے موافق تہا کہ ہر وقت عمل ہہتا تہا پہر بعد اوس زمانیکے کچہہ بہی زندگی حسب دلخواہ نگزری۔

یقولون ما ابلاک والمالُ غامرٌ ۔۔۔ لدیک وضاحی الجلدِ منک کنینُ

فقلت لهم لا تعذلونی وانظروا ۔۔۔ الی النازعِ المقصورِ کیف یکونُ

ابلاہ جعلہ بالیاً خلقاً والغامر بالمعجمۃ الکثیر وضاحی الجلد ظاہرہ والکنین المستور والمراد بہ اللباس الساتر والنازع الغریب والمقصور المحبوس ترجمہ لوگ مجہہ سے کہتے ہین کہ کس چیز نے تجکو بوڑہا اور ضعیف کر دیاہی اور حال یہہ ہی کہ تجہہ پاس مال بہت ہی اور تیرا جسم ظاہر لباس سے ڈہکا ہوا ہی یا خوشی سے سو مین نے اونسے کہا کہ تم مجکو ملامت مت کرو اور مجکو کہ مین غریب الوطن اور محبوس ہون دیکہو اور رحم کرو یعنی اگرچہ مین اپنے وطن مین بڑا دولتمند ہون مگر ایسی حالمین ملامت بیموقع ہی وقال ابو دہبل الجمحی الصحیح انہا لمحمد بن بشیر الخارجی من قصیدۃ اولہا ۔ یا احسن الناس الا ان نائلہا ٭ قدما لمن یرتجی معروفہا عسر وانما دلہا سحر تصید بہ ٭ وانما قلبہا للمشتکی حجر ٭ ہل تذکرین ولما انس عہدکم ٭ وقد یدوم لعہد الخلۃ الذکر ٭

اقولُ والرکبُ قد مالت عمائمُهم ۔۔۔ وقد سقی القومَ کأسَ النعسۃِ السهرُ

ترجمہ مین ایسی وقت مین کہتا ہون کہ شتر سوارونکی پگڑیان نیند کے زور سے جہک گئی ہین اور قوم کو کثرت بیداری نے اونگہنے کا پیالہ پلا دیاہی۔

یا لیت انی باثوابی وراحلتی ۔۔۔ عبدٌ لاهلکِ هذا الشهرَ مؤتجرُ

اراد بالاثواب النفس کما فی قولہ تعالی وثیابک فطہر او الزاد والمتاع والمؤتجر المواجر اسم مفعول ترجمہ ای کاش مین اپنے دل یا اسباب و سواری سمیت اے معشوقہ تیرے اہل کا اس مہینہ بہر ایک غلام کرایہ دار ہو جاؤن کہ اس تقریب سے تیرے ساتھہ رہون۔

ان کان ذا قدرٌ یعطیکِ نافلۃً ۔۔۔ منا ویحرمنا ما انصفَ القدرُ

جواب الشرط قولہ ما انصف القدر۔ وقولہ یعطیک نافلۃ منا فی موضع صفۃ لقدر۔ والنافلۃ العطیۃ ترجمہ اگر تقدیر مین یہہ ہی کہ وہ تجکو ہمسے فائدہ پہونچوائے اور ہمکو تجہسے منتفع نہونی دے تو اس صورت مین تقدیر غیر منصف ہوگی

جِنِّیَّۃٌ او لها جِنٌّ یعلّمها ۔۔۔ رمیَ القلوبِ بقوسٍ ما لها وترُ

ترجمہ معشوقہ حقیقت مین پری ہی یا اوسکو کوئی جن کمان بے چلہ سے دلون پر تیر مارنی سکھاتا ہی یعنی تیر نگاہ **وقال توبۃ بن الحمیر**

یقول اناس لا یضیرک نایہا	بلی کل ما شف النفوس یضیرہا

الشف الضر ترجمہ لوگ مجھسے کہتے ہین کہ تجکو لیلی کا فراق نقصان نہین پہونچا دیگا مین نے کہا کیون نہین نقصان پہونچاویگا اسلیے کہ جو چیز طبیعتون کو ضعیف کردیتی ہے وہ ضرور نقصان پہونچاتی ہے۔

الیس یضیر العین ان تکثر البکا	ویمنع منہا نومہا وسرورہا

ترجمہ کیا کثرت گریہ اور آنکہہ کو اوسکے خواب و خوشی سے روکا جانا ضرر نہین ہی یعنی بیشک مضر ہی اور فراق انکی سوا اور کیا ہوتا ہی **وقال الرابی و باکل الخزاعی**

یطول الیوم لا القاک فیہ	ویوم نلتقی فیہ قصیر

ترجمہ جس روز تجھسے نہین ملتا ہون وہ دراز ہوجاتا ہے اور وہ روز جس مین تجھسے ملاقات ہوتی ہی کوتاہ معلوم ہوتا ہی۔

وقالوا لا یضیرک نای شہر	فقلت لصاحبتی فمن یضیر

ترجمہ اور لوگون نے کہا کہ تجکو تیری محبوبہ سے ایک مہینہ کی جدائی کچھہ نقصان نہین کریگی سو مین نے اپنے دونون دوستون سے کہا کہ اگر تجکو وہ نقصان نہین کرتے تو کسکو نقصان کریگی یعنے میری سوائے کسیکو نقصان نہین کریگی **وقال عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ بن مسعود**

شققت القلب ثم ذررت فیہ	ہواک فلیم فالتام الفطور

الذر النثر ولیم مجہول من لام اذا اصلحہ والالتیام مطاوعہ والفطور الشقوق ترجمہ ای محبوبہ تونے میرے دلکو چیرا پہرا اوسمین تونے اپنی محبت کو بہیلادیا پہر وہ زخم درست و اصلاح کیا گیا سو وہ زخم درست اور اچھی ہوگئی اور تیری محبت اوسمین موجود ہی اب نکل نہین سکتی۔

تغلغل حب عثمۃ فی فوادی	فبادیہ مع الخافی یسیر

ترجمہ عثمہ کی محبت میرے دل مین خوب بزور بیٹھ گئی سو محبت ظاہر بمقابلہ محبت باطنی کے نہایت کم ہے۔

تغلغل حیث لم یبلغ شراب	ولا حزن ولم یبلغ سرور

ترجمہ اوسکی محبت اوسجگہ بزور داخل ہوگئی جہان شراب یا اسکا اثر نہین پہونچتا اور نہ غم اور خوشی کی تاثیر پہونچتی ہی۔ **وقال ابن میادۃ**

وما انس م الاشیاء لا انس قولہا	وادمعہا یذرین حشو المکاحل

ما شرطیۃ جازمۃ ومن الاشیاء اصلہ من الاشیاء وادمعہا مرفوع علی الابتداء ویذرین خبرہ والجملۃ حال وادراہ اطارہ والحشو ما تحشی والمکاحل جمع مکحل یا مکحلۃ

ترجمہ اور اگر مین چیزون مین سے کوئی چیز بہول جاؤن تو ممکن ہی مگر اوسکے کہنے کو جبکہ اوسکے آنسو سرمہ دانکی باطن کی چیز یعنے سرمہ کو بکھیرتی تہی یعنے جبکہ وہ سرگین چشم سے آنسو بہاتی تہی اور سرمہ اونکی ساتھہ نکلتا تہا ہرگز نہ بہولونگا اور اوسکے کہنے کا بیان اگلی شعر مین ہی۔

توبۃ بن الحمیر

الرابی و باکل

عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ بن مسعود

ابن میادۃ

تمتّع بذا الیوم القصیر فانّہ ۔۔۔ رهینٌ بایام الشهور الاطاول

الجملۃ مفعول القول ترجمہ وہ مجھسے یہ کہتے تھے کہ اس یوم وصال سے جو چھوٹا ہے منتفع ہو کیونکہ یہ روز مہینوں کے بڑے دنوں پر یعنی ایسے دنوں پر جو بسبب صدمات فراق دراز معلوم ہونگے گرو ہے۔ خلاصہ یہ کہ ایسا دن پھر مہینوں نہیں نصیب ہوگا۔ وقال آخر

بیضاءُ آنسۃُ الحدیثِ کانّہا ۔۔۔ قمرٌ توسّطَ جنحَ لیلٍ مُبرِدِ

الآنسۃ المانوسۃ۔ والجنح من اللیل طائفۃ منہ۔ والمبرد الداخل فی البرد او ذا برد ترجمہ وہ معشوقہ گوری رنگ کی ہے جسکی باتوں میں دل لگتا ہے گویا وہ ایک چاند ہے جو پارہ شب سرد میں جسمیں غبار نہیں ہوتا کھلا ہوا ہے

موسومۃٌ بالحسن ذاتُ حواسدٍ ۔۔۔ انّ الحسانَ مَظِنّۃٌ للحُسَّدِ

ترجمہ وہ حسن میں نشانمند و مشہور ہے جسپر بہت سی عورتیں حسد کرتی ہیں کیونکہ خوبصورت عورتیں حاسدوں کا خاص موقع ہے

خودٌ اذا کثر الحدیثُ تعوّذت ۔۔۔ بحمی الحیاءِ وان تکلّم تقصدِ

ترجمہ وہ زن نازک اندام ہے جبکہ اوسکے روبرو گفتگو زیادہ ہوتی ہے تو وہ حیا و شرم کی پناہ لیتی ہے اور اگر وہ خود گفتگو کرتی ہے تو اعتدال کے ساتھ یعنی نہ زیادہ نہ کم۔

وتری مدامعہا ترقرق مقلۃً ۔۔۔ سوداءَ ترغب عن سواد الاثمدِ

رقرق الدمع صبّہ و اسالہ و اسالۃ المقلۃ کنایۃ عن کثرۃ البکاء ترجمہ اور بوقت رخصت تو اوسکے کویون یعنے آنسو بہنے کی جگہوں کو دیکھے گا کہ آنکھ کو ایسے سیاہ ڈھیلے کو بہاتی ہیں جو سرمہ کی سیاہی سے بسبب ذاتی سیاہی کے بے پروائی کرتے ہیں یعنے ایسے بغولہ چشم سے روتی ہے۔ قال آخر

صفراءُ من بقر الجواءِ کانّما ۔۔۔ ترک الحیاءُ بہا رُداعَ سقیمِ

الصفرۃ توصف بہا البقرۃ۔ قال تعالی صفراء فاقع لونہا تسر الناظرین۔ والجواء بالجیم کالکتاب موضع ینسب الیہ البقرات۔ والرداع بالضم النکس ترجمہ وہ معشوقہ سنہری رنگ کی وحشی الطبع شل گاؤان مقام جوا کی ہے اور بباعث حیا کے قلیل الحرکات کھاری بھر کم ہے گویا کہ حیا نے اوس پر سرنگونی مریض کی سی ڈالدی ہے یعنی حیا کی سبب ایسی سرنگون رہتی ہے جیسا مریض سرنگون رہتا ہے۔

من محلٍ یا لیتنی اعطیہ جرعَ الاسی ۔۔۔ بدلالِ غانیۃٍ ومقلۃِ ریمِ

احذاہ شیئاً اعطاہ ایاہ۔ والجرع جمع جرعۃ مفعول ثان۔ والاسی الحزن والغانیۃ الجمیلۃ التی غنیت بجمالہا والتی تطلب ولا تطلب۔ والریم

الغزاة ترجمہ وہ معشوقہ اون طرحدار عورتون سے ہیں جو عاشقون کو اپنے ناز معشوقانہ و خشم آلود آواز کے ذریعہ سے غم کے گھونٹ پلاتی ہین

وقصيرة الايام ود جليسها ... لو نال مجلسها بفقد حميم

ترجمہ اور اوس معشوقہ کے ایام وصل بسبب کمال خوشی کے چھوٹے معلوم ہوتے ہین اوسکا ہمنشین اس امر کو دوست رکھتا ہے کہ کاش اوسکی ہمنشینی بعوض جلتے ہنسے پیارے رشتہ دار کے ٹوٹ جاوے۔ وقال آخر

ونار كسحر العود ترفع ضوءها ... مع الليل هبات الرياح الصوارد

الواو بمعنی رب ۔ والسحر بالفتح الرية ۔ والعود بالفتح الجمل المسن ۔ والهبات جمع هبة مرة من هبت الريح اذا تحركت وثارت فاعل ترفع ۔ والصوارد جمع صارد من صرد اذا وجد البرد سريعا ويحتمل ان يكون بمعنى السهم النافذ ترجمہ اور کتنے ہی شعلے مثل پھیپھڑے شتر پیر کے سرخ تھے کہ اونکی روشنی کو سرد ہواؤنکی جھونکے یا ایسی ہواؤنکی جھونکے جو تیرونکی مانند بدنوں مین گھسے جاتے تھے رات مین بلند کرتی تھی ۔

اصد بايدي العيس عن قصد اهلها ... وقصدي اليها بالمودة قاصد

ترجمہ کر دکائین نے شترون کے اگلے پاؤنکو اوس آگ والون کے پاس جانے سے اور حال یہ تھا کہ میرا دل اوس آگ کا باعث محبت کے قصد کرتا تھا کیونکہ وہ آگ قوم محبوبہ کی تھی ۔ مگر بخوف رقیبون کے نہ گیا ۔ وقال الحسين بن مطير

وكنت اذود العين ان ترد البكا ... فقد وردت ما كنت عنه اذودها

ترجمہ اور مین اپنی آنکھ کو روکتا تھا کہ رونیکے پاس مت جا سو وہ کمبخت اوس جگہ جا اُتری جس جگہ سے مین اوسکو روکتا تھا ۔

خليلي ما بالعيش عتب لو اننا ... وجدنا لايام الحمى من يعيدها

العتب الكدورة ترجمہ ای میرے دو نو دوستو ہماری زندگی مین کچھ کدورت نرہی اگر ہم ایسے شخص کو پالیوین جو زمانہ وصال حمی کو ہمارے پاس لوٹا لاوے مگر ایسا شخص کہان ملتا ہے

ولي نظرة بعد الصدود من الجوى ... كنظرة ثكلى قد اصيب وليدها

الجوى حرقة الجوف ترجمہ جبکہ معشوقہ مجھسے روگردانی کرکے جاتی ہے تو مین اوسکو بسبب سوزش عشق کے ایسی نگاہ حسرت آلود سے دیکھتا ہون جیسے وہ زن جسکا بچہ مرگیا ہو اپنے فرزند مردہ کو حسرتناک دیکھتی ہے

هل الله عاف عن ذنوب تسلفت ... ام الله ان لم يعف عنها يعيدها

ترجمہ کیا خدا اون گناہون سے جو مین نے پہلے ایام وصال مین کیے ہین درگذر کریگا یا خدا اگر اون سے درگذر نکریگا تو ویسے ہی گناہ اور

سوار بن المضرب

مجھسے دوبارہ کراویگا یعنی پھر وصال کراویگا کہ ویسے ہی گناہ مجھسے ظہور مین آوینگے کاش ایسا ہی ہو۔ وقال سوار بن المضرب

یا ایّها القلب هل تنهاك موعظة	او یحدثن لك طول الدهر نسیانا

ترجمہ اے میرے دل کیا تجھکو عشقبازی سے ناصح کی نصیحت روکیگی یا درازی ایام فراق تجھے یار کو بھلادیگی یعنی کاش ان دو صورتون میں سے کوئی صورت ظہور مین آوے۔

انی سأستر ما ذو العقل ساتره	من حاجة وامیت السر کتمانا

ترجمہ بیشک مین اب اوس حاجت کو چھپاؤنگا جسکو عاقل چھپاتا ہی اور بھید کو مار ڈالونگا چھپاکر یعنی ایسا پوشیدہ کرونگا کہ گویا اوس کو مار ڈالا ہی۔

وحاجة دون اخری قد سنحت بها	جعلتها للتی اخفیت عنوانا

سنح بہا اظہرہ۔ والمجرور للحاجة الاولی۔ والجملة نعت ثان لها وجعلتها جواب رب ترجمہ اور بعض مطلب غیر مقصود جنکو مین لوگون پر ظاہر کرتا ہون ایسے ہوتے ہین کہ انکو دوسرے مطلب مقصود کا جسکو مین نے پوشیدہ کرتا ہون عنوان و تمہید کرتا ہون۔ اپنے بھید چھپانیکی تعریف کرتا ہی

انی کانی اری من لا حیاء له	ولا امانة بین القوم عریانا

ترجمہ مین بیشک ایسے حال میں ہون کہ گویا اوس شخص کو جسکو نہ شرم ہی اور نہ وصف امانت تمام مجمع کے درمیان علی الاعلان برہنہ دیکھتا ہون۔ یعنی جبکہ لوگون سے حیا اور امانت جاتی رہی تو اب حفظ سر ضرور ہوا۔ وقال آخر

آخر

اهابك اجلالا وما بك قدرة	علیّ ولکن ملء عین حبیبها

ہاب خافہ ترجمہ اے معشوقہ مین تجھسے تیری عظمت و شان کے سبب ڈرتا ہون ورنہ بظاہر تجکو مجھ پر کچھ اختیار نہین ہی مگر کیا کیجیے مجھکو خوب دیکھنا میری آنکھ کو پسند ہی سو ناچار تجھکو دیکھتا اور تجھسے ڈرتا رہتا ہون۔

وما هجرتك النفس انك عندها	قلیل ولکن قل منك نصیبها

انک بالفتح بتقدیر اللام وقلاہ النفس ترجمہ اور تجھکو میری طبیعت نے اسلئے نہین چھوڑ دیا کہ تو اوسکے نزدیک ایک چیز قلیل و حقیر ہی یا تو اوسکے بعض کی شی ہی ہان اوسکا حصہ اور نفع تجھ مین کم رہگیا ہی ناچار تجھسے جدا رہتی ہی۔ وقال ابن الدمینة

ابن الدمینہ

الا یا لادی وادی المیاه یثیب	ولا النفس عن وادی المیاه تطیب

الا تنبیہ المجازاة۔ وطاب عنہ اعرض عنہ ترجمہ سن اے مخاطب مین نہین خیال کرتا کہ مقام وادی میاہ یعنی وہانکی رہنے والی کے

جاہنوالون کو نیک بدلا دیوین اور نہ مین خیال کرتاہون کہ میری طبیعت مقام وادی سیاہ سی بے پرواہ ہوجاوی۔

أُحِبُّ هُبُوطَ الوَادِيَيْنِ وَإِنَّنِي ۔۔۔ لَمُشْتَهِرٌ بِالوَادِيَيْنِ غَرِيبُ

اراد بالوادیین جانبی الوادی المذکور ترجمہ مین ہر دو کنارے وادی مذکور مین اوترنیکو دوست رکھتاہون اور مین ہر دو کنارہ وادی مذکور کے جاہنے والون مین مشہور مسافر ہون۔

أَحَقًّا عِبَادَ اللهِ أَنْ لَسْتُ وَارِدًا ۔۔۔ وَلَا صَادِرًا إِلَّا عَلَيَّ رَقِيبُ

ترجمہ ای بندگان خدا کیا یہ امر راست ہی کہ مین محبوبہ کے پاس یا وادی مذکورہ مین نہین جاسکتا ہون اور نہ وہانسے لوٹ سکتا ہون مگر ایسے حال مین کہ میری اور اسکی کیفیت کا کوئی رقیب اور نگہبان ہوگا۔ شکایت کثرت رقیبونکی کرتاہی۔

وَلَا زَائِرًا فَرْدًا وَلَا فِي جَمَاعَةٍ ۔۔۔ مِنَ النَّاسِ إِلَّا قِيلَ أَنْتَ مُرِيبُ

المریب بمعنی المتہم ترجمہ اور کیا یہ بھی راست ہی کہ مین اوس سے تنہا اور لوگون کے مجمع مین ملاقات نکرونگا مگر لوگ مجھکو کہینگے کہ تو ہمارے نزدیک متہم ہی

وَهَلْ رِيبَةٌ فِي أَنْ تَحِنَّ نَجِيبَةٌ ۔۔۔ إِلَى إِلْفِهَا أَوْ أَنْ يَحِنَّ نَجِيبُ

الاستفہام للانکار والحنین الاشتیاق ترجمہ اور کیا تہمت ہی اس امر مین کہ شریف عورت اپنے دوست کیطرف مشتاق ہو یا شریف مرد شریف عورت کیطرف

وَإِنَّ الكَثِيبَ الفَرْدَ مِنْ جَانِبِ الحِمَى ۔۔۔ إِلَيَّ وَإِنْ لَمْ آتِهِ لَحَبِيبُ

الکثیب التل من الرمل ترجمہ اور بیشک اکیلا ریتی کا ٹیلہ رمنہ کی کنارہ کا جسپر محبوبہ مقیم ہی اگرچہ مین وہان بسبب رقیبون کے خوف کی جا نہین سکتا مگر وہ مجھکو بہت پیارا ہی۔

لَكِ اللهُ إِنِّي وَاصِلٌ مَا وَصَلْتِنِي ۔۔۔ وَمُثْنٍ بِمَا أَوْلَيْتِنِي وَمُثِيبُ

کاف الخطاب مکسورۃ ومعناہ لک اللہ مقسما بہ ای اقسم لک باسمہ واولاہ اعطاہ ترجمہ مین تیرے لیے خدا کی قسم کھاتاہون کہ مین تجھسے ملونگا جب تک تو مجھسے ملیگی اور تیری تعریف کرونگا اوس چیز کی بابت جو تو مجھکو دیگی اور اوسکا عوض تجکو دونگا۔

وَآخُذُ مَا أَعْطَيْتِ عَفْوًا وَإِنَّنِي ۔۔۔ لَأَزْوَرُ عَمَّا تَكْرَهِينَ هَيُوبُ

العفو الزائد عن الحاجۃ۔ والازور من الاعوجاج الزور ای جانب الصدر ویکنی بہ عن المنحرف المعرض۔ والہیوب مبالغۃ الہائب۔ ترجمہ اور جو تو مجکو اپنی حاجت سے زیادہ چیز دیتی ہی اوسکو لیلیتاہون۔ اور مین بیشک اوس چیز سے جسکو تو برا جانتی ہی اعراض کرنیوالا اور تجھسے بہت ترسان ہون

فَلَا تَتْرُكِي نَفْسِي شَعَاعًا فَإِنَّهَا ۔۔۔ مِنَ الوَجْدِ قَدْ كَادَتْ عَلَيْكِ تَذُوبُ

الشاع کالسحاب النفس المتفرقۃ الہموم ترجمہ سو تو میری جانکو حالت پریشانی مین مت چھوڑ کیونکہ وہ تیری عشق سے گلجانیکے قریب ہے اسلیے وہ قابل رحم ہے

وانی لاستحییک حتی کانما	علی بظہر الغیب منک رقیب

ترجمہ اور مین بیشک تجھسے شرم کرتاہون اور اسلیے تیری سوا کسی خوبرو کو نہین دیکھتاہون یہانتک کہ گویا تیری غیبت مین تیرے طرف سے مجھپر نگہبان مقرر ہے کہ مین کسی معشوق کو نہ دیکھون۔ وقال آخر

تحمل اصحابی لہم بعد او جدی	وللناس اشجان ولی شجن وحدی

ترجمہ میرے یارون نے اپنے غم کا بوجھ اوٹھا لیا کیونکہ اونکا غم میری غم کی مانند بھاری نتھا اور نہ اوٹھانہ سکتے اور لوگون کے بہت سے غم ہین اور میری لیے صرف ایک غم ہے اور باایہمہ وہ ساری غم میرے غم کی برابر نہین ہین۔

احبکم ما دمت حیا فان امت	فوا کبدا ممن یحبکم بعدی

ترجمہ مین تم کو جبتلک زندہ ہون دوست رکھونگا سو اگر مین مرگیا تو اوس شخص کے جگر پر مجھکو افسوس آتاہے جو تمکو میرے بعد چاہیگا کیونکہ تو سنگدل سفاک ہے سو دیکھیے کہ اوس جگر پر تیری ہاتھون کیا کیا گذرے۔ وقال ابو حیۃ النمیری

رمتنی اناۃ من ربیعۃ عامر	نؤوم الضحی فی ماتم ای ماتم

الضمیر المنصوب لنفسہ۔ والمراۃ اناۃ اذا کانت بطیئۃ القیام والقعود والمشی من الونی وہو الکسل وربیعۃ عامر بطن من ہوازن ترجمہ اوسکے (یعنے میری) تیر نگاہ مارا ایک رام طلب کاہل عورت نے جو قبیلہ ربیعہ عامر سے تھی اور جو بطور خوشحالونکی چاشت کی وقت زیادہ سونے والی تھی اور وہ ایک عمدہ مجمع عورتونمین تھی۔

فجاء کخوط البان لا متتابع	ولا کن بسیما ذی وقار ومیسم

الخوط الغصن الطری الرطب۔ والبان شجر معروف لین الاغصان۔ والتتابع التساقط ولا یعنی غیر والسیم الجمال ترجمہ پس وہ زخمی اوسکی شل شاخ تر و تازہ بان کے درخت کی سیدہا آیا اور اوسکی سوا کسی طرف متوجہ نہوا اور پھوہڑونکی طرح نہ آیا بلکہ بعلامت وقار اور حسن و جمال کرکے

فقلن لہا سرا فدیناک لا یرح	صحیحا وان لم تقتلیہ فالمم

لا یرح امر غائب من راح اذا ذہب۔ والالمام الزمل اذاتی الصغیرۃ۔ ترجمہ سو اوسکے ساتھ والیون نے اوس سے آہستہ کہا کہ ہم تجھ پر قربان یہ زخمی سلامت بچکر نہ پاوے یعنے اوسکو قتل کرڈال اور اگر تو اوسکو قتل نکرے تو اوسکو کچھ سستا نگالی دیکر یا روگردانی سے۔ خلاصہ یہ اگر تو کبیرہ

نقل سے بچے تو صغیرہ یعنی سب وشتم و اعراض سے تو اچھو تا نکلنے دی۔

فالقت قناعا دونه الشمس واتقت	باحسن موصول لکف ومعصم

ترجمہ سو اوس نے مونھہ پر برقعہ ڈال لیا کہ اوس برقعہ سے درپردہ اوسکا چہرہ آفتاب کی مانند تابان تھا اور اوسنے اپنے روی روشن کو بذریعہ ایک عضو کی جو ہمراہ و یعنی متصل ہتھیلی اور پہونچے کے نہایت خوبصورت تھا چھپا لیا۔ خلاصہ یہ کہ اوسنے اپنے چہرہ کو کلائی رکھکر چھپالیا اور اوسکی کلائی اوسکی ہتھیلی سی خوبصورت تھی۔

وقالت فلما افرغت فی فواده	وعینیه منها السحر قلن له قم

الافراغ الصب۔ وقلن امر للنساء الحاضرات مفعول القول ترجمہ سو جب اوس معشوقہ نے اپنا جادو زخمی کے دل اور اوسکی دونون آنکھون مین خوب ڈالدیا تو اوسنے اپنے ساتھیون سے کہا کہ تم اس زخمی کو کہدو کہ یہان سے چلا جاوی۔

فود بجدع الانف لو ان صحبه	تنادوا وقالوا فی المناخ له نم

ترجمہ سو اوس زخمی نے بعوض اپنی ناک کٹنے کے اس امر کی آرزو کی کہ کاش اوسکے ساتھی اوسی پکارین اور کہین کہ تو اوسی مقام پر سورہ جب تلک چاہے بعوض ناک کٹنے کے یعنی کہ گو اس صورت مین میری ناک کٹجاوی تب بھی یہ امر مجکو گوارا ہی۔

فراح وما یدری افی ساعة الضحی	تروح ام داج من اللیل مظلم

تروح الرجل ذہب فی الرواح وہنا جرد عن معنے الرواح ترجمہ سو جب اوسکو اوٹھنے کو کہا تو وہ زخمی ناچار وہان سے چل پڑا مگر شدت غم ایسے حال مین کہ وہ نہین جانتا تھا کہ چاشت کیوقت چلا ہی یا کالی رات مین۔ وقال آخر

نظرت کانی من وراء زجاجة	الی الدار من فرط الصبابة انظر

ترجمہ مین نے عشق کی جوش مین بحالت گریہ محبوبہ کی گھر کو دیکھا تو اوسوقت بسبب اشکہای چشم مجکو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا مین شیشہ کے پیچھے سے دیکھ رہا ہون یعنے آنکھین بسبب ڈبڈبانے کے شیشہ کی مانند ہو رہی تھین۔

فعینای طورا تغرقان من البکا	فاعشی وطورا تحسران فابصر

عشی الرجل ساء بصرہ۔ وحسر انکشف ترجمہ سو میری دونون آنکھین کبھی بسبب کثرت گریہ کے آنسو مین ڈوبجاتی ہین اور مین چوندہا اور ضعیف البصر ہو جاتا ہون اور کبھی اشک سے صاف ہوجاتی ہین اور مین صاف دیکھنے لگتا ہون۔ وقال آخر

وما شنتاخرقاء واهیتا الکلی	سقی بہما ساق فلم یتبلّلا

تَوَهَّمَتْ رَبْعًا اَوْ تَذَكَّرَتْ مَنْزِلًا	بِاَضْيَعَ مِنْ عَيْنَيْكَ لِلدَّمْعِ كُلَّمَا

الشن والشنة الزق البالی۔ والخرقاء الامرأة التی لایکون لہا بصیرة فی الامور۔ والوہی الوہن۔ والکلیة الرقعة المستدیرة یخرز تحت عروة الزق۔ والتبلل الابتلال **ترجمہ** اور وہ پرانی مشکین ناتجربہ کار عورت کی جنکے گول ٹکڑے کے جاندار کہ مشک کی علاقہ یعنی اوسکی جوتی کی نیچے دونون طرف بخیال مضبوطی در وکنی پانیکے سی دیتی ہین) ڈھیلی ہوگئی ہون اور جنکو پانی پلانیوالی نے پانی پلاکر یون ہی رکھدیا ہو اور اوسکو پانی سے تر نہ کیا ہو تیری دونون آنکھونسے زیادہ تر پانی ضائع نہین کرتین جبکہ تو محبوبہ کے فرودگاہ اور اوسکی مقام کا خیال اور اوسکے یاد کرتا ہے یعنے اسقدر پانی اون مشکیزون سے بھی ضائع نہین جاتا جسقدر ایسے وقت مین تیری آنکھون سے۔ ناتجربہ کار عورت جو مشک کا سینا اور درز کلینا اور باندھنا نہ جانتی ہو خصوصًا جبکہ اوسکی مشک کہنہ وخشک ہو اور اوسکی چاندکی ٹانکی ڈھیلی ہوگئی ہون بیشک پانی زیادہ ضائع کریگی۔

وقال ابو الشیص الخزاعی

مُتَاَخَّرٌ عَنْهُ وَلَا مُتَقَدَّمُ	وَقَفَ الْهَوٰى بِیْ حَیْثُ اَنْتِ فَلَیْسَ لِیْ

البار للتعدیة۔ والمتاخر والمتقدم کلاہما اسم ظرف او مصدر ان **ترجمہ** محبت نے مجھکو وہان لیجاکر کھڑا کردیا جہان اے معشوقہ تو ہے سوا ب میرے لیئے نہ پیچھے ہٹنے کی جگہ ہے اور نہ آگے بڑھنے کی یعنی حیران و بیحواس کھڑا ہون۔

حُبًّا لِذِكْرِكِ فَلْیَلُمْنِی اللُّوَّمُ	اَجِدُ الْمَلَامَةَ فِیْ هَوَاكِ لَذِیْذَةً

ترجمہ مین تیری محبت مین ملامتگرون کی ملامت کو مزیدار پاتا ہون بسبب محبت تیرے ذکر کے کیونکہ ملامتگر آخر تیرا ذکر کرتے ہین سو اب مناسب ہے کہ ملامتگر مجھکو دل کھولکر ملامت کرین۔

اِذْ كَانَ حَظِّیْ مِنْكِ حَظِّیْ مِنْهُمُ	اَشْبَهْتِ اَعْدَائِیْ فَصِرْتُ اُحِبُّهُمْ

ترجمہ تو میرے دشمنونکی ہمرنگ ہوگئی اسلیئے کہ مجھکو تجھسے ویسا ہی عداوت اور ستانیکا حصہ ملتا ہے جیسا کہ مجھکو دشمنون سے تکالیف کا حصہ ملتا ہے اور جب تو دشمنون کی مشابہ ہوگئی تو بوجہ تیری مشابہت کے مین دشمنونکو چاہنے لگا۔

مَا مَنْ یَهُوْنُ عَلَیْكِ مِمَّنْ یُكْرَمُ	وَاَهَنْتِنِیْ فَاَهَنْتُ نَفْسِیْ صَاغِرًا

ترجمہ اور تو نے مجھکو ذلیل کیا سو مین نے اپنے نفس کو بہت شدت سے ذلیل کردیا کیونکہ جو تیرے نزدیک ذلیل ہے وہ قابل تعظیم نہین ہے یعنی ہر طرح مین تیری مرضی کا تابع ہون۔ **وقال آخر**

ہو حمید بن ثور الہلالی رضی اللہ عنہ مخضرم صحابی وکان یکنی بالسرحة وہی الشجرة التی لاشوک فیہا عن المحبوبة بعد ما منع عن التشبیب بہا۔

ولا عَزوَ الّا ما یُخبّرُ سالمٌ ۔۔۔ بانّ بنی استاهها نذروا دمی

سالم مولی الشاعر۔ و تبوالاستاه سبٌّ عندہم معناہ انہم ولد واست استاہ امہاتہم فہم کالبراز والمجرور فی استاہہا لامہاتہم۔ والدم القتل ترجمہ کوئی تعجب کی بات نہین ہی مگر وہ خبر جو میری مولی سالم نے بیان کی وہ یہ ہی کہ اپنی مادر نکی پاخانون نے میری قتل کی منت مانی ہی۔

وَمَالِیَ مِن ذَنبٍ الیهم علمتُه ۔۔۔ سوی انّنی قد قلتُ للسّرحة اسلَمی

ترجمہ اور مین نے اونکا کوئی قصور جو مجھکو معلوم ہو نہین کیا سوا اس امر کے کہ مین نے اپنی محبوبہ سرحہ سی کہا کہ سلامت رہ۔

نَعَم فاسلمی ثم اسلمی ثُمّتَ اسلمی ۔۔۔ ثلاثَ تحیّاتٍ وان لم تکلّمی

ثمت لعطف الجملة علی الجملة اخص من ثم فانہا اعم منہ۔ وثلث منصوب علی المصدریة ترجمہ ہان کہا مین نے اور پھر کہتا ہون کہ تو بچی رہ پھر بچی رہ پھر بچی رہ۔ تجھکو تین تحفہ سلام کے بھیجتا ہون اگرچہ تو مجھسے کلام نہین کرتی ہی۔ وقال خُلَیدٌ مولی العباس بن محمد ونسب فی الاغانی الی عبد اللّٰہ بن الدُّمَینة وکان یہوی امراۃ من قومہ فارسلت الیہ ان اہلی قد نہونی عنک فارسل الیہا۔

خلید مولی العباس

اَما والراقصاتِ بذاتِ عِرقٍ ۔۔۔ وَمَن صلّی بنعمانَ الاراکِ

الرقص محرکة السیر السریع للابل۔ وذات عرق میقات اہل العراق وہو موضع بالبادیة ونعمان اودٍ علی قرب مکة اضیف الی الاراک لکثرتہا بہا ترجمہ خبردار ہواے معشوقہ مین قسم کہاتا ہون اون شترونکی جو بمقام ذات عرق تیز چلتے ہین اور قسم ہی اون حاجیون کی جنہون نے بمقام نعمان جہان پیلو کی درخت یاد وہین نماز پڑھی جواب قسم اگلے شعر مین ہی۔

لقد اضمرتُ حُبّکِ فی فؤادی ۔۔۔ وما اضمرتُ حُبًّا من سواکِ

ترجمہ بخدا مین نے تیری محبت اپنے دل مین چھپا رکھی ہی اور تیری سوا کسی اور کی محبت اپنے دل مین نہین چھپائی۔

اَطعتِ الآمریکِ بصرمِ حبلی ۔۔۔ مُریهم فی احبّتهم بذاکِ

ترجمہ جو لوگ مجھسے القطع کرنیکا تجھکو حکم کرتے ہین اونکی تونے اطاعت کی اب تو اونکو اونکی دوستون سے القطع کرنیکا حکم کر۔

فَاِن هُم طاوعوکِ فطاوعیهم ۔۔۔ وان عاصوکِ فاعصی من عصاکِ

ترجمہ سو اگر وہ لوگ اپنے دوستون سے القطع کرنے مین تیرا کہنا مانین تو تو بھی مجھسے القطع کرنے مین اونکا کہنا مان لی اور اگر اس باب مین وہ لوگ تیرا کہنا نہ مانین تو تو بھی اوسکا کہنا نہ مان جسنے تیرا کہنا نہ مانا۔

رعاکِ اللّٰہُ یا سلمی رعاکِ ۔۔۔ ودَفّا ولّهِ باللہ فات الاراکِ

ترجمہ اے سلمی خدا تیری حفاظت کرے اور تیرے گھر کی جو بمقام لوی ہے پیلو کے درختوں والا

قتلت بفاحم وبذی غروب	اخا قوم وما قتلوا اخاك

الفاحم الشعر الاسود۔ والغروب جمع غرب هو الحدة واللمعان ترجمہ تو نے اپنے سیاہ بالوں اور چمکدار دانتوں سے قوم کے بھائی یعنے مجھکو مار ڈالا حالانکہ قوم نے تیرے بھائی کو قتل نہیں کیا یعنے وہ بقیصہ ہے۔ وقال ابو التمقام الاسدی

ابو التمقام الاسدی

اقرء علی الوشل السلام وقل له	کل المشارب مذ هجرت ذمیم

الوشل محرکۃ جبل تهامۃ وهجرت مجهول ترجمہ کہ وشل سے میرا سلام کہہ اور اسے میری طرف سے یہ کہدے کہ تمام پانی کے گھاٹ جبسے تو مجھسے جدا کیا گیا ہے مجھکو برے معلوم ہوتے ہیں۔

سقیا لظلك بالعشی وبالضحی	ولبرد ماءك والمیاه حمیم

ترجمہ خدا تیرے سایہ کو تر و تازہ و بہار رکھے آخر روز میں اور چاشت میں اور تیرے پانی کی خنکی کو جبکہ اور تمام پانی گرم ہوتے ہیں۔

لو کنت املك منع ماءك لم یذق	ما فی قلاتك ما حییت لئیم

القلت النقرة فی الجبل جمع علی القلات ترجمہ اگر مجھکو تیرے پانی کے لوگون سے روکنے کا اختیار ہوتا تو جبتک میں زندہ رہتا اوس آب قلیل کو جو تیرے گڑھوں میں جمع ہوجاتا ہے کوئی ناکس و بخیل نہ چکھ سکتا۔ وقال ابن الدمینۃ یهوی امراۃ من قومه یقال لها امامۃ فهام بها مدۃ فلما وصلته جعل یتقطع عنها ثم زارها یوما فتعاتبا طویلا فانشد

ابن الدمینۃ

وانت التی کلفتنی دلج السری	وجون القطا بالجلهتین جثوم

الدلج محرکۃ سیر اول اللیل والسری اعم منه۔ والجون بالضم جمع جون بالفتح یقال للابیض والاحمر والاسود جمع جونی۔ والجلهۃ بالجیم ناحیۃ الوادی و جثم الطائر اذا الصق صدره بالارض ترجمہ اے محبوبہ تو وہ ہے کہ شب گردی میں تو نے مجھے اول رات سے چلنے کی تکلیف دی ہے ایسے آرام کے وقت کہ ایسے صحرای لق و دق میں کہ وہاں رنگ برنگ کی قطا کھالی کے دونوں طرفوں میں سبب خوف کے نہ گر کسی صیاد کے اپنے سینوں کو زمین سے لگائے آسائش سے بیٹھے ہیں۔

وانت التی قطعت قلبی حزازة	وقرفت قرح القلب فهو کلیم

الحزازة وجع القلب۔ وقرف القرح اذا قشره ترجمہ اور تو وہ ہے کہ بسبب درد کے میری دل کو تو نے پارہ پارہ کر دیا ہے اور تو نے میری دل کے زخم کا کھرنڈ اوتار دیا ہے سو اب وہ سخت زخمی ہے۔

وانتِ التی اَحفَظتِ قومی فکلُّهم ۔۔۔ بعیدُ الرضا دانی الصُّدودِ کظیمُ

ترجمہ اور تو وہ ہے کہ تو نے میری قوم کو مجھ پر غضبناک کر دیا ہے اب وہ سب ایسے ہیں کہ اونکی خوشنودی مجھسے دور ہے اور اونکا اعراض مجھسے قریب ہے اور اپنے غصہ کو مجھ پر ضبط کیے ہوئے ہیں۔ فاجابتہ ابلّا امتہ علیٰ وزنہا ورویّہا

وانتَ الذی اَخلفتَنی ما وعدتَنی ۔۔۔ واشمتَّ بی مَن کان فیکَ یلومُ

ترجمہ اور تو وہ ہے کہ تو نے جو مجھسے وعدے کیے تھے اونکا خلاف کیا اور تو نے اون لوگون کو میرے معاملہ مین خوش کیا جو مجھکو تیری بابت ملامت کرتے تھے۔

وَابرزتَنی للناسِ ثُمَّ ترکتَنی ۔۔۔ لهُم غَرَضًا اُرمیٰ وانتَ سلیمُ

ترجمہ اور تو نے مجھکو لوگون کے روبرو ظاہر کر دیا یعنی پردہ فاش کر دیا پھر تو نے مجھکو اونکی ملامت کا نشانہ کرکے چھوڑا کہ مجھ پر ہر دم ملامت کے تیر لگائے جاتے ہین اور تو تمام آفتون سے بچا ہوا ہے۔

فلوانَّ قولًا یکلِمُ الجسمَ قد بَدا ۔۔۔ بجسمی من قولِ الوشاةِ کُلومُ

ترجمہ سو اگر کوئی بات جسم کو زخمی کرے یعنی دلکی ساتھ تو میرے جسم مین چغلخورون کے قول سے بہت سے زخم ظاہر ہین۔

وقال المعلوط بن بدل السعدی

معلوط بن بدل السعدی

اِنَّ الظعائنَ یومَ جوِّ سُوَیقةٍ ۔۔۔ اَبکَینَ عندَ فراقِهنَّ عیونَا

الجو الارض للطمئنہ سویقہ لجہینہ موضع ترجمہ بیشک ہودج نشین عورتون نے بروز میدان بالکھا در مقام سویقہ کے یعنے بروز رخصت مقام مذکور اپنے فراق کیوقت بہت سی آنکھونکو رولایا۔

غَیَّضنَ من عَبَراتِهنَّ وقُلنَ لی ۔۔۔ مَاذا لقیتَ من الهویٰ ولقینا

ترجمہ وہ کسیقدر اپنے آنسوونکو پی گئین تاکہ راز عشق فاش نہو اور مجھسے کہا کہ تو نے اور ہمنے عشق سے سوائے اندوہ فراق اور کیا حاصل کیا۔

بَل لو یُساعِفُنا الغیورُ بدارِہ ۔۔۔ یومًا لقد مات الهویٰ وحَیِینا

بل ہہنا للانتقال من غرض الی آخر و ساعفہ وافقہ وقضی حاجتہ ترجمہ اب مطلب یہ ہے کہ اگر محبوب غیرتمند کسی روز اپنے گھر مین ہمسے ملجاوے اور مطلب براری کرے تو بیشک ہمارا عشق مرجاوے اور ہم جی جاوین۔ کیونکہ وصل کے بعد حرارت عشق طبعًا سرد ہو جاتی ہے۔ وقال جمیلٌ

جمیل

وماذا عسی الواشون ان یتحدّثوا ۔۔۔ سویٰ اَن یقولوا اِنَّنی لکِ عاشقُ

ترجمہ اور کون سی بات چغلخور اب ذکر کرینگی سواے اس امر کہ وہ تجھسے کہیں کہ میں تیرا بلاشک عاشق ہون۔

نعم صدق الواشون انت کریمۃ	الی وان لم تصف منک الخلائق

ترجمہ ہان غماز سچ بولی کیونکہ تو میری محبوبہ ہے اگرچہ تیری عادتین صاف شیرین نہین ہین بلکہ مکدر و تلخ ہین۔ وقال آخر

واذا اعتبت علی بت کانبی	باللیل مختلس الرقاد سلیم

اختلس الشئی اخذہ بسرقۃ۔ والسلیم اللدیغ ترجمہ اور جب تو مجھ پر خفا ہوتی ہے تو مین ایسے اضطراب مین شب گذارتا ہون کہ گویا رات کو میری نیند اوچک لیگئی ہے اور میرے تو بچھو نے کاٹ لیا ہے۔

ولقد اردت الصبر عنک فعاقنی	علق بقلبی من هواک قدیم

العلق محرکۃ الحب اللازم ترجمہ اور مین نے بیشک تجھسے صبر کرنیکا ارادہ کیا سو صبر کرنے سے میری محبت کی قدیم رابطہ نے جو میرے دل میں ہے روک لیا۔

یبقی علی حدث الزمان وریبہ	وعلی جفائک انہ لکریم

ترجمہ وہ رابطہ عشق باوجود حوادث وانقلاب زمانہ اور تیری جفا کے باقی رہیگا کیونکہ وہ رابطہ اور علاقہ نہایت عمدہ ہے۔ وقال آخر

الم علی دمن تقادم عہدہا	بالجزع واستلب الزمان جمالہا

الدمن جمع دمنۃ وہی سم الدار۔ والجزع موضع ترجمہ بمقام جزع محبوبہ کی مکانکی کھنڈر و نپر جنپر بہت زمانہ گذر گیا اور روزگار نے اوسکا جمال اور اوسکی رونق چھین لی ہے تو فروکش ہو۔

رسم اقامت لتا الغرانق ما بہ	الا الوحوش خلت لہ وخلالہا

الغرانق بفتح المعجمۃ جمع غرانق بضمہا وہو الشاب الناعم ترجمہ یہ کھنڈر اوس محبوبہ کے گھر کے نشان ہین جو جوانان نازک اندام کو ناز و ادا سے قتل کرتی تھی اب اوسمین سواے وحشی جانور و نکے کچھ نہین ہے وہ وحشی اوس گھر کے مستقل مالک ہین اور وہ گھر خاص اونکے لیے ہوگیا ہے۔

ظلت تسائل بالمتیم اہلہ	وہی التی فعلت بہ افعالہا

الباء بمعنی عن ترجمہ اوس محبوبہ نے عاشق کا حال اوسکے کنبے سے پوچھنا شروع کیا کہ کس نے اوسکو ہلاک و تباہ کرڈالا اور حال یہ ہے کہ خود اوس محبوبہ نے ہی اوس عاشق کے ساتھ ایسے کام کیے ہین یعنے یہ ہلاک کرنا اوسیکا کام ہے تجاہل کرتی ہے۔ وقال آخر

وما برح الواشون حتی ارتموا بنا	وحتی قلوب عن قلوب صوادف

خبرہا مع محذوف ای یسعون بیننا۔ وتصدف عنہ اذا امال عنہ ترجمہ اور ہمیشہ چغلخور ہماری درمیان غمازی کرتے رہے یہان تلک کہ ہماری دوری
تیر بار ہوا اور یہان تلک کہ معشوقونکے دل عاشقونسے اعراض کرنے لگے۔

وحتی رأینا احسن الوصل بیننا ۔ مساکتۃ لا یقرف الشر قارف

المساکتۃ المشارکۃ فی السکوت ای سکوت المحب والمحبوب۔ وقرف الشر کسبہ ترجمہ اور یہانتک کہ برابر خاموش رہنے کو ہمنے عمدہ وصل سمجھا تاکہ
غماز سمجھ کہ نسکین اور برائی کمانی والے یعنی غماز ہمارے لیے برائی نہ اکٹھا کرین۔ وقال آخر

فان ترجع الایام بینی وبینہا ۔ بذی الاثل صیفا مثل صیفی ومربعی

ذوالاثل موضع۔ والمربع الربیع ترجمہ سو اگر زمانہ مجھ مین اور اوس مین زمانہ صیف مثل میری صیف گذشتہ کے اور ربیع مثل میری
ربیع گذشتہ کے جیسے مقام ذی الاثل عیش مین گذرے ہین لوٹا لادے۔

اشد بالعناق النوی بعد ہذہ ۔ مرائر ان جاذبتہا لم تقطع

المرائر جمع مریرۃ وہو الحبل المحکم ترجمہ تو جدائی کے گردنون مین اسکے بعد ایسی مضبوط رسیان باندھونگا کہ ای محبوبہ یا ایمخاطب اگر تو اوسکو
کھینچے تو نہ ٹوٹین پس فراق قید رہیگا اور محبوبہ اور عشاق کی طرف نہ جاسکیگا۔ وقال کلثوم بن صعب

دعا داعیا بین فمن کان باکیا ۔ معی من فراق الحی فلیاتنی غدا

ثنی الداعی علی عادتہم کقولہم نعی ناعیا عمرو الخ ترجمہ محبوبہ کو فراق کے دو پکارنے والون نے پکارا سو وہ مجھسے ضرور جدا ہوگی تو اب
فراق قوم محبوبہ مین جو میرے ساتھہ رونا چاہے صبح کو میرے پاس آجاوے تاکہ ہم ملکر رووین۔

فلیت غدا یوم سواہ وما بقی ۔ من الدہر لیل یحبس الناس سرمد

ترجمہ جب اوسکا سفر کل صبحکو ٹھیرا ہی تو کاش کل کوئی اور دن ہوجاوے اور کاش جو زمانہ سے باقی رہا ہی وہ سب ایک رات
ہوجاوے کہ لوگون کو ہمیشہ روکے رکھے تاکہ صبح نہو کہ معشوق جاوے۔

لتبک غرانیق الشباب فاننی ۔ اخال غدا من فرقۃ الحی موعدا

الغرانیق جمع غرنوق وہو الشاب الجمیل۔ والشباب جمع شاب ترجمہ مناسب ہی کہ خوشرو جوان رووین کیونکہ مین سمجھتا ہون کہ کل قوم کی
جدائی کا (جس مین محبوبہ بھی ہی) وقت ہی یا قوم کی جدائی سے قیامت برپا ہوگی۔

وقال زیاد بن جمل بن سعد بن عمیرۃ بن حریث

التیمی العدوی واتی الیمن فلم یوافقه فنزع الی وطنه بطن الرمة وهو واد بنجد بتشدید المیم وتخفیفها

لا حبذا انت یا صنعاء من بلد	ولا شعوب هوی منی ولا نقم

ذا فاعل حب بمعنی شئ۔ وصنعاء بلد معروف من بلاد الیمن۔ وشعوب ونقم موضعان بالیمن۔ والهوی بمعنی المهوی ترجمه تو اچھا شہر نہین ہی اے صنعاء اور نہ مقام شعوب مجھکو محبوب ہی اور نہ مقام نقم۔

ولن احب بلادا قد رأیت بها	عنسا ولا بلدا حلت به قدم

عنس وقدم حیان من الیمن ترجمه اور مین ہرگز دوست نہین رکھتا ہون اون شہرونکو جہان مین نے قبیلۂ عنس کو دیکھا اور نہ اوس شہر کو جہان قوم قدم فروکش ہی۔

اذا سقی الله ارضا صوب غادیة	فلا سقاهن الا النار تضطرم

الصوب المطر۔ والغادیة السحابة التی تغدو نهارا ترجمه جبکہ خداوند تعالی کسی زمین کو باران صبح سے تر و تازہ کرے تو اون شہرونکو سوائے آتش شعلہ زن کے کچھ اور نہ پلاوے۔ اون شہرون کو کوستا ہی۔

وحبذا حین تمسی الریح باردة	وادی المشی وفتیان به هضم

باردة الریح اذا هبت شدیدة۔ ووادی المشی موضع۔ والهضم بضمتین جمع هضوم وهو من ینفق ماله غیر مبال به ترجمه اور جسوقت شام کو تیز ہوا چلے یعنی ٹھنڈا ہو تو وادی المشی اور جوانمرد سخی لوگ اوسمین رہتے ہین نہایت عمدہ اور اچھے ہین۔

الواسعون اذا ما جر غیرهم	علی العشیرة والکافون ما جرموا

الواسع من له الوسع والقدرة مرفوع علی الخبریة او نعت لفتیان ترجمه وہ جوانمرد مقدور والے ہین جبکہ اور لوگ قوم پر ظلم کرین یعنے اونکی طرف سے تاوان ادا کر دیتے ہین اور جبکہ وہ خود آپ وہ نہ زیادتی کرین اور اس سبب سے اونکو تاوان و دیت دینی پڑے تو اپنا بوجھ اور وہ نہین ڈالتے بلکہ آپ ادا کر دیتے ہین۔

والمطعمون اذا هبت شامیة	وباکر الحی من صرادها صرم

شامیة منصوب علی الحال کنی بهبوب الریح الشامیة عن القحط فانها تکون باردة۔ وباکر اذا اتاه بکرة۔ والصراد کرمان السحاب الرقیق الذی لا ماء فیه والصرم کعنب جمع صرمة وهو القطعة من السحاب ترجمه وہ لوگ مہمانون اور مساکین کو کھانے کھلانے والے ہین جبکہ شامی ہوا چلنے لگی یعنے قحط ہو جاوے اور جبکہ قوم پر ابر رقیق بے آب کا کوئی ٹکڑا علی الصباح آجاوے جیسا کہ ایام قحط مین ہوا کرتا ہی

وشتوة فلّلوا انياب لزبتها ‏ ‏ ‏ عنهم اذا كلحت انيابها الازم

الشتوة ههنا القحط واللزبة الشدة. والكلوح بدوّ الاسنان عند العبوس. والازم جمع ازوم وهو شديد العض ترجمہ اور بہت سے قحط ہیں کہ ان لوگوں نے اوسکی شدت کے دانت قوم سے دفع کرنے کو توڑ ڈالے ہیں جبکہ اوس قحط کی کچلیاں سخت کاٹنی والی بسبب ترشروئی کے باہر نکل آئیں۔ قحط کو درندہ ٹھیرایا ہے۔

حتى انجلى حدّها عنهم وجارهم ‏ ‏ ‏ بنجوة من حذار الشر معتصم

حتى غاية للتفليل. وانجلى انكشف. والنجوة ما ارتفع من الارض والمراد به العز والمنعة ترجمہ قحط کے دانت یہانتک توڑے کہ اوسکے دانتونکی تیزی اونسے دور ہوگئی ایسے وقت میں کہ اونکا ہمسایہ بسبب خوف تکلیف کے ایک اونچی جگہہ پر چنگل مارنیوالا یعنے پناہ گزین تھا اونکی حمایت مین۔

هم البحور عطاء حين تسألهم ‏ ‏ ‏ وفي اللقاء اذا تلقى بهم بهم

البهم جمع بهمة وهو الشجاع والجيش العظيم ترجمہ جبکہ تو اونسے سوال کرے تو عطا کے لحاظ سے وہی لوگ دریاؤن کی مانند ہیں اور لڑائی میں جب تو اونسے مقابلہ کرے تو وہ لوگ بہادر یا بجائے خود ایک لشکر ہیں۔

وهم اذا الخيل جالوا في كواثبها ‏ ‏ ‏ فوارس الخيل لا ميل ولا قزم

جال الرجل اذا استوى على ظهر الفرس. والكواثب جمع كاثبة اعلى ظهر الفرس. والميل بالكسر جمع اميل وهو من يميل عن السرج الى جانب ولا يستقيم على ظهر الفرس. والقزم محركة صغار الناس وارذالهم ترجمہ اور وہی لوگ گھوڑونکے شہسوار ہیں جبکہ اونکی پشتون پر سوار ہو جاتے ہیں تو نہ کسیطرف کو جھکتے ہیں اور نہ بسبب میدان سے بھاگنے کے کمینے اور رذیل بنتے ہیں۔

لاقيت بعدهم حيا فاخبرهم ‏ ‏ ‏ الا يزيدهم حبا الي هم

خبره امتحنه والمضارع بمعنى الماضي. ويروى فاخبرهم بالرفع على الانقطاع عن الاول وبالنصب على اضمار ان. وهم الاخير فاعل تزيد وهو للممدوحين ووضع الضمير المنفصل موضع المتصل اذ حق العبارة ان يقول الا يزيدونهم حبا الي ترجمہ میں ممدوحین کے فراق کے بعد کسی قوم سے نہین ملا اور اونکو آزمایا مگر ممدوحین باعتبار محبت میرے نزدیک سب سے زیادہ بڑھ گئے کیونکہ اونکی صفات حسنہ اورونمین نہ ملین۔

كم من فتى فيهم حلو شمائله ‏ ‏ ‏ جم الرماد اذا ما اخمد البرم

الجم الكثير وكثير الرماد كناية عن الجواد. واخمد الرجل اذا سكن وسكت واخمد النار اطفاها والبرم من لا يدخل مع القوم في القمار ويكنى به عن البخيل ترجمہ اون ممدوحین مین بہت سے جوانمرد شیرین اخلاق سخی ہیں ایسے وقت میں کہ بخیل اپنی آگ بخوف مہمان بجھا دے۔

تحب زوجات اقوام حلائله ۞ اذا الانوف امتری مکنونها الشبم

الحلائل جمع حلیلة زوج الرجل ۔ وامتری استخرج ۔ والشبم البرد الشدید وکنی بہ عن القحط واراد بالمکنون ما یخرج من المخاط عند شدة البرد ترجمہ اقوام ہمسایہ کی بیبیان اوسکی بیبیون کو اوسوقت دوست رکھتی ہین جبکہ ناکونکی پوشیدہ چیز یعنی رطوبت کو سرما ی سخت نکالدالے یعنے ایام شدت سرما مین جنمین قحط ہوتا ہی ۔ خلاصہ یہ کہ وہ جوانمرد کشادہ دست اپنی عیال کو نفقہ بکثرت دیتا ہی اور اوسکے عیال اوسکے ہمسایہ کی بیبیون کو کھلاتی ہین اسلیئے وہ محبوب ہین ۔

تری الارامل والهلاک تتبعه ۞ یستن منه علیهم وابل رذم

الاستنان الانصباب ۔ والوابل المطر الکثیر ۔ والرذم السائل ترجمہ ای مخاطب تو رانڈ عورتون اور مساکین کو جو بسبب فاقہ کے قریب ہلاکت ہین اوسکے پیچھے لگا ہوا دیکھے گا ایسے حال مین کہ او نپر اوسکی طرف سے باران کثیر بہنے والا برستا ہوگا ۔

کان اصحابه بالقفر یمطرهم ۞ من مستحیر غزیر صوبه دیم

القفر الارض الخالیة عن الماء والکلاء ۔ والمستحیر السحاب اذا اقام علی مکان لثقله من الماء کانه حیران ۔ والغزیر الکثیر ۔ والصوب الانصباب فاعل غزیر ۔ والدیمة المطر الدائم جمعه دیم فاعل یمطر ترجمہ گویا اوسکے یارون پر جبکہ وہ چٹیل میدان مین ایک بھاری ابر سے جو بہت ٹھہرنے والا ہی ہمیشہ باران سخاوت برستا ہی ۔

غمر الندی لا یبیت الحق یثمده ۞ الا غدا وهو سامی الطرف مبتسم

ثمده نقصه ۔ واراد بالحق ما یلزمه من قری الاضیاف اوحمل الدیات ترجمہ وہ کثیر العطا ہی فکر امور واجب یعنی ضیافت مہمانان و ادای تاوانات مجرمان اوسکو بوقت شب نہین ستاتی مگر کہ وہ صبح کو بلند نظر اور مسکراتا اوٹھتا ہی یعنے باوجود ان تفکرات شب کے ملول نہین ہوتا بلکہ خندہ پیشانی رہتا ہی ۔

الی المکارم یبنیها ویعمرها ۞ حتی ینال امورا دونها قحم

الجار والمجرور متعلق بسامی الطرف او مبتسم ۔ والقحم جمع قحمة وهی الشدة ترجمہ وہ شخص بلند نظر ہی اچھے کامونکی طرف کہ اونکی بنیاد ڈالتا اور اونکو آباد یعنے درست کرتا ہی یہانتک کہ اون امور دشوار پر کامیاب ہوتا ہی کہ ہلاکی اونسے پہلے ہی ۔

تشقی به کل مرباع مودعة ۞ عرفاء یشبو علیها تامک سنم

تشقی به شام به ۔ والمرباع الناقة التی تلد فی الربیع وهی عزیزة عندهم ۔ والمودعة المتروکة عن الحمل والرکوب ۔ والعرفاء التی یکون علی

عنقها كعرف الفرس۔ وشبا عليه بالمعجمة فالموحدة علاه۔ والتامك السنام المرتفع۔ والسنم كلكتف العالي لقال بعير سنم اي مشرف السنام

ترجمہ اوس جوانمرد کے سبب سے ایسی ہر ناقہ کی کہ بختی لگتی ہے جو ایام بہار مین بیائی اور جسپر بسبب نفاست کی سواری اور بار برداری کی جاتی

اذا نصبت للطارقین حسبتہا | نعامۃ جرباء تقاصر جیدہا

الجرباء بالجیم فالمہملۃ فالموحدۃ قریۃ ترجمہ جب وہ دیگ رات کی مہمانونکے لیئے دیگدان پر چڑہائی جاتی ہی تو تو اوسکو شتر مرغ مقام جربا کا خیال کرے
جسکی گردن اور شتر مرغ سے چہوٹی ہے ۔

تبیت المحال الغر فی حجراتہا | شکاری مراہا ماؤہا وحدیدہا

المحال فقار الظہر من البعیر ۔ ومعنی کونہا بیضاً غراً کونہا ذوات شحم ابیض والحجرات النواحی ۔ والشکاری جمع شکری وہی الناقۃ التی امتلأ
ضرعہا من اللبن ۔ والمری استخراج اللبن ۔ ومار القدر مرتہا وحدیدہا مغرفتہا ترجمہ مہرہاے پشت شتر یعنے اوسکے ملکڑے کی ہڈیان
بسبب چربی کے سفید ہو رہی ہین اوس دیگ کی گوشونمین اسیطرح رات کو پکتی ہین گویا وہ ناقہاے شیردہ ہین جنکے تھن دودھ سے پر ہین او
دیگ کا دودھ دوہنا اوسکا شوربا اور اوسکا چمچہ ہی یعنے اوسکا دودھ شوربہ اور دوہنے والا چمچہ ہی ۔

بعثنا الیہا المنزلین فحاولا | المنزلین لاہا وہی حام حیودہا

المنزلین تثنیۃ المنزل اسم فاعل وفیہ اشعار لعظمہا حیث لم یقدر علی انزالہا رجل واحد والحامی الحار ۔ والحیود جمع حید بالمہملتین منہما تحتانیۃ ہو ما
من نواحی الشیٔ ترجمہ ہم نے اوس دیگ کو اوتارنے کو بعض دیگدان سے دو آدمی بھیجے کیونکہ وہ ایک سے نہین او تر سکتی تھی بسبب کلانی
سو اون دونون نے اوسکے اوتارنیکا ارادہ کیا حال آنکہ اوسکی کناری گرم تھی یعنی جب پک گئی تو اوسے اوتارا ۔

فباتت تعد النجم فی مستحیرۃ | سریع بایدی الآکلین جمودہا

المستحیرۃ الجفنۃ الممتلئۃ وکنی بسرعۃ الجمود عن شدۃ البرد ترجمہ سو تیری آئی ایسی حالت مین رات گذاری کہ ساتون ستاری ثریا کی اوس کہر
اور چربی سے پر تھا شمار کرتی رہی کیونکہ چربی نہایت صاف تھی کہ ایسی چھوٹی چھوٹی دور کی چیزین اوسمین صاف معلوم ہوتی تھین اور سردی کا یہ حال تھا کہ
کہانیوالونکے ہاتھون پر بہت جلد جمی جاتی تھی

فلما سقیناہا العکیس تملأت | مذاخرہا وارفض رشحا وریدہا

العکیس لبن یصب علی مرق وکان مرغوباً عندہم ۔ والمذاخر الامعاء والعروق واسافل البطن ۔ وارفض العرق انصب قلیلاً ۔ والو

عرقان في العنق ـ ترجمہ سو جبکہ ہمنی اوسکو شوربہ پر دود ڈالکر ملا پایا تو اوسکی رگین اور آنتین اور تونبہ پھول گئین اور اوسکی رگ گردن سے چکنائی سی کچھ چھوٹنے لگی

وَلَمَّا قَضَت مِن ذِي الإِنَاءِ لُبَانَةً ـــ أَرَادَت إِلَى السَّاحَاتِ لَا نُرِيدُهَا

ترجمہ اور جبکہ ان برتنونسے جنمین کہانا ادرہ ووتہا اوسنی اپنا مطلب پورا کرلیا تو اوسنی ہمسے ایک ایسی مطلب کی درخواست کی جسکی ہمکو رغبت نہ تہی یعنی ہمسے طالب صحبت ہوئی جو اوسکی بدصورتی وکلان سالی کی سبب ہمکو منظور نہ تہی ـ وقال رجل من بني أسد

دَبَبتَ لِلمَجدِ وَالسَّاعُونَ قَد بَلَغُوا ـــ جَهدَ النُّفُوسِ وَأَلقَوا دُونَهُ الأُزُرَا

الأزر جمع إزار وكنى بالقاء الإزار عن غاية السعي ـ ترجمہ تو بزرگی حاصل کرنیکو چیونٹی کی چال چلا اور حال یہ ہی کہ اور کوشش کرنیوالونسے اسمین اپنی جان کہپادی اور نہایت کوشش کی پس تجھکو کیونکر بزرگی ہاتھ آسکتی ہی

فَكَابَرُوا المَجدَ حَتَّى مَلَّ أَكثَرُهُم ـــ وَعَانَقَ المَجدَ مَن أَوفَى وَمَن صَبَرَا

كابره إذا قاتله في الكبر ترجمہ سو اون لوگون نے بزرگی کی حصول کی لیئے مصائب اور شدائد کا مقابلہ کیا یہانتک کہ ادمنین سی بہت سی لوگ تھک کر بیٹھ رہی اور سعی چھوڑدی اور بزرگی سی اوس شخص نے معانقہ کیا جسنے ایفاء عہد اور شدائد پر صبر کیا یعنی تجھسے یہ کام نہین ہو سکتے ـ

لَا تَحسَبِ المَجدَ تَمرًا أَنتَ آكِلُهُ ـــ لَن تَبلُغَ المَجدَ حَتَّى تَلعَقَ الصَّبِرَا

الصبر ككتف عصارة معروفة ترجمہ تو بزرگی کو سہل الحصول اس خرما کی مانند جسکو تو کہاتا ہی مت سمجھ ـ سن تو بزرگی تلک ہرگز نہین پہونچیگا یہانتلک کہ تو ایلوا چاٹے یعنی امور مکروہ کا تحمل کرے ـ وقال آخر

وَمُستَعجِلٍ بِالحَربِ وَالسِّلمُ حَظُّهُ ـــ فَلَمَّا استُثِيرَت كَلَّ عَنهَا مَحَافِرُه

استعجل الشيء إذا طلب عجلته ولم يصبر إلى وقته ـ واستثيرت مجهول من استثار الأرض إذا حفرها ـ والمحافر جمع محفر وهو ما يحفر به الأرض وأراد به السلاح ترجمہ اور بہت لوگ لڑائی مین شتابی کرنیوالے ہین ایسے وقت مین کہ اونکا حصہ یعنی اونکو لائق صلح ہی سو جب لڑائی اوٹھائی گئی تو اونکی سلاح وہتھیار لڑائی مین کند ہوگئی یعنے چونکہ وہ لائق جنگ نتھی لہذا اونسے لڑائی مین کچھ ہو نسکا ۔

وَحَارَبَ فِيهَا بِامرِئٍ حِينَ شَمَّرَت ـــ مِنَ القَومِ مِعجَازٍ لَئِيمٍ مَكَاسِرُه

الضمير المجرور فيها للحرب كذا الساكن في شمرت ـ والمكاسر الأصول ترجمہ اور جب لڑائی طیار ہوئی تو وہ قوم مین ایسے شخص سے لڑا جو نرا اپاہج تہا اور اوسکو مان باپ ناکس وکمینہ تہی

فَأَعطِ الَّذِي يُعطِي الذَّلِيلَ وَلَم يَكُن ـــ لَهُ سَعيُ صِدقٍ قَدَّمَتهُ أَكَابِرُه

ترجمہ سواوس جلد باز اوس اپاہج عاجز کو وہ چیز دی جسکو ذلیل شخص پاکرتا ہی یعنی ذلت فرار یا قید ہو جانیکے۔ خلاصہ یہ کہ وہ اپاہج سے بھی

عہد برا نہوا اور اوسکی ایسی عمدہ کوشش نہ تھی جو اوس سے پہلے اوسکی بڑی کرگئے ہوں جنکا یہ اقتدا کرتا۔ **وقال اسمٰعیل بن عمار الاسدی**

قالہا لما مات بشر بن غالب واشتری دارہ ہلال بن مرزوق وفیہا ہجاء لہلال ۔

بکت دار بشر شجوہا اذ تبدلت ۔ ہلال بن مرزوق ببشر بن غالب

انتصب شجوہا علی انہ مفعول لہ ترجمہ بشر بن غالب کی حویلی بسبب اپنے غم کے روئی جبکہ اوسنے ہلال بن مرزوق کو بشر بن غالب کی عوض

بدل لیا کیونکہ ہلال لئیم اور بشر کریم تھا ۔

وہل ہی الا مثل عرس تبدلت ۔ علی رغمہا من ہاشم فی محارب

ترجمہ اور اب حال اس حویلی کا نہیں ہی مگر اوس دلہن کی مانند جسنے اول اپنا نکاح بنی ہاشم جیسے عمدہ لوگوں مین کیا ہو پھر اپنی خلاف مراد بنی محارب

جو ایک ذلیل قوم ہی چلی گئی ہو۔ **وقالت امراۃ** قتل زوجہا فی جوار الزبرقان فلم یطلب بثارہ

ہی امراۃ مالک بن حیۃ المحاربی احد محارب بن عمرو۔ ومن حدیثہ انہ کان جار الزبرقان ابن بدر احد بنی عوف بن کعب من تمیم فقتل رجلا من بنی

نہشل واخفی امرہ ثم حدث بقتلہ نفر الاحد بنی عوف بن کعب فاخبرہ نفر ال عبد عمرو بن ضمرۃ النہشلی فدعا نفر المالک بن حیۃ فقتلاہ فحلف زبرقان

بن بدر علی ان یاخذ ثارہ ثم وقع الصلح وحنث زبرقان بن بدر فقالت تہجوہ ۔

متی تردوا عکاظ توافقوہا ۔ باسماع مجادعہا قصار

وافقہ اتاہ وصادفہ وضمیر المونث لعکاظ ۔ والاسماع الاذان ۔ والمجادع جمع مجدع بالفتح موضع الجدع وہو القطع ۔ ومعنی قصر المجادع انہ بقی شئ

من اصول الاذان بعد الجدع ۔ وجدع الاذن کنایۃ عن الذل کجدع الانف ترجمہ عوف بن کعب قوم زبرقان بن بدر کو خطاب کرکے کہتی ہی کہ

جب تم لوگ عکاظ کے میلے مین جاؤ تو تم وہان جاؤ گے ایسے کانون سے جنکی جڑین بعد کٹنے کے چھوٹی رہگئی ہین یعنی ذلیل و خوار بسبب عدم

ایفائے وعدہ اخذ قصاص کے ۔

أجیران ابن میۃ خبرونی ۔ أعین لابن میۃ ام ضمار

العین النقد الحاضر ۔ والضمار ۔ دین لا یرجی قضاؤہ ترجمہ ای میری شوہر ابن میۃ کی ہمسایو اور ہمعہد مجھکو خبر دو کہ ابن میۃ کا قصاص مثل

نقد دین کی ہی جو فورًا لیا جاوے گا یا ایسا قرض ہی کہ اوسکے وصول کی کچھ امید نہیں ہی یعنی مجکو یہ بتلاؤ کہ تم اوس کا قصاص لوگے یا اوسکا

خون ہدر ہو جاوے گا ۔

اسمٰعیل بن عمار الاسدی

قالت امراۃ

تجلل خزیہا عوف بن کعب ۔۔۔ فلیس لخلفہا منہ اعتذار

تجللہ لبسہ کالجل ۔ والضمیر المجرور لعوف بن کعب بتاویل القبیلۃ ۔ والخلف بالفتح الاولاد السوء ترجمہ قبیلہ عوف بن کعب نے اپنی عہدشکنی کی رسوائی کو منزلہ لباس کے پہن لیا سو اب دسکی بری اولاد کو اوسکی طرف سے کوئی عذر کی جگہ نہیں رہی جسکے ذریعہ سے اوسکو اس الزام صریح سے بری کردے۔

فانکم وما تخفون منہا ۔۔۔ کذات الشیب لیس لہا خمار

ترجمہ کیونکہ تم اور وہ برا کام جسکو تم چھپاتے ہو اوس بڑھیا کی مانند ہے جسکے پاس اوڑھنی نہو کہ اوسکے بڑھاپے کو ہر کوئی دیکھ سکتا ہے۔ وقال آخر یہجو بنی امیہ

تولت قریش لذۃ العیش واتقت ۔۔۔ بنا کل فج من خراسان اغبرا

ترجمہ قریش لذت عیش کے والی و مالک ہو گئے اور وہ ہمارے ذریعہ سے ہر راہ فراخ کثیر الغبار خراسان سے بچگئے یعنے ان لوگون نے ہمکو ان مصیبتناک ملکون مین ڈال رکھا ہے اور آپ گھر بیٹھے چین کرتے ہین۔

فلیت قریشا اصبحت ذات لیلۃ ۔۔۔ تعوم بہا بحرا من اللج اکدرا

ترجمہ پس کاش قریش بجاے خراسان کسی رات ہمکو ہمراہ لیکر ایسے دریا کا قصد کرین جو بسبب تموج و تلاطم کے مکدر و گدلا ہو یعنے تاکہ ہم ایک دفعہ غرق ہو جاوین اور اس دائمی مصیبت سے نجات پاوین یا یہ کہ وہ ہماری مصیبتون اور تکالیف کو معلوم کرین۔ وقالت امراۃ تہجو قتادہ بن مغرب الیشکری وہو زوجہا۔

حلفت فلم اکذب والا فکل ما ۔۔۔ ملکت لبیت اللہ اہدیہ حافیۃ

ترجمہ مین نے خدا کی قسم کھائی اور جھوٹ نہین بولی اور اگر مین جھوٹی قسم کھائی ہو تو وہ تمام چیزین جنکی مین مالک ہون خانہ کعبہ کی نذر لیجاؤن ایسے حال مین کہ مین برہنہ پا ہون۔ جواب قسم شعر آئندہ مین ہے۔

لو ان المنایا اعرضت لاقتحمتہا ۔۔۔ مخافۃ فیہ ان فیہ لداہیہ

اعرضت بمعنی عرضت ۔ واقتحمہ دخلہ علی جہد و مشقۃ ۔ والداہیۃ الآفۃ المہلکۃ ۔ ترجمہ اگر موتین میرے سامنے آجاوین تو مین بزور ان مین گھس جاؤن بسبب خوف بو سے منھ اپنے شوہر کے کیونکہ اوسکا موتھ تو بیشک ایک مہلک آفت ہے۔

فما جیفۃ الخنزیر عند ابن مغرب ۔۔۔ قتادۃ الا ریح مسک وغالیہ

ترجمہ کیونکہ بو بدبوے مردہ کی قتادہ ابن مغرب کے پاس نہین ہے مگر بوے خوش مشک و غالیہ کی یعنے بوے دہن ابن مغرب کی مردہ خنزیر سے بھی نہایت بری ہے

فکیف اصطباری یا قتادۃ بعد ما ۔۔۔ شممت الذی من فیک اتاک صاحبیہ

اثأی الشی بالنشئة فالهمزة افسده ۔ والصباخ خرق الاذن والهار للسکتة ترجمہ سوائے قتادہ تیری صحبت پر مجھسے کسطرح صبر ہو سکے بعد اوس بو کے جو مین نے تیرے مونھ سے سونگھی ہے جسنے میری ناک سے بڑھکر میری سوراخ گوش پھاڑ دیئے ہین ۔

وقال عبد اللہ بن اوفی الخزاعی فی امرأتہ

نکحت ابنة المنتفی نکحةً ۔ علی الکرہ ضرّت ولم تنفع

المنتفی بتقدیم النون علی الفوقانیة علم رجل ۔ والکرہ خلاف الرضا ۔ ترجمہ مین نے منتفے کی بیٹی سے اپنی مرضی کے خلاف ایسا نکاح کیا کہ اوس نے میرا نقصان کیا اور کچھ فائدہ نہ بخشا ۔

ولم تغن من فاقة معدماً ۔ ولم تجد خیرا ولم تجمع

المسکن للنکحة ۔ والمعدم الفقیر ۔ واجدیٰ علیہ اعطاہ ۔ ترجمہ اور اوس نکاح نے کسی فقیر کو فاقہ سے غنی نہین کیا اور نہ کوئی بھلائی عطا کی اور اچھا سلوک نہ رکھا یا میری پریشانی کو جمع نہ کیا ۔

مُنَجِّذَةً مثل کلب الهراش ۔ اذا هجع الناس لم تهجع

المنجذة من نجذ اذا عضه بالنواجذ اشد العض والنصب علی الحالیة والرفع علی الخبریة والنواجذ اربعة اضراس او هی الضواحک والهراش اغراء کلب علی کلب ترجمہ مین نے اوس سے نکاح کیا ایسے حال مین کہ وہ مثل اوس کتے کی جو دوسرے کتے پر برانگیختہ کیا جاوے سخت کاٹنے والی اور موذی تھی جبکہ سب لوگ سو رہتے ہین تو وہ فتنہ انگیزی یا لڑائی مین مصروف ہتی ہے اور سوتی نہین ہے ۔

مفرّقةً بین جیرانها ۔ وما تستطع بینهم تقطع
بقول رأیت لما لا تری ۔ وقیل سمعت ولم تسمع

باضافة القول وقیل ترجمہ ایسے وقت مین کہ وہ اپنے ہمسایون مین بسبب غمازی کے تفرقہ انداز ہے ۔ اور جب تلک اوسکو قدرت ہے ہمسایون مین کاٹ تراش کرتی ہے جھوٹی بات سے یعنی وہ اپنی ہمسایہ سے کہتی ہے کہ تیرا ہمسایہ تیری حق مین ایسی بری باتین کرتا ہے جسکو مین دیکھتی ہون اور تو نہین دیکھتا اور سنتی ہون جو تو نہین سنتا خلاصہ یہ کہ ایک کو دوسرے سے بدگمان کرتی ہے اور لڑواتی ہے ۔

فان تشرب الزق لا یُروها ۔ وان تأکل الشاة لا تشبع

ترجمہ سو اگر وہ مشک بھر پانی پیجاوے تو وہ پانی اوسکو سیراب نکرے اور سارے بکری کا گوشت کھاجاوے تو جب بھی شکم سیر نہین ہوتی یعنی ایسی ہی حریص ہے

ولیست تبارکة محرماً ۔ ولو حفّ بالأسل الشرع

عبد اللہ بن اوفی الخزاعی

الاسل الرماح - والشرع جمع شارع وهو الرمح اللين الشديد - ترجمہ اور وہ کسی محرم کو بھی یعنی جس سے نکاح نادرست ہی بے بدکاری کیے نہیں چھوڑتی اگرچہ وہ محرم مضبوط لچکدار نیزوں سے گھیرا جاوی تب بھی اوسکے پاس جاتی ہی یعنے سخت بدکار ہی۔

ولو صعدت فی ذری شاہق	تزل بہا العصم لم تصرع

الذری جمع ذروۃ وہو المکان المرتفع - والشاہق الجبل العالی - والضمیر المجرور للذری والعصم جمع اعصم وہو الوعل الذی فی قوائمہ بیاض والجملۃ نعت شاہق - ترجمہ اور اگر وہ ایسے بلند پہاڑ کی چوٹیوں پر چڑھ جاوے جس سے بز کوہی سفید پاؤن اکھسل پڑی تو تب بھی زمین پر نگرجاے یعنی وہ جسم کی ہلکی اور خفیف الحرکات ہی جو عورتوں مین بڑا عیب شمار ہوتا ہی - اور بز کوہی پہاڑ پر چڑہنے مین مشہور ہی۔

فبئست قعاد الفتی وحدھا	وبئست موفیۃ الاربع

القعاد بالفتح زوج الرجل کالقعیدۃ - وتوفیۃ الاربع تکمیلہا - ترجمہ سو اگر کسی جوان کے صرف یہ ایک ہی بی بی ہو تب بھی وہ بری ہی اور اگر کسی کے پہلی تین بیبیان اور ہون اور یہ چار کی شمار پوری کری تب بھی بری ہی غرض کسی حال مین اچھی نہین ہی۔ **وقال بعض آل المہلب**

قوم اذا اکلوا اخفوا کلامہم	واستوثقوا من رتاج الباب والدار

استوثق منہ اخذ منہ المیثاق - والرتاج الباب المغلق ترجمہ وہ ایسی قوم بخیل ہی کہ جب وہ کہانا کہاتے ہین تو بخوف مساکین نہایت آہستہ بولتے ہین اور بند دروازہ اور گھر سے عہد لیتے ہین کہ جب تلک ہم کھانا کہاوین کسیکے کہولنے سے مت کہلیو۔

لا یقبس الجار منہم فضل نارہم	ولا تکف ید عن حرمۃ الجار

ترجمہ اونکا ہمسایہ اونکی بچی ہوئی آگ سے چنگاری نہین لے سکتا ہی اور اونکا کوئی ہاتھہ حرمت ہمسایہ سے نہین بچتا یعنے اوسکو اپنے دونون تہون سے لوٹتے ہین اور حرمت ہمسایہ کا کچھہ خیال نہین رکہتے **وقال آخر**

کاثر بسعد ان سعدا کثیرۃ	ولا تبغ من سعد وفاء ولا نصرا

کاثرہ بہ اذا قابلہ فی الکثرۃ ترجمہ بنی سعد کا جس قوم سے چاہی کثرت مین مقابلہ کرے کیونکہ سعد گنتی مین بہت ہین مگر سعد سے وفاء عہد اور مددگاری کی خواہش مت کر کیونکہ اونمین یہ اوصاف نہین ہین۔

ولا تدع سعدا للقراع وخلہا	اذا امنت ونعتہا البلد القفرا

ونعتہا منصوب علی انہ مفعول معہ والبلد علی انہ مفعول النعت والقفر الخالی ترجمہ اور بنی سعد کو لڑائی کے لیئے مت بلا کہ وہ لڑائی کر ڈھب کے نہین ہین اور جب وہ لڑائی سے امن مین ہون تو اونکو خالی شہر کی تعریف کے لیے چھوڑ دے یعنے وہ نکمی ہین اور اونکا کام نکما ہی۔

يروعك من سعد بن عمرو جسومها	وتزهد فيها حين تقتلها خبرا

راعه اعجبه وزهد فيه اعرض عنه وقتلها خبرا اذا امتحنه ترجمہ سعد بن عمرو کے جسم تجکو اچھی اچھی موٹی تازے معلوم ہونگی اور جبکہ تو اونکا خوب امتحان کریگا تو تو اونکی مونہہ پھیر لیگا یعنے تخم نکمے ہین ۔ **وقال آخر**

اعاريب ذوو فخر بافك	والسنة لطاف في المقال

الاعاريب جمع اعراب والافك الكذب ترجمہ وہ لوگ عرب کے گنوار ہین جنکو عزت وشرف نہین ہے اور اونکا ادعاء فخر بذریعہ کذب ہے اور بسبب اپنی زبانونکی جو گفتگو ہین فی الجملہ لطیف ہین۔

رضوا بصفات ما عدموها جهلا	وحسن القول من حسن الفعال

ترجمہ وہ لوگ بسبب اپنی جہالت کے اون صفتون پر راضی ہین جو اونمین نہین ہین اور حال یہ ہے کہ خوبی گفتار کی کردار کی خوبی سے ہوتی ہے یعنے محض گفتار سے کام نہین نکلتا۔ **وقال مالک بن اسماء** وکان قد زار صدیقا له فلما بلغ باب داره وثب علیه کلب صدیقه فعضه فقال۔

لو کنت احمل خمرا یوم زرتکم	لم ینکر الکلب اني صاحب الدار

ترجمہ جس روز مین تمسے ملا اگر مین شراب لیے ہوئے ہوتا تو تمہارا کتا اسبات کو بری نہ سمجھتا کہ مین تمہارے گھر والا ہون یعنے تملوگ شرابی ہو اور اسلیے تمہارا کتا بوی شراب کا عادی ہے

لکن اتیت وریح المسک یفغمني	وعنبر الهند اذکیه علی النار

یفغمنی ای یسد خیاشیمي ویملأها من کثرته واذکاه علی النار احرقه علیها ترجمہ مگر مین تمہارے پاس ایسی حال مین آیا کہ خوشبوی مشک نے بسبب کثرت کے میرے نتھنونکو بھر کر رکھا تھا اور عود ہندی کو آگ پر جلاتا تھا یعنے میرے کپڑے مین بوی مشک اور عود خوب بس رہی تھی اسلیے تمہارے کتے نے مجکو اجنبی سمجھا اور مجکو کاٹا۔

فانکر الکلب ریحي حین ابصرني	وکان یعرف ریح الزق والقار

ترجمہ سو تمہارے کتے نے جب مجکو دیکھا تو میری بوی خوش کو اوپری سمجھا کیونکہ وہ سابق سے بوی مشک شراب اور روغن قار کو جانتا تھا۔ **وقال آخر**

هجوت الادعیاء فناصبتني	معاشر خلتهم عربا صحاحا

ناصبتني ای عادتني والدعي المتهم في النسب ترجمہ مین نے اون لوگونکی ہجو کی جو اپنی نسب مین متہم تھے یعنی صحیح النسب نہتے سو اونکی عوض مین مجسے ایسی لوگون نے عداوت قائم کردی جنکو مین عرب صحیح النسب سمجھتا تھا خلاصہ یہ ہے کہ اونکی عوض اون لوگوں نے میری ہجو کی اور یہ اونکو مناسب نہ تھا۔

فقلت لهم وقد نبحوا طویلا	علی فلم اجب لهم نباحا

ترجمہ سو مین نے اون سے اوس وقت کہا جب وہ مجھپر دیر تک بھونکتے رہے اور مین نے اونکی بھونکنے کا جواب ندیا۔

امنهوا انتم فاكف عنكم	وادفع عنكم الشتم الصراحا

مشغول القول والکرام الخالص ترجمہ مین نے اون سی یہ کہا کہ اگر گروہ عرب خالص کیا تم اون گروہ غیر خالص النسب سی ہو کہ تم اونکی حمایت کرتے ہو اگر ایسا ہو تو مین تمہاری ہجو گوئی سے باز رہون اور تمسے کہلی اور خالص گالیان دوک لون یعنی تمہاری ہجو نکرون کہ وہ لوگ بسبب بیقدری کے اس لائق نہین ہین کہ مین اونکی ہجو کیطرف متوجہ ہون اور اپنا وقت عزیز اس لغو کام مین صرف کرون۔

والا فاحمدوا رائی فانّی	سانفی عنکم التہم القباحا

ترجمہ اور اگر تم اون گھٹیا لوگون مین سی نہین ہو تو تم میری رائی کی تعریف کرو کہ مین بہی تمکو اون کمینو ن مین سے شمار نہین کرتا اور اسلیے تمسے بُری تہمتین عنقریب دور کرونگا یعنے آیندہ مین تمہاری ہجو گوئی کا قصد نکرونگا۔

وحسبک تہمۃ ببری قوم	یضُمّ علی اخی سقم جناحا

حسبک مرفوع علی الابتداء وخبرہ محذوف ای ان تقول علیہ مالیس فیہ من السوء ونصب تہمۃ علی التمیز والجار والمجرور متعلق بہ وضم الجناح کنایۃ عن العطوفۃ والحلم نعت بری والخطاب لغیر معین ترجمہ اور ایسے عمدہ شخص پر جو قوم مین ایسا بے عیب ہو کہ بیمار و عاجز پر رحم کرے یہ پوری تہمت ہی کہ اوسپر دہ عیب لگایا جاوی جو اوسمین نہو۔ یعنی تم لوگ اونکی حمایت نکرو تاکہ مجکو تمپر تہمت لگانیکی حاجت نہ پڑی

وقال مدرک او مغلّس بن حصن الفقعسی یہجو آل زہیر بن جذیمۃ العبسی

لقد کنت ادری الوحش وہی بغرّۃ	وتسکن احیانا الی شرودھا

الغرۃ الغفلۃ۔ وسکن الیہ مال واطمئن والشرود والنفور۔ والوحش کنایۃ عن النساء ترجمہ مین زنان وحشی طبع کا جبکہ وہ غافل ہوتی تہین بیشک شکار کرتا رہتا اور اپنی قابو مین کر لیتا تہا اور کبھی کبھی اونمین سے زنان نفور بسبب میری حسن وجوانی کے خود بخود میری طرف مائل ہو جاتی تہین۔

فقد امکنتنی الوحش مذ رثّ اسہمی	وما ضرّ وحشا قانص لا یصیدھا

امکنہ منہ اذا جعلہ قادرا علیہ والرثاثۃ البلاء والکلال ترجمہ سو جب سے میری تیر کہنہ اور کند ہو گئی ہین زنان وحشی طبع نے اپنی شکار کرنے پر مجکو قادر کر دیا ہے اور وہ شکاری وحشیو کو کیا نقصان پہونچاویگا جو اونکا شکار نہین کرتا۔

فاعرضت عن سلمی وقلت لصاحبی	سواء علینا بخل سلمی وجودھا

ترجمہ سو مین نے سلمی سی مونہہ پہیر لیا اور اپنی ہمراہی سے کہا کہ ہمکو بخل سلمی اور اوسکی سخاوت برابر ہی یعنی اب ہم اوسکی کام کے نہین ہین۔

فلا تحسدن عبسا علی ما اصابہا	وذم حیاۃ قد تولّی زہیدھا

الزہید اللئیم والمجرور للحیوۃ والاضافۃ بادنی ملابسۃ ترجمہ سواے مخاطب تو بنی عبس کی عزت و شرف پر حسد مت کر اور اوس زندگی کی ہجو کر جسکو

اوسکا کینہ صاحب ہلاک ہو رہا ہی۔ زندگی کی ہجو اسلیے کرتا ہی کہ کیون اسقدر زمانہ تلک رہی کہ ایسی کم قدر لوگونکا عروج اپنی آنکھون دیکھا۔

سرابیل خزٍ انکرتھا جلودُھا	تشبہ عبسٌ ہاشماً ان تسربلت

ترجمہ بنی عبس بتکلف بنی ہاشم کے اسباب مین مشابہہ ہوگئی کہ اوسنے ریشمی پائجامی پہنے جنکو اونکی کہالون نے اور جسمون نے اوپرا سمجھا کیونکہ پہلے اونہون نے کبھی ایسے پائجامی نہین پہنے تھے۔

لِعَبْسٍ اذا ما مات عنہا ولیدُھا	فلا تحسبنّ الخیر ضربۃ لازبٍ

للازب من لزب الطین اذا لزم ولصق۔ وضربۃ لازب کنایۃ عن الشئی اللازم واراد بالولید ولید بن عبد الملک بن مروان واضافہ الیہم لان امہ ولادۃ بنت غلیبۃ مصر اکانت منہم ترجمہ سو تو خیر کو بنی عبس کیلیے جبکہ اونکا بہانجا ولید بن عبد الملک مرجاوی لازم ودائمی مت سمجہہ یعنی اونکا عروج صرف عہد سلطنت ولید تک جو اونکا بہانجا ہی رہیگا اوسکے مرنیکے بعد جاتا رہیگا۔

وقادۃُ عبْسٍ فی القدیم عبیدُھا	فسادۃُ عبسٍ فی الحدیث نساؤھا

القادۃ جمع قائد وہو من یقود الجیش الی الحرب واراد بالحدیث زمان الاسلام وبالقدیم عہد الجاہلیۃ وبالنساء ولادۃ المذکورۃ ام الولید۔ وبالعبید عنترۃ بن شداد وکان امہ زبیبۃ بالمعجمۃ امۃ حبشیۃ لابیہ ترجمہ سو بنی عبس کے سردار عہد اسلام مین اونکی عورتین ہین اور اونکے سپہ سالار ایام جاہلیۃ مین اونکے غلام ہین یعنے اب اونکا فروغ ولادہ مادر ولید کی سبب سے اور سابق ایک غلام عنترہ نام سے اور عورتین اور غلام قابل عز وشرف نہین ہوسکتے **وقال آخر**

لابارک اللہ فی بضع وستین	اقول حین اری کعبا ولحیتہ
ولا حیاءٍ ولا قدرٍ ولا دینٍ	من السنین تملاھا بلا حسبٍ

الکعب علم الرجل والبضع ما بین الثلث الی التسع والی الخمس او ما بین الواحد والاربع او من اربع الی التسع علی الاختلاف وجر ستین للمغرورۃ ومن السنین للبیان والضمیر المنصوب لہا فانہ یقال تملی فلان عمرہ اذا تمتع بہ ترجمہ جبکہ مین کعب کو اور اوسکی ریش کو دیکھتا ہون تو کہتا ہون کہ خدا برکت نکرے ساٹھہ اور چند برس مین جنسے وہ بلا حسب وحیا ومرتبہ ودین کے متمتع اور منتفع ہوا۔ **وقال عویف القوافی**

بشکلا ولا ازھراءٍ من نسوۃٍ زُھرٍ	وما امُّکم تحت الخوافق والقنا

الخوافق جمع خافق وہو الرایۃ المضطربۃ والازہراء من النساء مشرقۃ الوجہ وکنی بہ عن الکریمۃ الحرۃ ترجمہ تمہاری اما کاکوئی بچہ متحرک جہنڈون اور نیزون کے نیچے نہین مرتا کیونکہ تم لوگ لڑائی مین نہین جاتے ہو اور نہ تمہاری اما روشن رو یعنی ازاد ومحترم ہی اون عورتونسے جو آزاد اور محترم ہین۔

واکثرھم عند الذبیحۃ والقدرِ	الستم اقل الناس عند لوائھم

عویف القوافی

الاستفهام للتقریر ترجمہ کیا تم اپنے جھنڈون کے پاس سب لوگون سے کم نہین ہوتے ہو کیونکہ تم لڑائی سے بچتے ہو اور کیا تم ناقہ مذبوحہ اور دیگ کے پاس سب سے زیادہ نہین ہوتے ہو یعنی کھانیکی حریص اور مانگنے پر دلیر ہو۔

وقال آخر

وُنُبِّئتُ رُکبانا الطریق تناذروا ۔۔۔ عُقَیلًا اذا حلوا الذِئاب فصرخدا

نبئت مجہول والرکبان جمع راکب مفعولہ الثانی وتناذروا قائم مقام المفعول الثالث وعقیلًا مفعول تناذروا یقال تناذروا ای انذر بعضہم بعضًا وعقیل علم والذئاب وصرخد موضعان ترجمہ اور مجکو یہ خبر دیگئی ہے کہ شتر سواران مسافر جبکہ مقامات ذئاب اور صرخد پر اوترتے ہین تو عقیل سے ایک دوسرے کو ڈراتے ہین کیونکہ عقیل غارت گر کو وہانسے قریب سمجھتے ہین۔

فتًی یجعل المحض الصریح لبطنہ ۔۔۔ شعارًا ویقری الضیف عضبًا مجردا

المحض الخالص الصریح والشعار ما یلی الجسد ثم اتسع فیہ فقیل لکل ما یلی الشئ ترجمہ وہ ایک شخص ہے خالص دودہ اپنے شکم کو لگاتا ہے اور استعمال کرتا ہے اور اپنے مہمان کی ضیافت شمشیر برہنہ سے کرتا ہے یعنی وہ سخت بخیل ہے اور ہر بخیل نامرد ہوتا ہے تو اوس سے ڈرنا نہین چاہیے۔ وقال آخر یہجو بنی رباح

اناخ اللؤم وسط بنی رباح ۔۔۔ مطیتہ فاقسم لا یریم

رام الشئ زال ترجمہ بخل اور خست نے بنی رباح کے بیچ مین اپنی سواری بٹھا دی اور قسم کھالی کہ اونسے کبھی جدا نہونگی یعنے وہ لوگ بخیل و خسیس ہین۔

کذلک کل ذی سفر اذا ما ۔۔۔ تناہی عند غایتہ مقیم

ترجمہ یہی حال ہر مسافر کا ہوتا ہے جبکہ اوسکا سفر نہایت کو پہونچتا ہے تو وہ مقیم ہو جاتا ہے یعنے غایۃ سفر خست اور اوسکی منزل مقصود بنی رباح تھی سو وہانپہونچ گئے اور جو بحقدار ہو نکیا۔ وقال آخر یہجو بکر بن وائل

اذا بکریۃ ولدت غلامًا ۔۔۔ فیالؤما لذلک من غلام

نصب لؤما علی النداء او علی المفعولیۃ ومن غلام بیان لاسم الاشارۃ ترجمہ جبکہ کوئی بنی بکر کی عورت کوئی لڑکا جنے تو اوس خست آمیز وجود ہوا اور اوس شخص کیسا خستہ جو لڑکا ہے۔

یزاحم فی المآدب کل عبد ۔۔۔ ولیس لدی الحفاظ بذی زحام

المآدب جمع مادبۃ بضم الدال المہملۃ وفتحہا وہو ما یصنع من الطعام للضیافۃ والحفاظ محافظۃ الاحساب ترجمہ وہ لڑکا ضیافتون مین ہر غلام سے دہکا پیل کرتا ہے اور عزت دار اور آبرو کی حفاظت کرنیوالیسے مقابل اور مزاحم نہین ہوتا یعنی ایسی عمدہ جگہہ جاتا ہی نہین کہ کسیکے مقابل ہو۔ وقال آخر یہجو بنی فقیم

یمانی تمیما شربی فقد کادا ۔۔۔ ولا تغررک اقوال ابن ذئب

ردی امر مونث حاضر من ورد الماء والنہل محرکۃ الشرب مرۃ اولی والعل مرۃ بعدہا والکاف الخطاب بکسورۃ خطابا للناقۃ ترجمہ ای میری ناقہ تو پانی پینے جسم
گہاٹ چاہی جا اور پہر اول دفعہ اور دوسری دفعہ پانی پی مگر مجکو ابن ذئب کی باتین دہوکا نہ دین کیونکہ وہ جہوٹا ہی۔

فلو کان القلیب علی لحاظہم ۔۔۔ لاسہل وطؤہا شفۃ القلیب

لاسہل وجد ہا سہلا والضمیر المجرور للناقۃ۔ والقلیب البئر والحجی جمع لحیۃ خصہا بالذکر لانہ موضع الغرۃ کالالف وضمیر الجمع لابن ذئب وقومہ۔ ونصب شفۃ القلیب
علی انہ مفعول الوطی ترجمہ سو اگر کنوا اونکی ڈاڑیون پر ہو تو اوس ناقہ کی رفتار کنارہ چاہ تک پہونچنے کو سہل و آسان پاویگی اور کچھ دشواری پیش نہ آویگی
یعنے وہ لوگ ضعیف و کمزور ہین کہ اپنی ایسی عزت کی چیز کو بہی مویشی کے پاؤن سے نہین بچا سکتے وقال آخر

ان تبغضونی فقد سخنت اعینکم ۔۔۔ وقد اتیت حراما ما تظنونا

اسخن عینہ احزنہ وابکاہ ترجمہ اگر تم لوگ مجسے دشمنی کرو تو کیا مضائقہ ہے کیونکہ مین نے تمکو مغموم کیا اور رولادیا اور مین نے ایسا حرام کام کیا جسکا تمکو میری نسبت
گمان بہی نتہا۔

وقد ضممت الی الاحشاء جاریۃ ۔۔۔ عذبا مقبلہا مما تصونونا

ترجمہ اور مین نے بیشک اپنی چہاتی سی تمہاری ایسی جوان عورت لگالی جسکا بوسہ گاہ شیرین تہا اور وہ اون لڑکیون مین سی تہی جنکی تم حفاظت کرتے ہو وقال آخر

یا قبح اللہ اقواما اذا ذکروا ۔۔۔ بنی عمیرۃ رہط اللوم والعار

یا حرف النداء والمنادی محذوف وقبحہ اللہ ابعدہ عن الخیر۔ ونصب بنی عمیرۃ علی البدل من اقواما ترجمہ ای لوگو خدا قومونکو یعنی بنی عمیرہ کو جو گروہ خست و عار
ہین خیر و بہلائی سے دور کرے جس مجمع مین اونکا تذکرہ ہو یعنی اونکا ذکر بخیر نہو۔

قوم اذا خرجوا من سوءۃ ولجوا ۔۔۔ فی سوءۃ لم یجنوہا باستار

الولوج الدخول ولم یجنوا من اجنہ اذا سترہ ترجمہ وہ ایسی قوم ہی کہ جب وہ ایک برائی کرکے باہر آئین تو دوسری برائی مین جسکو اپنے ڈہانٹہ مین سی چہپاتی
نہین ہین بلکہ سبکے روبرو کرتے ہین داخل ہوجاتی ہین وقال آخر یہجو الحضری ویمدح البدوی الحضر السکونۃ فی الامصار والبدو السکونۃ
فی البوادی

جواب بیداء بہا عزوف ۔۔۔ لا یاکل البقل ولا یریف

الجوب القطع والعزوف بالمہملۃ فالمعجمۃ من عزف اذا اقام فی الاکل والشرب وبالمہملتین الصبور کنی باکل البقل من الضعف فان البقول ترخی الاعصاب
وریف الرجل اذا اتی الریف وہو الارض ذات الزرع والخصب والسعۃ فی الماکل والمشارب وکنی بہ عن الکسل ترجمہ بدوی شخص جنگل کا رہنی والا
صحراگرد اور وہانکی سختیون پر صابر ہے اور مثل شہریون ساگ پات کہانیوالونکی سست اور ضعیف نہین ہی اور نہ بہت کہاکر کاہل و تن آسان ہی۔

ولا یری فی بیتہ القلیف ۔۔۔ الا الحمیت المفعم المکشوف

یری مجہول۔ والقلیب بالقاف وعاء من خوص النخل یوضع فیہ التمر والیابس من الفواکہ والتمر المنثور العجم الموضوع فی وعاء۔ والاستثناء منقطع والمجمیت وعاء السمن والتمر الشدید الحلاوۃ والفعم المملو ترجمہ اور اوسکے گہر مین چہوارے اور خشک میوون سے رکہنے کے زنبیل نہین دیکہی جاتی کیونکہ اوسکو ہر وقت تازہ میوے ملتے ہین مگر ہان اوسکے گہر مین گہی سے مونہہ تلک بہرے ہوے مٹکے ہوے کپے موجود ہین۔

للجار والضیف اذا یضیف	والحضری بطنہ معلوف

اللام متعلقۃ بالمکشوف وضاف الرجل اذا نزل ضیفا ترجمہ وہ گہی کہ کبہی ہمسایہ کیواسطے اور مہمان کے لیے ہین جبکہ آجاوے اور شہری آدمی کا شکم ساگ پات سے پر ہوتا ہے

للمتسوف اثوابہ شقیف	اعجب بیتیہ لہ الکنیف

اوطانہ مبقلۃ وسیف

الفسو الریح التی تخرج من الدبر بلا صوت والشقیف الریح الباردۃ مع ندوۃ والکنیف المستراح والسیف بالکسر ساحل الوادی وروی ریف وہی الارض التی فیہا زرع وخصب ترجمہ اوس شہری کے کپڑون مین پہسکی کی سرد ونمناک ہوا موجود ہے جو ہری ترکاریون کے کہانیسے پیدا ہوتی ہے اوسکو اپنے دو گہر و نمین سے پائخانہ بہت اچہا معلوم ہوتا ہے کہ بسبب کثرت خوراک ہان بار بار جانیکی اوسکو شدید ضرورت ہوتی ہے اوسکے رہنے کی جگہہ ساگ کے کہیت اور کہالی کا کنارہ جہان ہری گہاس ملتی ہے یا زمین زراعت کی ہے

وقال ریعان یہجو بنی عم والعم لقب مالک بن حنظلۃ۔

اذا کنت عمیا فکن فقع قرقر	والا فکن ان شئت ایر حمار

الفقع الکماۃ والقرقر الارض المستویۃ کالقاع۔ وفقع القرقر وفقع القاع یضرب بہا المثل فی الذل فیقال اذل من فقع بقاع وذلک لانہ یجتنیہا من یشاء ترجمہ ای مخاطب جب تو بنی عم سے ہوگا تو مانند چپٹیل میدان کی کہمبی کے (جسے سانپ کی روٹی اور چہتری بہی کہتے ہین) ذلیل وخوار ہو ورنہ اگر تو چاہے تو گدہے کا خر ہو یعنی ذلیل و خوار خلاصہ یہ ہے کہ بنی عمی ہونا اور یہ دو چیز ہونا ذلت وخواری مین برابر ہین۔ برابر میدان کی کہمبی اسواسطے کہ اوسے جو چاہتا ہے بے تکلف توڑ لیتا ہے۔

فما دار عمی بدار خفارۃ	ولا عقد عمی بعقد جوار

الخفارۃ الذمۃ ترجمہ سو بنی عم کے کسی شخص کا گہر ایفاے ذمہ کا گہر نہین ہے اور نہ عہد کسی بنی عم کے شخص کا عہد پناہ دینے اور حمایت کا ہے یعنی وہ لوگ اپنے عہد و ذمہ کو پورا نہین کرتے۔

وقال آخر یہجو بنی حکم بن ابی العاص بن امیۃ

ارانی فی بنی حکم غریبا	علی قتر ازور ولا ازار

القتر بالقاف المفتوحۃ ضیق العیش وبالضم الجانب ترجمہ مین اپنے آپکو بنی حکم مین مفلس مسافر دیکہتا ہون یا ایک طرف پڑا ہوا کہ مین اونسے ملنے جاتا ہون اور مجہسے کوئی ملاقات کرنے نہین آتا۔

أُناسٌ بِالطّعانِ اللحمَ دونی ——— وتأتینی المعاذرُ والقتارُ

المعاذر جمع معذرة وقیل المعاذر العذرات بتقدیر المضاف ای ریح العذرات والقتار بالقاف فالفوقانیة ریح اللحم المشوی ترجمہ وہ ایسے لوگ ہین جو میرے گوشت کہاتے ہین اور میرے پاس اونکے جہوٹے عذر یا اونکی نجاسات کی بدبو اور گوشت بریانکی بو خوش آتی ہی و قال آخر یہجو بطون عامر

وما اِن فی الحریش ولا عُقیلٍ ——— ولا اولادِ جَعدةَ من کریمٍ

ولا البُرصِ القِباحِ بنی نُمیرٍ ——— ولا العجلانِ زائدةِ الظلیم

ان زائدة موکدة بمعنی النفی ومن للاستغراق وحریش وعقیل وجعدة وعجلان بنو کعب بن ربیعة ونمیر بن صعصعة بطون من عامر بن صعصعة والبرص جمع ابرص والقباح جمع قبیحة وهی جلد الدبر وکان برص الاست من اشد العیوب عندهم وبنی نمیر عطف بیان والظلیم ذکر النعامة وزائدة ولده وکنی به عن الجبان ترجمہ بنی حریش اور بنی عقیل اور آل جعدہ مین اور اون لوگون بنی نمیر کے جنکے سرین مبروص ہین اور بنی عجلان مین جو مثل بچہ شتر مرغ کے ترسناک وضعیف ہین کوئی شخص کریم نہین ہی بلکہ سب ناکس اور لئیم ہین —

اُولئکَ معشرٌ کبنات نعشٍ ——— رَواکدَ لا تسیر مع النجوم

بنات نعش سبعة کواکب مجتمعة والرواکد الثابتة ترجمہ وہ لوگ ایک گروہ ہین مثل بنات نعش کے جو سیارون کے ساتہہ نہین چلتے ایک جگہہ ٹہرنیوالی ہین یعنے کاہل ہین سفر پیشہ نہین ہین و قال رجل من جرم لزیاد الاعجم یہجوہ

دلفتُ الیکَ بالقوافی ——— عشیّةَ محفلٍ فہتمتُ فاکا

الدلف المشی دون الدبیب والهیم الحطم الذی به قوام البدن والصریح الخالص واراد به النسب الخالص علی الاستهزاء حیث لم یکن لزیاد نسب خالص فانه کان من الموالی والمحفل المجلس والهتم الکسر ترجمہ مین مجمع قوم کی شام کو اشعار لیکر تیرے بدنکی ہڈیان توڑنے یا تیرے نسب خالص کا حال بیان کرنے چلا اور مین نے تیرا مونہہ توڑ دیا کہ تو مجکو جواب کچہہ نہ دیسکا نسب خالص بطور طنز و استہزا کے کہا کیونکہ زیاد ایک مولی زادہ تہا یعنی اوسکی بڑون مین کوئی غلام تہا جو آزاد ہو گیا تہا

وصدّقَ ما اقولُ علیکَ قومٌ ——— عَرفتَ اباهمُ ونفَوا اباکا

ترجمہ اور میری اون سباتکو جو مین تیری بدنسبی کے باب مین کہتا تہا اوس قوم نے تصدیق کی جنکی باتونکو تو خوب جانتا ہی اور اونہون نے تیری باپ کو اپنی برابر نہین شمار کیا بلکہ کمتر سمجہا یا تیری باپ کو جلاوطن کر دیا و قال زیاد الاعجم لابی قلابة الجرمی وانما لقب بالاعجم لانه کان ینزل اصطخر من بلاد العجم فغلب العجمة علیه فلقب به —

ومَن انتم اِنّا نسینا مَن انتمُ ——— ورِیحُکُم من ایّ ریح الاعاصر

الاعاصر جمع اعصار وهو الریح التی فیها نار او غبار ترجمہ اور تم کون بلا ہو ہم تمکو تمہاری بیقدری کے باعث بہول گئے کہو تو تم کون ہو اور تمہاری ہوا

اجوبنو عامر

رجل من جرم

زیاد الاعجم

کونسی ہوا خبار اور یا آتشبار ہی یعنی تم لوگ مبدء شر و فساد ہو تم مین بہلائی اور خیر نہین ہی۔

وانتم اولی جئتم مع البقل والدبا	فطار وہذا شخصکم غیر طائر

اولی بمعنے الذین والدبا صغار الجراد ترجمہ اور تم وہ لوگ ہو جو ساگ پات اور چھوٹی ٹڈیونکی ساتھہ آئی یعنی مثل نباتات کی ہو جنکی جڑ خوب نہین ہوتی یا تمہاری نمود بسبب سستی اور ارزانی غلہ کے ہی ورنہ سابق کچھہ نتھے بقول شخصے ۞ غلہ گر ارزان شود امسال سید میشوم ۞ اور تم مثل انہین بچے خانان ہو جو سونڈیان تو بسبب پردار ہونیکے اوڑ گئین اور یہ تمہارا وجود جسم غیر پردار تہا اسلیے تم نہ اوڑے۔

فلم تسمعوا الا بمن کان قبلکم	ولم تدرکوا الا مدق الحوافر

ترجمہ سو تمنے ذکر خیر نہین سنا مگر اونکا جو تمسے پہلے تہے اور نہ پایا تمنے مگر نشان قدم پہلے لوگونکا یعنے تم مین کچھہ خوبی اور شجاعت نہین ہی پہلی لوگونکا ذکر خیر سنکر جی خوش کر لیتے ہو وقال عمرو بن ہذیل العبدی

لا ترج خیرا عند باب ابن مسمع	اذا کنت من حیی حنیفة او عجل

بنو حنیفة وبنو عجل لبطنان من بکر ترجمہ شاعر مالک بن مسمع کو جب بہاگ کر بمقام تاج ٹہرا خطاب کرکے کہتا ہی جبکہ تو قوم بنی حنیفہ اور بنی عجل سی ہی تو مالک بن مسمع کے دروازہ پر کسی بہلائی کی امید مت رکھہ۔

ونحن اقمنا امر بکر بن وائل	وانت بتاج ما تمر وما تحلی

تاج بالثلثة فالجیم ماء لبنی سعد وقیل قریة بالبحرین وما تمر وما تحلی لا تضر ولا تنفع ترجمہ او ہمنے معاملہ بکر بن وائل کو درست کیا جبکہ تو بمقام تاج ایسے حال مین تہا کہ نہ کسیکو نقصان پہونچا سکتا تہا اور نہ فائدہ۔

وما تستوی احساب قوم تورثت	قدیما واحساب نبتن مع البقل

ترجمہ اوس قوم کے فضائل جو ہمیشہ اپنی بزرگونسے فضائل کے وارث ہوتے چلی آئی ہین اور دوسری قوم کے فضائل جو گہاس پہوس کیطرح پائدار نہین ہین یا ایام ارزانی مین نمود پکڑ گئے ہین برابر نہین ہوسکتے۔ وقالت کنزة ام شملة المنقری فی میة صاحبة ذی الرمة وقیل ہی لذی الرمة وکانت کنزة ہذہ امة لآل قیس بن عاصم المنقری رضہ وکان ذو الرمة یشبب بمیة بنت طلحة بن قیس بن عاصم فکرہتہ کنزة وقالت الاشعار تہجو میة لیرغب عنہا ذو الرمة ہذا۔

الا حبذا اہل الملا غیر انہ	اذا ذکرت میّ فلا حبذا ہیا

الملا الصحراء والبادیة ومیّ ترخیم میة فی غیر موضع النداء ومعنی لا حبذا المحبوب الالف للاشباع فی ہیا ترجمہ لوگو سنو کہ بدوی لوگ پیاری اور محبوب مین مگر بات یہ ہی کہ جب مسماة میة کا مذکور ہو تو وہ پیاری نہین ہی یعنی وہ بری ہی۔

عمرو بن الہذیل

وتحت الثیاب الخزی لو کان بادیا	علی وجه مَیٍّ مسحۃ من ملاحۃ

المسحۃ مرۃ من المسح وہو امرار الید المبلولۃ والخزی الفضیحۃ ولو بمعنی لیت ترجمہ میہ کے چہرہ پر کچہہ ملاحت اور نمکینی کا ہمینتا ہی مگر اوسکے لباس کے اندر بدصورتی اور رسوائی ہی کاش وہ ظاہر ہوتی کہ لوگ اوسپر نہ مرتے۔

وان کان لون الماء ابیض صافیا	الم تر ان الماء یخلف طعمہ

یخلف بمعنے یتغیر ترجمہ کیا تو نہیں دیکہتا کہ پانیکا مزہ متغیر ہو جاتا ہی اگرچہ پانیکا رنگ صاف وسفید ہو یعنی جیسے کبہی پانیکی سیرت بدل جاتی ہی گو صورت نہ بدلے ایسا ہی حال میہ کا ہے۔

تولّی باضعاف الذحیاء ظامیا	اذا ما اتاہ وارد من ضرورۃ

الضمیر المنصوب للماء والظامی العطشان حال من تولی ترجمہ جبکہ اوس پانی متغیر الطعم کے پاس ضرورت مین کوئی پیاسا آدمی تو اوس تشنگی سے جسمین وہ مبتلا آیا تہا دو چند حالت تشنگی مین لوٹ جاتا ہی یعنے بسبب حرارت آمد ورفت کے تشنگی زیادہ ہو جاتی ہی اور بسبب بدمزہ ہو جانیکے پانی نہین پی سکتا۔

واثوابہا یخفین منہا المخازیا	کذلک مَیٌّ فی الثیاب اذا بدت

ترجمہ ایسا ہی میہ کا حال ہی جبکہ وہ لباس پہنے ہوئے ظاہر ہو اور اوسکے کپڑے اوسکے عیوب بدصورتی کی رسوائی کو چہپا دین یعنے وہ اوسوقت مثل متغیر الطعم پانی کے دیکہنے مین اچہی معلوم ہوگی مگر بکار آمد نہو گی۔

مجرّدۃ یوما لما قال ذالیا الی غیر مَیٍّ او لاجیم سالیا	فلو ان غیلان الشقی بدت لہ کقول مضی منہ ولکن لردّہ

غیلان علم ذی الرمۃ والسالی العابر ترجمہ سو اگر میہ کمبخت غیلان کے روبرو کسی روز برہنہ ظاہر ہو تو وہ میہ کو مثل قول زمانہ سابق کے کبہی یون نہ کہے کہ کاش یہ میری قابو مین ہو دی بلکہ اوس سے اعراض کرنے لگی اور اوس قول سابق کو اور کسیطرف سوای میہ کے لوٹا دی یعنے میہ سے ایسا بول نہ کہی بلکہ سوای میہ کے اور کسی محبوبہ سے یہ قول کہی یا وہ میہ سے بیشک بیپرواہ ہو جاوی وقال ابو العتاہیۃ

عنّی بنفقتہ علی ظہری	جزی البخیل علیّ صالحۃ

علی متعلق بالبخیل ترجمہ جو شخص مجہسے بخل کرتا ہی وہ میری طرفسے نیک جزا دیا جاوی کیونکہ وہ میری پشت پر ہلکا رہا یعنے اوسکے بخل کے سبب اوسکا بار احسان میری گردن پر نہوا۔

فعلت ونزّہ قدرہ قدری	اعلی واکرم عن یدیہ یدی

یقال کرم عنہ اعلاعنہ اذا ابعدہ ونزہ بعدہ ترجمہ بخیل نے اپنے دونون ہاتہوں سے میری ہاتہ کو دور کر دیا سو وہ دور ہو گیا اور اوسکی بخیلی کی مقدار نے میرے

کرم کی مقدار کو عار و ننگ سے پاک و صاف رکھا یعنے اوسکی عطا کے قبول کرنیسے بچا لیا۔

وَرُزِقْتُ مِنْ جَدْوَاهُ عَافِيَةً	أَلَّا يَضِيقَ بِشُكْرِهِ صَدْرِي

ترجمہ اور مین اوسکی عطا سے عافیۃ روزی کیا گیا یعنے خداتعالی نے اوس سے مجکو بچایا تاکہ میرا سینہ اوسکی شکر نعمت سے تنگ نہو۔

وَغَنِيتُ خِلْواً مِنْ تَفَضُّلِهِ	أَحْنُوا عَلَيْهِ بِأَوْسَعِ الْعُذْرِ

غنی الرجل کرضی عاش والخلو الخالی حال من ضمیر المتکلم واحنا علیہ عطف علیہ ترجمہ اور مین اوسکی فضل و کرم سے خالی زندگی بسر کرے ایسی حال مین کہ مین نہایت وسیع و طویل عذر سے اوسپر مہربان ہوتا یعنے اگر اسکی عطا قبول کرتا تو اوسکی قبول کرنیکی مجکو بڑی لمبی چوڑی عذر بیان کرنے پڑتے۔

مَا فَاتَنِي خَيْرُ امْرِئٍ وَضَعَتْ	عَنِّي يَدَاهُ مَؤُونَةَ الشُّكْرِ

المؤونة الکلفۃ ترجمہ اوس مرد کی نیکی میرے پاس سے جاتی نہین رہی جسکے دونون ہاتھون نے میری اوپر سے تکلیف شکرگزاری اوتار رکھی یعنے بیشک اوس شخص کی نیکی مجکو پہونچی جسنے مجکو کچھ نہین دیا کیونکہ اگر وہ مجکو کچھ دیتا تو مجکو اوسکی شکرگزاری کی تکلیف البتہ اوٹھانی پڑتی۔

وقال ابن عبدل الاسدی

أَضْحَى عُرَاجَةُ قَدْ تَعَوَّجَ دِينُهُ	بَعْدَ الْمَشِيبِ تَعَوُّجَ الْمِسْمَارِ

عراجۃ علم رجل ترجمہ بعد آنے پیری کے عراجہ کا دین و اعتقاد ایسا کج ہو گیا جیسے لوہی کی میخ کج ہو کر کمتر سیدھی ہوتی ہے۔

وَإِذَا نَظَرْتَ إِلَى عُرَاجَةَ خِلْتَهُ	فُرِجَتْ قَوَائِمُهُ بِأَيْرِ حِمَارِ

ترجمہ اور جبکہ تو عراجہ یعنی اوسکی کشادہ روئی کو دیکھیگا تو یہ خیال کریگا کہ اوسکی دونون ٹانگین بصدمہ کیر خر کشادہ کیگئی ہین۔ وقالت ام عمرو بنت وقدان۔

إِنْ أَنْتُمُ لَمْ تَطْلُبُوا بِأَخِيكُمُ	فَذَرُوا السِّلَاحَ وَوَحِّشُوا بِالْأَبْرَقِ

مفعول الطلب محذوف یقال طلبہ بہ اذا اخذہ بہ والباء زائدۃ داخلۃ علی المفعول بتقدیر المضاف ووحش الرجل اذا تشبہ والنس بالوحش والابرق کل ارض ذات طین و رمل مختلط و حجارۃ ترجمہ اگر تم اپنے مقتول بہائی کے بدلے اوسکی قاتلون کو نہ پکڑو یا اپنے بہائی کا عوض نہ لو تو ہتھیار انکو چہوڑ دو اور مالو دار پتہر ملی کیچڑ میں جنگلی جانوروں کی سوا فق ہو جاؤ کہ صیاد سے اونکا بہی قصاص نہین لیا جاتا۔ الحاصل قصاص لینے پر برانگیختہ کرتی ہے۔

وَخُذُوا الْمَكَاحِلَ وَالْمَجَاسِدَ وَالْبَسُوا	نُقَبَ النِّسَاءِ فَبِئْسَ رَهْطُ الْمُرْهَقِ

والمجاسد جمع مجسد وہو الثوب المصبوغ بالزعفران والمرہق اسم مفعول من ادرکہ ای من ادرکہ من طلبہ من الاعداء والمخصوص محذوف ترجمہ اور سرمہ دانیان اور زعفرانی لباس سنبہالو اور عورتونکی اوڑہنی اوڑہو کیونکہ تم اوس شخص کے جو گرفتار کر کے مار اگیا بری قوم ہو۔

اخبار ابن عبدل الاسدی

ام عمرو بنت وقدان

الہاکم ان تطلبوا باخیکم	اکل الخزیر ولعق اجرد الحق

الخزیر بالمعجمات الثلاثۃ طعام یتخذ من اللحم والدقیق واللعق الحس باللسان والاجرد بالجیم اللبن الذی ینزع منہ زبدہ والاحق التفضیل المحوق من محق اذا ذہب برکتہ ترجمہ تمکو تمہارے بہائی مقتول کے بدلہ لینے سے خزیر کے کہانے اور مسکا نکالی ہوئی دودھ کے چاٹنے نے جو برکت سے خالی ہی غافل کردیا۔ یعنے تم لوگ بندہ شکم ہو تمکو لڑائی سے کیا علاقہ ہی خزیر ایک قسم طعام ہے جو گوشت کے قیمہ کو آٹے مین پکاکر طیار کرتے ہین

وقالت امراۃ من طی وہی عاصیۃ البولانیۃ تہجو بنی محارب

اعاصی جودی بالدموع السواکب	وبکی لک الویلات قتلی محارب

الہمزۃ للندا وعاصی ترخیم عاصیۃ والسکب لازم ومتعد وہہنا لازم ولک الویلات دعاء معترض۔ واضافۃ القتلی الی محارب اضافۃ المفعول الی الفاعل ترجمہ آپ کو خطاب کرکے کہتی ہے کہ ای عاصیۃ اپنی آنکہون سے اشکہای ریزان گرا اور تجہپر افسوس اون مقتولون پر گریہ کر جنکو بنی محارب نے قتل کیا ہی۔

فلو ان قومی قتلتہم عمارۃ	من السروات والرؤس الذوائب
صبرنا لما یاتی بہ الدہر عامدا	ولکنما اثارنا فی محارب

العمارۃ دون القبیلۃ وفوق الفخذ والبطن والسروات جمع سراۃ وہو اعلی کل شئی واراد بہم السادۃ الکرام والرؤس الاشراف والذوائب الاعالی والاثار جمع ثار وہو الوتر وطلب الدم ترجمہ سو اگر میری قوم کو کوئی فریق سردارون اور بلند مرتبہ لوگون کا قتل کرتا تو ہم اوس مصیبت پر صبر کرتے جسکو زمانہ بالارادہ ہمپر ڈالتا ہے مگر کیا کیجیے ہماری انتقام اور کینے بنی محارب مین ہین۔ یعنے اونکی ذمہ مین جو نہایت ذلیل وخوار ہین۔

قبیل لئام ان ظہرنا علیہم	وان یغلبونا یوجدوا شر غالب

جواب الشرط محذوف ومعنی شر غالب کونہم شدیدۃ الایلام اذا غلبوا ترجمہ وہ یعنے بنی محارب کینہ قوم ہین اگر ہم اون پر غالب آئے تو ہمکو کچہہ فخر حاصل نہوگا اور اگر وہ لوگ ہمپر غالب آئے تو وہ بدتر غالب ہون گے یعنی کمینون کیطرح حد سے زیادہ ستائینگے۔

وقالت غیرہا تہجو زیاد بن ابی سفیان

اذا ما الرزق اجحم عن کریم	والجاہ الزمان الی زیاد
تلقاہ بوجہ مکفہر	کان علیہ ارزاق العباد

الاجحام بتقدیم المہملۃ علی الجیم التاخر والمکفہر العبوس ترجمہ جب روزی کسی بہلی مانس کی پاس دیر مین آئی اور اوس بہلے آدمی کو زمانہ طلب

امراۃ من طی

غیرہا تہجو زیاد بن ابی سفیان

رزق کے لیے زیاد کے پاس جانیکو مضطر کردی تو زیاد اوس کریم سے ایسی ترش روئی کے ساتھہ ملیگا گویا سب بندرگی روزیان اوسکے ذمہ ہین۔

وقال ابو محمد الیزیدی

وانما قیل له الیزیدی لانه کان ممن خرج مع ابراہیم بن عبد اللہ بن الحسن بالبصرة ثم توارى مدة حتے اتصل بیزید بن منصور خال المہدی فوصله بالرشید وادب ابنه مامون بن الرشید۔

عَجَبًا لاحمدَ والعجائبُ جُمَّةٌ ... اَنّى یلوم علی الزمان تبذّلی

الجم الکثیر والجملة اعتراض وانی بمعنی کیف ومعنی علی الزمان علی حروف الزمان ترجمہ مین احمد سے بہت تعجب کرتا ہون اور حال یہ ہی کہ دنیا مین عجائب بہت ہین کہ وہ بباعث حوادث زمانہ میرے مستعمل کپڑے پہننے پر یعنے تغیر ہیأت سابق پر مجکو کیونکر ملامت کرتا ہی یعنے یہ امر کچہہ عجیب نہین ہی

اِنَّ العجیبَ لمَا اَتتْکَ امورُہ ... من کلّ مثلوجِ الفؤاد مُهبَّل

اللام للتاکید وما بمعنی من اذ لم یرد الموصوف من ذوی العقول واتتک اظہرہ علیک ومن بیانیة۔ ومثلوج الفؤاد البلید الکسلان والمهبل اللحیم المورم الوجہ ترجمہ بیشک عجیب وہ شخص ہے جسکا حال تجہپر ظاہر کرتا ہون کہ وہ بلید کاہل نہایت فربہ مونہہ سوجی ہوے لوگون مین سے ہی۔ یعنی میرا حال عجیب نہین ہی کیونکہ انقلاب زمانہ سے ہر شخص کی ہیأت مین فرق آجاتا ہی ہان عجیب حال احمق بیحیا فربہ کا ہی کہ وہ ہر حال مین فربہ رہتا ہے اور اوسپر کوئی صدمہ بے عزتی کا اثر نہین کرتا ہی درست کہا ہی ع بیحیا باش ہرچہ خواہی کن۔ گویا یہ طعن احمد لاممتکر پر ہی کہ تو ایسا ہے۔

وغدٍ یلوکُ لسانَہ بلهاتِه ... وتری ضبابةَ قلبه لا تنجلی

الوغد الاحمق السفیہ واللوک المضغ اللین واللہاة الحنک الاعلی والضباب السحاب الرقیق ترجمہ وہ ایسا پلید ہی کہ بسبب نہ آنے جواب معقول وعدم قدرت گفتگو کے اپنے اوپر کے تالو کو زبان سے چاٹنے لگتا ہی اور تو اوسکو دیکہیگا کہ اوسکے دل کا ابر کہلتا نہین ہی یعنے ہر وقت شک اور تردد مین رہتا ہے

متصرّفٌ للنُّوکِ فی غُلوائه ... زَمِرِ المروءة جامحٍ فی المِسحَل

النوک الحمق والغلواء اول الشباب۔ والزمر بتقدیم المعجمة ککتف القلیل المروة والجامح من جمح الفرس اذا غلب علے فارسہ والمسحل اللجام ترجمہ ایسا پلید کہ وہ اپنے شروع جوانی مین حمق کا استعمال کرتا ہے قلیل المروة ہے اور نافرمان گویا وہ گہوڑا ہے جو اپنے لگام مین سرکشی کرتا ہے۔

واذا شهدتَ بمجالسٍ ذی النُّهی ... وبَلَتْ سحابتُه بنوکٍ مُسهِلِ

وبل المطر امطر وکنی بالمسهل عن المخازی والمفاضح ترجمہ اور جب کہ تو اوس کو عاقلون کی مجلس مین لے جاوے تو اوسکا

ابر حماقت کا ایسا سینہ پر سا دے کہ جسقدر اوسکے شکم مین ہے سب نکل پڑے یعنے ایسی واہی باتین کرے جیسا براز اوس کے شکم مین ہے اور تمام قوم مین فضیحت ہو جاوے۔

غلب الزمانَ بجدّہٖ فسمَا بہ	وکبا الزمانُ لوجھہ والکلکلِ

الجد البخت والسمو العلو والجر و للجد وکبا کبوًا و انکب علی وجہہ والکلکل الصدر **ترجمہ** وہ احمق اپنے نصیب کی مدد سے زمانہ پر غالب آگیا ہے اور اوسی کے مدد سے بلند رتبہ ہوگیا نہ بزور لیاقت و عقل کے اور زمانہ اوس کے سامنے اپنے موہنہ اور سینہ کے بل اوندہا گر گیا ہے یعنے اوس کا مطیع ہوگیا ہے۔

ولقد سموتُ بھمّتی وسما بھا	طلبُ المکارم بالفعال الافضلِ


فاعل سما طلب **ترجمہ** تحقیق مین بلند رتبہ ہوا اپنے ہمت کے ذریعہ سے اور میرا نیکنامی کے کامون کو بذریعہ عمدہ افعال کے طلب کرنا اوسی ہمت سے درجہ عالی کو پہونچا۔

لانال مکرمۃ الحیٰوۃ وربّما	عثر الزمانُ بذی الدّھاء الحوّلِ

اللام متعلقہ لسموت وعثر عثارا خرّ علی الارض۔ والباء للتعدیۃ والدہاء العقل والمکر والحول الکثیر الحیلۃ **ترجمہ** مین اپنی ہمت کی اس واسطے بلند رتبہ ہوا تاکہ شرف زندگانی کو پہونچون۔ اور اکثر زمانہ بڑے عاقل اور مدبر کو زمین پر گرا دیتا ہے یعنے خاک مین ملا دیتا ہے۔

فلئن غُلبتُ لتمضینّ ضریبتی	کلَبَ الزمانِ بعفّۃٍ وتجمّلِ

غلبت مجہول وتمضین من الامضاء۔ والضریبۃ الطبیعۃ والکلب محرکۃ الشدۃ **ترجمہ** سو بخدا اگر مین مغلوب کیا گیا یعنے مجھ کو زمانہ نے دبا لیا اور مغلوب کر لیا تو میری طبیعت زمانہ کی سختیے پر بذریعہ پاکدامنے اور صبر جمیل غالب اور اپنے ارادہ پر جمی رہے گی یعنے سوال سے بچونگا اور صبر جمیل کرونگا۔



باب الاضياف والمدائح

وقال عتيبة بن بجير المازني من بني الحارث بن كعب

ومستنبح بات الصدى يستتيهه — الى كل صوت فهو في الرحل جانح

استنبح الرجل اذا طلب نباح الكلب نباحه ۔ وكان من عادتهم اذا ضل مسافر في ليل مظلم ولم يهتد الى سبيل كان ينبح كالكلب ليسمعه كلاب موضع ان كان قريبا منه فيجيبوه فيصل اليه ثم توسع فيه حتى قيل لكل طارق ليل واراد بالصدى ما يرد على المصوت من الطرف المقابل واستتاه الرجل اذا ضل وتحير شديدا والرحل المنزل والجانح المائل ترجمہ اور بہت سے مسافر رات کو آنے والے اور کتوں کی طرح بھونک کر کتوں کو بھونکانے والے ہیں کہ آواز کی گونج یعنے وہ آواز جو طرف مقابل سے بوقت بولنے کسی شخص کے آتی ہے اوسکو ہر آواز کی طرف حیران وششدر کرتی ہے سو وہ میری فرودگاہ کی طرف مائل ہوتا ہے۔

فقلت لاهلي ما بغام مطية — وسار اضافته الكلاب النوابح

البغام صوت الناقة واريد به الصوت مطلقا ترجمہ سو میں نے اپنے گھر کے لوگوں سے کہا کہ یہ آواز اونٹنی کے بلبلانے کی اور اوس مسافر کی جسکی ضیافت بھونکنے والے کتوں نے کر رکھی ہے کیسی ہے یعنے اوسکو دریافت کرو۔

فقالوا غريب طارق طوحت به — متون الفيافي والخطوب الطوائح

طوح به طرحه ورماه والمتن ما صلب من الارض والفيافي الصحاري والخطوب الحوادث ترجمہ سو انھوں نے کہا کہ ایک رات کو آنیوالا مسافر ہے کہ اوسکو جنگلوں کی سخت زمین نے اور حوادث روزگار نے جو لوگوں کو ایک سرزمین سے دوسری سرزمین پھینکدیتے ہیں ہماری طرف پھینکدیا ہے۔

فقمت ولم اجثم مكاني ولم تقم — مع النفس علات البخيل الفواضح

جثم مكانه لزمه والعلات الموانع ترجمہ سو یہ سنکر میں فوراً کھڑا ہوگیا اور اپنی جگہ پڑے نہ رہا اور میری طبیعت کے ساتھ موانع اور بیماریاں بخیل کی جو اسکو مہمانداری سے روکتی ہیں اور اوسکو لوگوں میں فضیحت کردیتی ہیں نہ اوٹھیں۔

وناديت شبلا فاستجاب وربما — ضمنا قرى عشر لمن لا نصافح

الشبل ولد الاسد واستعير للابن والعشر بالضم عشر المال وبالفتح عشر ليال وكنى بمن لا نصافح عن الاجنبي المحض ترجمہ اور میں نے

اپنے بیٹے کو جو مثل شیر بچہ کے تھا اپنی مدد کے لئے پکارا اور اوس نے جواب دیا اور ہم اکثر اوقات دس دس اجنبی شخص کی ضیافت کے متکفل ہوجاتے ہیں یا اوسکو اپنے مال کا دسواں حصہ دیدیتے ہیں۔

فقام ابو ضیفٍ کریمٍ کانہ ۔۔۔ وقد جدّ من فرط الفکاھۃ مازحُ

اراد بابی ضیف نفسہ والجد نقیض الہزل ومازح خبر کان والفکاھۃ بالضم الظرافۃ وبالفتح طیب النفس ترجمہ تو مہمانوں کا سخی باپ یعنے میں کھڑا ہوا گویا وہ ستیہاد میں بسبب کثرت خوش طبعی اور اخلاق کے ہنسی اور ٹھٹھا کرنیوالا ہی تشبیہ اوسکے یہ معنی کہ یہ اوس کی دل لگی کی باتیں ہیں خوش اخلاقی بطور استہزا نہیں بلکہ تہ دل سے۔

الی جذمِ مالٍ قد نہکنا سوامَہُ ۔۔۔ واعراضُنا فیہ بواقٍ صحائحُ

متعلق بقام والجذم بالکسر الاصل والمال الابل واراد بالاصل دون الزوائد من الاولاد ونہکنا افنا والسوام الابل الراعیۃ والضمیر للمال ترجمہ میں اصل مال کیطرف کھڑا ہوا یعنے اون شتروں میں بارا وذبح گیا جنمیں سے چرنی والے شتر سابق مہمانوں کی ضیافت اور لوگوں کے تاوان میں پہلے فنا کر دیئے تھے کہ اسکے معاملہ میں ہماری آبروئیں باقی اور تندرست تھیں گو وہ شتر باقی نہ رہے

جعلناہُ دون الذمّ حتی کانّہ ۔۔۔ اذا عُدَّ مالُ المکثرین المنائحُ

المنائح جمع منیحۃ وہی الناقۃ الحلوبۃ تدفع الی الجار لیتمتع بلبنہا ما دام فیہا اللبن ہو خبر کان والتشبیہ فی ایصال النفع ترجمہ ہم نے اوس مال کو اپنی بدنامی کی آڑ کیا یہانتک کہ ہم نے اونکے صرف کو ایسا سمجھا کہ گویا وہ ایصال نفع میں شیر دار اونٹنیاں ہیں جو ہمسایہ کو صرف دودھ پینے کو دیجاویں جبکہ بہت سے شتروں کے مالکوں کے شتر گنے جاویں یعنے بخیلوں کے۔

لنا حمدُ اربابِ المئین ولا یُری ۔۔۔ الی بیتنا مالٌ مع اللیل رائحُ

المئون جمع مائۃ واراد بارباب المئین الاغنیاء المکثرین والرائح خلاف الغادی والی متعلق بہ ترجمہ اب ہماری ویسی تعریف ہوتی ہے جیسے سیکڑوں شتروالوں کی ہوتی ہے کیونکہ ہم اون جیسی سخاوت کرتے ہیں باوجودیکہ رات ہونے کے وقت ہمارے گھر کیطرف کوئی شتر شام کو آنیوالا نہیں ہے یعنے ہم مفلس ہیں وقال مرۃ بن محکان التمیمی شاعر اسلامی اموی جواد سخی نزل علیہ قوم فی لیلۃ باردۃ فنزلہم واطعمہم ثم غناہم بہذہ الابیات

یا ربّۃ البیتِ قومی غیرَ صاغرۃٍ ۔۔۔ ضُمّی الیکِ رحالَ القومِ والقُرُبا

ربۃ البیت صاحبتہ ویکنی بہ عن الزوجۃ والقرب بضمتین جمع قراب ہو غمد السیف اراد بہا الاسلحۃ ترجمہ اے میری گھروالی تو بجالت

مرۃ بن محکان التمیمی

عزت وحرمت اوٹھاو اس مہمان قوم کی کجا وسے اور ہتھیار اپنے گھرمین کو لے لیے اب ہم اونکی حفاظت جان و مال کے لیے کافی ہین اونکو ہتھیار اپنے پاس رکھنے کی کچھ حاجت نہین ہی

لا یبصر الکلب من ظلمائہا الطُّنبا	فی لیلۃٍ من جمادی ذات اندیۃٍ

کانوا یجعلون شہر البرد جمادی وان لم یکن جمادی فی الحقیقۃ کان الاسماء وضعت فی الاصل مقسمۃ علی عوارض الزمان والحر والریح والبرد والمطر ثم تغیرت فصارت تستعار والاندیۃ جمع ندی وہو المطر القلیل والظلماء الظلمۃ والطنب جمع طناب ترجمہ ترکھڑی ہو جمادی الاولی یا اخری کی ایک رات مین جسمین علاوہ سردی کے ترشح ہو رہا ہی اور وہ ایسی اندھیری ہی کہ اوسکی تاریکی کے سبب کتا باوجودیکہ وہ شب کو تیز نظر ہوتا ہی خیمہ کی رسیان نہین دیکھ سکتا۔ جبکہ عرب نے مہینونکے نام تجویز کیے تو اوسوقت جمادی الاولی و اخری موسم سرما مین تھے پس اب تک عرب اون دونون مہینونکو سردی کے شمار کرتے ہین۔

حتی یلف علی خیشومہ الذنبا	لا ینبح الکلب فیہا غیر واحدۃٍ

الخیشوم اقصی الانف ترجمہ بباعث شدت برودت کے اوس شب مین کتا سوائے ایک دفعہ کے نہین بھونکتا مگر یہ کہ اپنی ناک پر اپنی دم کو لپیٹ لے تو دوسری دفعہ بھی بھونک سکتا ہی خلاصہ یہ کہ ہوا اسقدر سرد ہی کہ جب کتا ایک دفعہ بھونکتا اور اوسکی ناک کی راہ سرد ہوا اوسکے گلے تک پہونچی تو فوراً اوسکی آواز بجھ جاتی ہی مگر اوس صورت مین کہ اپنی دم سے نتھنے بند کرلے اور سرد ہوا گلے تک نجاوے اوسوقت دوبارہ بھی آواز نکال سکتا ہی

فی جانب البیت ام نبنی لہم قببا	ماذا ترین اندنیہم لارحلنا

ترجمہ تیری کیا سمجھ مین آتا ہی کیا اونکو اپنی نشستگاہ یعنی گھر کے کنارہ پاس لے آوین یا اونکی لیے جدا ڈیرے کھڑے کردین

من کان یکرہ ذماً او یقی حسبا	لمرمل الزادِ معنیٍّ بحاجتہ

بدل من لہم باعادۃ الجار وارمل الرجل اذا انقطع زادہ والمعنی اسم مفعول من عناہ اذا قصدہ او من عناہ الامر اذا اہمۃ وقولہ من کان یکرہ موضعہ رفع کانہ قال ذلک المعنی بحاجتہ من کان کارہا لذم الناس او صائنا لشرفہ ترجمہ ہم جدا ڈیرے کھڑے کرین اوس شخص کے لیے جسکا توشہ سفر تمام ہو چکا ہی اور وہ اپنی حاجتمندی کے سبب مغموم ہی اور وہ ایسا عمدہ شخص ہی کہ لوگونکی برائی یا مذمت کو برا سمجھتا ہی اور اپنی شرافت کی حفاظت کرتا ہی یعنے جبکہ ایسے عمدہ شخص پر وقت پڑے تو ہمکو اوسکی مہمانداری عمدہ طور سے کرنی چاہیے اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ معنی کا فاعل من کان ہو اوس صورت مین ترجمہ یہ ہوگا کہ اوسکی حاجت روائی کے لیے وہ شخص مغموم ہی جو مذمت سے بچتا ہی

اور اپنی شرافت کو بچاتا ہے اور اوسکی حفاظت کرتا ہے یعنے مین

مثل المجادل کوم برکت عصبا	وقمت مستطنا سیفی واعرض لی

مستطنا علی المحذوف ای قلت لما ذلک قمت الا ستبطان الاستخفار واعرض بمعنی عرض المجادل جمع مجدل کمنبر القصر والکوم جمع کوماء وہی الناقۃ العظیمۃ السنام وبرکت الابل شدۃ اذا قعدت علی ہیاتہ جلوسہا والعصب کصر وجمع عصبۃ بمعنی الجماعۃ منصوب علی الحالیۃ ترجمہ یہ ہین نے کہا اور اپنی تلوار چھپائے ہوئے کھڑا ہوگیا تاکہ اوسکو نشتر دیکھکر یکین نہین ہوتا تھا ایسے فربہ اور مثل محلون کے کلان میرے سامنے آئین ایسے حال مین کہ جماعت کی جماعت گھٹنو ں کی بل بیٹھی ہوئی تھین

جلس فصادف منہ ساقہا عطبا	فصادف السیف منہا ساق متلیۃ

المتلیۃ ناقۃ یتلوہا ولدہا والجلس بالجیم مفتوحۃ الناقۃ الوثیقۃ الجسم ترجمہ سو اس جماعت مین سے میری تلوار ایک ناقہ بچہ دار جسم کی کٹھیلی کے ساق مین لگی سو اوس تلوار سے اوسکی ساق ہلاکی سے ملگئی

کلما نعوہا لراعی سرحنا انتحبا	زیافۃ بنت زیاف مذکرۃ

ہی صفۃ متلیۃ یعنی المتبخترۃ والمذکرۃ الناقۃ الشبیہۃ بالجمل والسرح الابل الراعیۃ وانتحب بکی بالصوت ترجمہ ایسی بچہ دار ناقہ جو اپنے کو بنا کر چلنے والی تھی اور اوسکا باپ بھی ایسا ہی تھا اور کلانی جسم مین شتر نر کے مشابہ تھی جبکہ ہمارے شترون کے چرانے والے کو اوسکی خبر مرگ لوگون نے پونہچائی تو وہ بسبب نفاست ناقہ مذکورہ ڈہارین مار کر رونے لگا

فصار جازرنا من فوقہا قتبا	امطیت جازرنا اعلی سناسنہا

امطیتہ بعیری اذا حملتہ علی ظہرہ والسناسن جمع سنسنۃ وہو خارج فقار الظہر واعلی السنام والقتب الرحل ترجمہ مین نے اپنے قصاب کو اوسکے اونچے فقرات کمر پر سوار کر دیا یا اوسکے کوہانکی اعلی جانب پر سو ہمارا قصاب اوسکے اوپر چوب پالانکی موافق ہوگیا یعنے اوسکی بلندی کے سبب ذابح کا ہاتھ اوسکے کوہان تک نہین پونہچ سکتا تھا اسلیئے اوسکو اوس پر سوار کرکے ذبح کرایا

کما تنشنش کفا قاتل سلبا	ینشنش اللحم عنہا وہی باركۃ

ینشنش ای یکشف ویفرق والسلب محرکۃ ما یسلب من المقتول ترجمہ وہ ذابح اوس ناقہ کا گوشت اوس سے جدا کرتا تھا ایسے وقت مین کہ وہ گھٹنون کے بل بیٹھی ہوئی تھی جیسا کہ ہر دو دست شخص قاتل کے مقتول کا اسباب اوس سے جدا کرتے ہین اور بجائے مضطجعۃ کی بارکۃ اسلیئے کہا کہ عرب کے عادت تھی کہ شتر کے بیٹھے ہوے ذبح کرنے کو لیٹے ہوے ذبح کرنے سے بہتر سمجھتے تھے یہانتک کہ اگر اون کو خوف

کروٹ لیجاتے شتر کا ہوتا تھا تو اوسکے دونون طرف سے اور آدمی اوسکو سہارا دیئے رہتے تھے

وقلت لما غدوا اوصی قعیدتنا | غدی بنیك فلن تلفیهم حقبا

غدا بمعنی اصبح والضمیر للقوم والحقب جمع حقبة وہی مدة من الزمان ترجمہ اور جب کہ اوس قوم نے صبح کی تو مین نے ایسے حال مین کہ جب مین اپنی زوجہ کو وصیت کرتا تھا یہ کہا کہ تو ان مسافرونکو جو تیرے بیٹون کی مانند ہین طعام صبح دے کہ بعد اسکے تو اونکو عرصہ دراز تک نہین دیکھے گی مسافرون کا باپ آپکو کہا کیونکہ اوسکا لقب ابو الاضیاف تھا تو اوسکی بیوی اونکی مادر ہوئی ۔

ادعی اباهم ولم اقرف بامهم | وقد عمرت ولم اعرف لهم نسبا

اقرف اتهمه والفعل مجهول وعمر الرجل کسمع عاش مدة ترجمہ مین مہمانون کا باپ پکارا جاتا ہون حالانکہ مجھپر اونکی مادرون کے ساتھ تہمت نہین لگائی گئی اور بیشک میری عمر زیادہ ہوئی مگر مین اونکا نسب نہین جانتا اور باایںہمہ فرزندونکی مانند اونکی پرورش کرتا ہون

انا ابن محکان اخوالی بنو مطر | انمی الیهم وکانوا معشرا نجبا

بنو مطر بن شیبان ہم طاعن بن ابی اللہ ترجمہ مین محکان تمیمی کا فرزند ہون جو سخاوت مین نامور تھا اور میرے ماموں بنی مطر ہین جنکی طرف ماںکی جانب سے مین منسوب ہون اور یہ لوگ بھی ایک گروہ شریف ہین وقال آخر

ومستنبح قال الصدی مثل قوله | حضأت له نارا لها حطب جزل

حضأ النار اوقدها والجزل الحطب الغلاظ الضخام ترجمہ اور بہت سے کتون کو بھونکانیوالے یعنی راتکو آنیوالے ہین کہ اوس کو سامنے سے لوٹنے والے آواز نے اوسکے قول کے موافق کہا اور اسلیئے وہ گمراہ بھٹکتا پھرتا ہے کہ مین نے اوسکے لیئے ایسے بلند شعلہ آگ روشن کی جسمین موٹے لکڑ پڑے ہین تاکہ وہ اوسکو دیکھکر میری فرودگاہ مین آجاوے

فقمت الیه مسرعا فغنمته | مخافة قومی ان یفوزوا به قبل

ترجمہ سو وہ جب آگ دیکھکر اوسطرف آیا تو مین اوسکے استقبال کو فوراً کھڑا ہوا اور اسکو مثل مال غنیمت کے لیلیا اپنی قوم کے خوف کے سبب کہ وہ مجھسے پہلے اوسپر قابو نہ پالین کیونکہ میری تمام قوم سخی اور مہمان نواز ہے

فاوسعنی حمدا واوسعته قری | وارخص بحمد کان کاسبه الاکل

ترجمہ سو اوسنے مجکو تعریف سے پر کردیا اور مین نے اوسکو طعام ضیافت سے اور وہ تعریف کسقدر ارزان ہے جسکو کھانا کھلانا کما دے یعنی بذریعہ کھلانیکے حاصل ہو وقال آخر

تركتُ ضأنی تودّ الذئب راعيها	وانها لا ترانی آخر الابد

وانها بالفتح معطوف على الذئب ترجمہ مین نے اپنی بکریونکو ایسی حالت مین چھوڑا ہے کہ وہ اس بات کی آرزومند ہین کہ بھیڑیا اونکا چرواہا ہوا اور یہ کہ وہ کبھی مجھے نہ دیکھین یعنے مین انکو ہمیشہ مہمانونکے لیے ذبح کرتا ہون اسلیے وہ میری صورت سے بیزار ہین اور وہ میری نسبت بھیڑیے کو زیادہ پسند کرتی ہین وجہ اسکی شعر آیندہ مین ہے

الذئبُ يطرقها فی الدهرِ واحدةً	وكل يومٍ ترانی مُدْيَةٌ بيدی

المدية السكين مرفوع على الابتداء وبيدی خبره وطرقه اتاه ليلا من غير ترقب ترجمہ اور یہ آرزو بکریونکو اسلیے ہے کہ بھیڑیا اونکے پاس حسب دستور زمانہ رات کو صرف ایک دفعہ آتا ہے اور ایک آدھ بکری کو اوٹھا لیجاتا ہے اور تو مجکو ہر روز ایسے حال مین دیکھتا ہے کہ چھری میرے ہاتھہ مین ہے جس سے بیحساب بکریان ذبح کرتا ہون وقال آخر

وما انا بالساعی الی امّ عاصمٍ	لاضربها انی اذاً لجهولُ

ترجمہ اور مین اپنی زوجہ ام عاصم کیطرف اس ارادہ سے نہین بڑھتا کہ اوسکو مارون اور اگر مین ایسا کرون تو بیشک مین اوسوقت البتہ جاہل ہون یعنے اوسکو اختیار ہے کہ گھر مین جو چاہے بندوبست کرے

لكِ البيتُ الا فينةً تحسنينها	اذا حانَ من ضيفٍ علیّ نزولُ

فيه التفات من الغيبة الى الخطاب والفينة بالفاء وتقديم التحتانية على النون الوقت والساعة ومعنى احسان الوقت اكرام الضيف فيه واذا بدل منه او ظرف للاحسان وحان الشیء قرب وعلیّ متعلق بنزول ترجمہ گھر خاص تیرا ہی ہے مگر اوسوقت کہ تو اوس مین مہمانون پر احسان کرتی ہو یعنے اونکی خدمتگزاری مین مصروف ہو جبکہ کسی مہمانکے میرے پاس اوترنے کا وقت آپہنچے کہ اوسوقت وہ گھر مہمان کا سمجھا جاتا ہے وقال بعض بنی اسد

بعض بنی اسد

وسودٍ الا تكسی الرقاعُ نبيلةٍ	لها لجبٌ قرّاتِ العشياتِ ازملُ

الواو بمعنى رب وسود انعت قدر وتكسی مجهول من كساه والرقاع جمع رقعة وهی قطعة من ثوب ولا تكسی القدر الا عند التعطل من الطبخ والنبيلة العظيمة والقرة بالضم شدة البرد وقيل ان يكون صفة مضافة الى الموصوف والعشية بالجر والزوال والازمل الصوت الشديد ترجمہ اور بہت سی سیاہ دیگان بڑی کہ اون پر کبھی صافی نہین ڈالی جاتی کیونکہ اونمین سے مہمانونکے لیے ہروقت کھانا نکالا جاتا ہے ایسی ہین کہ اونکے لیے بوقت سردی آخر روز یا بوقت سہ پہری سرد کے یعنی ایام قحط مین یا اوسوقت کہ مہمان اکثر آتے ہین کھدکھداہٹ کی بڑی آواز ہے

اذا ما قرینا ها قراها تضمنت	قری من غرانا او تزید فتفضل

استعیر القری ههنا لطرح اللحم فی القدر وکل البیت جواب ب ترجمہ جبکہ ہم اوسکی ضیافت وسمین ڈالدیتے ہین یعنے اوسمین پکانے کی چیز بھر دیتے ہین تو وہ اپنی کلانیکی سبب ان لوگونکی ضیافت کی جو ہمارے ہان اوترتے ہین ضامن ہوجاتی ہی یا اوسسے بھی الگ ہوجاتی ہی اور لوگون کے واسطے فاضل کھانا بچتا ہی الغرض کم نہین ہوتی وقال آخر ہو حاتم وقیل عروۃ بن الورد

سلی الطارق المعتر یا ام مالک	اذا ما اتانی بین قدری ومجزری

المعتر المعترض السائل والمجزر موضع الذبح للشاۃ والابل ترجمہ اے میری زوجہ ام مالک تو مہمان شب آیندہ محتاج سے جبکہ وہ میرے مطبخ اور ذبح کے درمیان آجاوے پوچھ لے

أیسفر وجهی انه اول القری	وابذل معروفی له دون منکری

یسفر وجهہا ای اتہلل وتبشر وان بالکسر استیناف وتقدیر اللام ترجمہ یہ کہ جب وہ میرے پاس آتا ہی تو کیا میرا چہرہ شاش بشاش ہوجاتا ہی کیونکہ بشاشت چہرہ کی اول ضیافت ہی اور کیا مین اوسکے لیئے اپنا احسان خرچ کرتا ہون نہ بری بات مثل ترشروئی وجھڑکی کے وقال آخر

وانا لمشاؤن بین رحالنا	الی الضیف منا لاحف ومنیم

اللاحف من یعطی اللحاف والمنیم من یحدثہ حتی ینام ترجمہ اور ہم بیشک اپنی فرودگاہون مین اپنے مہمانکی طرف بہت بڑھکر جانیوالے ہین کوئی تو ہم مین کا مہمانونکو لحاف دیتا ہی اور کوئی اوس سے باتین کرکے سلا دیتا ہی

فذو الحلم منا جاهل دون ضیفه	وذو الجهل منا عن اذاه حلیم

سو ہم مین کا بردبار شخص اپنے مہمانسے سفیہ جاہل ہوتا ہی یعنے اگر کوئی اسے ستانا چاہے تو اپنے مہمانکی عوض سخت لڑائی مثل جاہل کے لڑتا ہی اور اوسکو تکلیف سے بچاتا ہی تو گویا وہ جاہل ہوجاتا ہی اپنے مہمان کی حمایت کرنے لیئے اور ہم مین کا جاہل بھی اپنے مہمانکی تکلیف اوٹھانے مین بردبار ہی گو مہمان اوسکو ستاوے وقال ابن هرمة

اغشی الطریق بقبتی ورواقها	واحل فی نشز الربی فاقیم

الرواق ماحول القبۃ ویقال له الفسطاط والنشز بالنون والشین المعجمتین المرتفع ترجمہ مین راہ کو اپنے خیمہ اور اوسکی قنات سے گھیر لیتا ہون یعنے بیچ راہ مین پڑاو کرتا ہون تاکہ مسافرونکی دعوت کرون اور ٹیلونکی بلند جگہہ پر اوترتا ہون اور قیام کرتا ہون تاکہ حسب عادت عرب آگ روشن کرکے اطراف وجوانب سے مہمانونکو اپنے پاس بلالون

إِنَّ امرأً جعلَ الطريقَ لِبَيتِهِ ... طُنُباً وأَنكرَ حقَّهُ لَلَئيمُ

الطريق منصوب بنزع الخافض اى على الطريق والمنصوب فى حقه للطريق ترجمہ بیشک وہ شخص جسنے اپنے خیمہ کی رسیان راہ مین کین یعنی راہ مین خیمہ زن ہوا اور اوسنے راہ کی حق یعنی مہمان نوازی کو نہ جانا وہ یقیناً بخیل و ناکس وکمینہ ہے وقال آخر

ومستنبحٍ تستكشِطُ الريحُ ثوبَهُ ... لِيَسقُطَ عنهُ وهُوَ بالثوبِ مُعصِمُ

عَوى فى سوادِ الليلِ بعدَ اعتسافِهِ ... لِيَنبحَ كلبٌ او لِيَفزعَ نُوَّمُ

تستكشط بمعنى وهو السلخ وعوى الكلب صاح بصوته والجملة جواب رب والاعتساف الضلالة عن الطريق ترجمہ اور بہت سے کتے بھونکانیوالے یعنی کتون کے بھونکنے والے ہین کہ ہوا انکے زور کی سبب اوسکا لباس کھولے دیتی ہے تاکہ اوسکے کپڑے اوسکے پاس سے گر پڑین اور وہ اپنے کپڑونکو تھامنے والا ہے جو رات کی اندھیری مین بعد اپنے راہ بھول جانیکے کتے کیطرح اس غرض سے بھونکا تاکہ اوسکے جواب مین کوئی کتا بھونکے یاکوئی سونیوالا اوسکی آواز سے گھبرا کر اوٹھ کھڑا ہوا اور اوسکو جواب دے یا آگ جلاوے

فجاوبَهُ مُستَسمِعُ الصوتِ للقِرى ... لهُ عِندَ اِتيانِ المُهِينَ مُطعَمُ

اراد بمستمع الصوت الكلب واحبه التقظه واراد بهم الاضياف ترجمہ سو ایسے آواز کے سننے والے یعنی کتے نے اوسکو دعوت کی لیے جواب دیا اور اوسکو طلب کیا کیونکہ اوسکو وقت مہمانونکے آنیکے کھانا بکثرت ملتا ہے بسبب ذبح شتران دعوت کے

يكادُ اِذا ما اَبصرَ الضيفَ مُقبلاً ... يُكَلِّمُهُ من حُبِّهِ وهو اَعجَمُ

ترجمہ جبکہ وہ کتا مہمانونکو آتا دیکھتا ہے تو قریب ہے کہ اپنی محبت کی سبب اوس سے بول پڑے باوجودیکہ وہ بے زبان ہے یعنی وہ کتا سخت مہمان دوست ہے۔

وقال سالم بن قحفان العنبرى ومن خبر هذه الابيات ان سالم بن قحفان اتاه اخو امرأته فاعطاه بعيرا من ابله وقال لامرأته هاتى حبلا نقرن ما اعطيناه الى بعيره ثم اعطاه بعيرا آخر وقال هاتى حبلا ثم اعطاه ثالثا فقال هاتى حبلا فقالت ما بقى عندى حبل فقال على الجمال وعليك الحبال فرمت اليه خمارها وقالت اجعله حبلا فانشد

لا تَعذُلِينى فى العَطاءِ ويَسِّرى ... لِكُلِّ بعيرٍ جاءَ طالِبُهُ حَبلا

يسره هياه ترجمہ تو مجکو بخشش کی معاملہ مین ملامت مت کر اور جس شتر کا طالب میرے پاس آئے اوسکے لیے رسی تیار کرلے

فانّی لا تبکی علیّ افالها ... اذا شبعت من روض اوطانها بقلا

الافال جمع افیل وہو الصغیر من اولاد الابل وبقلا منصوب بنزع الخافض ای من بقل ترجمہ اور یا اسلیئے ہی کہ جب مین مرجاونگا تو مجھہ پر بچے ہائے شتر جبکہ وہ اپنے وطنونکی گھاس سے پیٹ بھر لینگے نہین رؤینگے کیونکہ وہ بہائم ہین پس اونپر رحم کرنا بموقع ہی یا یہ کہ میرے مرنے پر وہ خوش ہو نگے کہ ہر روز کے ذبح سے بچگئے

فلم ار مثل الابل مالا لمقتنٍ ... ولا مثل ایام الحقوق لها سُبلا

المقتنی المدخر ای من یدخر الذکر الجمیل او المال وایام الحقوق ایام قری الاضیاف وحمل الدیات والدیون ترجمہ کیونکہ مین نے مثل شتر کے کوئی مال ذکر جمیل کے ذخیرہ کرنے والے کے لیئے نہین دیکھا اور نہ مثل اون روزون کے جنمین مہمانونکے حق ادا کیئے جاوین صرف کی عمدہ راہین دیکھین یعنی شتر سے بہتر کوئی مال اور حقوق مہمانونکے ادا کرنے سے کوئی کام اچھا نہین ہی فاجابتہ امرأتہ

حلفتُ یمیناً یا ابن قحفان بالذی ... تکفّل بالارزاق فی السّہل والجبل
تزال حبالٌ محصداتٌ اعدّہا ... لہا ما مشی منہا علی خفّہ جمل

تزال بحذف لا النافیۃ والمحصد اسم مفعول الحبل المحکم الشدید ترجمہ ای ابن قحفان مین نے اوس خدا کی قسم کھائی ہی جو بندونکے رزقوں کا میدان اور پہاڑونمین ضامن ہی کہ مین آیندہ ہمیشہ مضبوط رسّیان شترون کے لیے تیار کرونگی جب تلک کہ کوئی شتر اپنے سموں سے پر چلیگا یعنے ہمیشہ

فاعطِ ولا تبخل لمن جاء طالباً ... فعندی لہا خطمٌ وقد زاحت العلل

الخطم جمع خطام وزاح زال والعلل الموانع ترجمہ سو تو اوس شخص کو جو تجھسے شتر مانگنے آوے شتر بخش اور بخل مت کر کیونکہ میری پاس اونکی مہارین موجود ہین اور روکنے والی چیزین یعنی بخل وغیرہ میری طبیعت سے دور ہوگئین وقال آخر

الا ترین وقد قطّعتنی عذلا ... ماذا من البعد بین البخل والجود

ترجمہ ای میری بی بی تو کیا نہین دیکھتی کہ بخل و سخاوت میں کسقدر فرق عظیم ہی حالانکہ تو نے سخاوت پر ملامت کرکی میرے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے ہین

الّا یکن ورقٌ غضّاً اراح بہ ... للمعتفین فانّی لیّن العود

الورق کنایۃ عن المال والغضّ الطری الرطب واراح متکلم من راح للمعروف اذا اخذتہ راحۃ یہ اسے ارتاح بہ ترجمہ اگر مرا مال سائلونکے لیے ایسا تیار و مہیا جسکو فقیرونکو دیکر راحت پاؤن تو اوس صورتمین بیشک فی لیل وضعیف مثل شاخ نرم کے ہونگا۔ وقال قیس بن عاصم المنقری رضہ۔ ہو اصحابی جلیل وجواد کریم وسید مطاع فی الجاہلیۃ والاسلام رضی اللہ تعالی عنہ

اِنی امرءٌ لا یعتری خُلقی	دَنَسٌ یُفنِّدُہ ولا آفنٌ

فندہ نسبہ الی الفند وہو سوء الفہم وفساد العقل ۔ والافن بالفتح ضعف العقل ترجمہ بیشک مین ایسا مرد ہون کہ میری عادت وخو کو ایسی ناقص چ
ایسی بات پیش نہین آتی جو مجکو بدفہمی کیطرف منسوب کرے اور نہ کم عقلی عارض ہوتی ہے

من مِنقرٍ فی بیتِ مکرُمۃٍ	والغُصنُ ینبتُ حولہ الغُصُنُ

ترجمہ مین بنی منقر سے خانہ شرف وعزت مین ہون اور شاخ کے گرد اوسی قسم کی شاخ جمتی ہے یعنی جیسے میرے بزرگ اچھے تھے ایسا ہی مین ہون

خطباءُ حین یقومُ قائلُہم	بیضُ الوجوہِ مصاقعٌ لُسُنُ

خطیب مصقع بلیغ جہیر الصوت واللسن جمع السن وہو من یتکلم بکلام فصیح ترجمہ وہ لوگ بڑے گویا ہین جبکہ اونمین کا کوئی بولنے والا کسی مجلس مین
گفتگو کرنے کھڑا ہوا اور سفید رنگ یعنی شریف وکریم بلیغ وفصیح زبان آور ہین

لا یفطنون لِعیبِ جارِہم	وہُمُ لحفظِ جوارِہم فُطُنُ

ترجمہ وہ لوگ اپنے ہمسایہ کی عیب کی خبر نہین رکھتے اور وہ لوگ واسطے حفاظت حق اپنے ہمسائیگی کی بڑے ہوشیار وخبردار ہین وقال ابن عنقاء
الفزاری ومن خبر ہذہ الابیات ان عُمَیلۃ الفزاری مرّ علی ابن عنقاء وہو یکتش لغنمہ وقیل یحفر البقول فقال مالک صرت الی ہذہ الحالۃ فقال
ابن عنقاء تغیر الزمان وتغدر الاخوان وضن اشاکلک بما معہم فقال عُمَیلۃ لا جرم واللہ لا تطلع الشمس غدا الا وانت کاحدنا وکان عُمَیلۃ غلاما حین بقل وجہہ
فبات ابن عنقاء یتململ علی فراشہ لا یاخذہ النوم تشفقا لما قال لہ عُمَیلۃ فقالت لہ امرأتہ ما شانک فاخبرہا فقالت قد ضرطت وذہب فلک حتی تعلق نفسک بکلام
غلام حدیث السن فبینما ہی تراجعہ الکلام اذ اقبل علیہم کاللیل من ابل وغنم وخیل واذا عُمَیلۃ قد وقف علیہ فقال یا ابن عنقاء اُخرج الی فخرج الیہ فقال انما انا کہ
الم نقتسم فقاسمہ خیلہ وابلہ وغنمہ وجاریۃ جاریۃ وغلاما غلاما فقال یمدحہ

ابن عنقاء الفزاری

رآنی علی ما بی عُمیلۃُ فاشتکی	الی مالہ حالی اَسَرَّ کما جَہَرْ

ترجمہ عمیلہ نے مجکو اوس سختی مین دیکھا جو مجھ پر گذر رہی تھی تو اوسنے میرے حال کا شکوہ اپنے مال سے کیا ظاہر وباطن یکسان ۔ مال سے شکوہ کرنا مجاز
ہے اور مراد یہ ہے کہ اوسنے اپنے مال کیطرف میری اصلاح حال کے لیے رجوع کیا تاکہ دل سے نہ نفاق نہ کہ ظاہر کچھ ہوا اور باطن اور کچھ ہو

دعانی فآسانی ولو ضنّ لم اَلُمْ	علی حین لا بدوٌ یُرجّی ولا حضر

ترجمہ اوسنے مجکو بلایا اور اپنے مال سے میری غمخواری کی اور اگر وہ مجھسے اپنے مال پر بخل کرتا تو مین اوسکو ایسے قحط کے وقت مین کچھ ملامت نہ کرتا جبکہ
دیہاتی سے کچھ امید کیجاتی ہے اور نہ شہری سے

غلام رماه الله بالخير يافعا　　له سيمياء لا تشق على البصر

الغلام الشاب الذي طر شاربه ويقال رماه الله بالخير اذا اعطاه خيرا او القاه اليه واليافع الشاب الناعم والسيمياء الجمال لا تشق عليه ثقل ترجمہ وہ نوجوان ہی کہ خدا نے اوسکو غیب سے دفعۃً بھلائی پہونچائی جبکہ وہ نوجوان تھا اوسکے چہرہ پر ایک جمال و نور ہی جسکا دیکھنا آنکھ کو بھاری نہیں معلوم ہوتا بلکہ دیکھنے والیکو ایک لطف و مزہ آتا ہی

كأن الثريا علقت في جبينه　　وفي خده الشعرى وفي وجهه القمر

ترجمہ وہ ایسا خوبصورت ہی کہ گویا ثریا اوسکی پیشانی پر لٹکا یا گیا ہی اور اوسکے رخسارہ پر شعریٰ اور چہرہ پر چاند

اذا قيلت العوراء اغضى كأنه　　ذليل بلا ذل ولو شاء لانتصر

العوراء الكلمة القبيحة ترجمہ جبکہ اوسکے حق میں کوئی فحش کلمہ کہا جاوے تو وہ چشم پوشی کرجاتا ہی اور کچھ اوسکا انتقام نہیں لیتا ہی گویا وہ بلا ذلت کے ذلیل ہی اور وہ اگر چاہی تو بدلہ لیلے مگر وہ بعد قدرت کے عفو عمل میں لاتا ہی

ولما رأى المجد استعيرت ثيابه　　تردى رداء واسع الذيل واتزر

كنى باستعارة ثياب المجد عن دوام تغيره وعدم ثباته ترجمہ اور جب اوسنے دیکھا کہ لباس شرف و عزت ستعار ناپائدار ہی تو اوسنے ایک چادر وسیع و دراز پہنلی اور ایسا ہی تہمد بنالیا یعنی ایسی وسیع سخاوت کی جسکی نیکنامی ہمیشہ باقی رہی

فقلت له خيرا واثنيت فعله　　واوفاك ما اسديت من ذم او شكر

اسداه قدمه واوفاه اعطاه وافيا ترجمہ سو میں نے بعوض اوسکی عطا کے اوسکو کلمۃ الخیر کہا اور اوسکے کام کی تعریف کی اور اسکا مخاطب حال یہ ہی کہ جسنے تیری مذمت کی یا تیرا شکر کیا تو اوسنے اوس چیز کا جو تیری طرف سے اوس تک سابق پہونچ چکی ہی پورا عوض دیا الغرض چونکہ ممدوح نے میری ساتھ بھلائی کی اسلیے میں نے اوسکی پوری تعریف کی وقال آخر ہو عبد الله بن الزبير الاسدي يمدح عمرو بن عثمان بن عفان رضي الله عنه وقيل غيره

سأشكر عمرا ان تراخت منيتي　　ايادي لم تمنن وان هي جلت

ايادي جمع ايد وهو جمع يد بمعنى النعمة والمن القطع والمنة ترجمہ اگر میری موت نے مجکو کچھ مہلت دی تو اب میں عنقریب عمرو کا اون نعمتوں کے بدلے جو باوجود اپنی کلانی کے منقطع نہیں ہوئیں یا اونکی بابت احسان نہیں رکھا گیا شکر کرونگا

فتى غير محجوب الغنى عن صديقه　　ولا مظهر الشكوى اذا النعل زلت

زلة النعل كناية عن تغير الحال الى البؤس والشدة ترجمہ وہ ایسا سخی جوان ہی کہ اپنی خوش حالی اور دولت کو اپنے دوست سے نہیں روکتا بلکہ اوسکو دیتا ہی

اور نہ شکوہ ظاہر کرتا ہی جبکہ اوسکی حالت توانگری سے افلاس کیطرف آجاوے

رای خلتی من حیث یخفی مکانہا	فکانت قذی عینیہ حتی تجلت

الخلۃ الفقر والحاجۃ وتجلی الامر انکشف ترجمہ اوسنی میری فقر اور احتیاج کو اوس جگہ سے دیکھا جہاں اوسکا ہونا مخفی تہا سو میری حاجت اوسکی آنکھو نکا تنکا ہو گئی یہان تلک کہ وہ جاتی رہی پوشیدہ حاجت و فقر سے مراد یہ ہی کہ یہ شاعر ممدوح سے باتین کر رہا تہا اتفاقاً اوسکے کرتے کی آستین اوسکی اور لباس کے تلے پھٹی ہوئی ممدوح کی نظر پڑ گئی جب وہ اپنے گھر گیا تو ممدوح نے اوسکے پاس دس ہزار درہم اور سو تہان بہیجدیئے

وقال رجل من بھراء واسمہ فدکی بن اعبد بن عمرو بطن من قضاعۃ ومن خبر ہذہ الابیات ان الفدکی ہذا کان مجاور البنی عتاب فاغار علی ابل خنش بن سعد التغلبی وکان علقمۃ بن سیف العتابی غائبا فسعی علقمۃ فی ان یرد خنش ابلہ فلما لم یتیسر لہ ذلک لاسباب اخر اعطی الفدکی مائۃ بعیر من مالہ قال خذہا بابلک فاخذہ وانشد

ان اجز علقمۃ بن سیف سعیہ	لا اجزہ ببلاء یوم واحد

البلاء الاحسان ترجمہ اگر مین علقمہ بن سیف کو اوسکی اوس کوشش کا عوض دون جو اوس نے میرے معاملہ مین کی ہی تو اوسکا ایک روز کی احسان و نعمت کا بھی عوض نہین دیسکونگا چہ جائیکہ اوسکے تمام احسانونکا۔

لاحبنی حب الصبی ورمنی	رم الہدی الی الغنی الواجد

اللام جواب قسم مقدر ورم اصلحہ والہدی العروس او کلما یہدی والواجد صاحب الوجد والسعۃ ترجمہ اوسنے بخدا مجکو ایسا دوست رکھا جیسے بچہ کی ماں باپ بچہ کو دوست رکھتے ہین اور میری حال کی ایسی درستی کی جیسے دلہن والے بوقت رخصت درستی کرتے ہین یا ایسے کہ جیسا تحفہ بھیجنے والا اپنا تحفہ بناسنوار کر مقدور والے خوش حال کے پاس بھیجتا ہی

واجابنی یوم الصراخ بالجمۃ	مائۃ تشق علی العصی الزائد

الصراخ صوت الاستغاثۃ والجمۃ ما بین السبعین الی المائۃ ومائۃ تفسیر لہ وشق علیہ غلبہ والعصی جمع العصا والزائد بالذال المعجمۃ من یدفع الابل عن الحوض ترجمہ اور ادادسے بروز دادخواہی مجکو ایسے سو شتر کی ساتھ جواب دیا جو حوض سے روکنے والیکے چوبہ ہتیون پر بسبب اپنی کثرت کی غالب آویں اور اوسکو روکنے سے بیزکین

ولقد نضحت مسلۃ فتمثیت	عن ال عتاب بماء بارد

نضح العطش سکنہ والملیلۃ الحرارۃ المستکنۃ فی العظام وتمثیت برد ترجمہ اور بیشک مین نے اپنی حرارت باطنی کو آب سرد سے جو بجانب آل عتاب

بجھایا اور وہ بھڑکی یعنی میری مطلب خاطر خواہ پوری ہوگئی وقال ابو زیاد الاعرابی الکلابی

له نارٌ تُشَبُّ علی یفاعٍ ۔۔۔ اذا النیرانُ اُلبِسَتِ القِناعا

تشب بمعنی توقد والیفاع المکان المرتفع والقناع مایستر راس المراۃ ترجمہ اوسکی یعنے ممدوح کی ایسی آگ ہی جو مقامات بلند پر جلائی جاتی ہے
تاکہ مسافر دور سے دیکھکر اوسکی مہمان ہون جبکہ اور لوگونکی آگین مہمانون سے چھپائی جاوین یعنے قحط مین

ولم یکُ اکثرَ الفتیانِ مالاً ۔۔۔ ولکن کان ارحبَهم ذراعا

الرحب السعۃ والذراع الید ترجمہ وہ شخص اور جوانمردون سے بلحاظ مال زیادہ نہین ہی مگر اوسکے دراز دستی سخاوت مین زیادہ ہی

وقال العرندس هو کلابی یمدح بنی عمرو الغنویین کان ابو عبیدۃ اذا انشدها یقول هذا والله محال کلابی یمدح غنویا

هینون لینون ایسارٌ ذوو کرمٍ ۔۔۔ سُوّاسُ مکرمةٍ ابناءُ ایسارِ

الهین مخفف الهیّن من الهون والهوان واللین مخفف اللیّن والایسار جمع یسیر کرکد وهو الموفق للخیر والقوم المجتمع علی المیسر ویکنی به عن الجواد
والسواس جمع سائس بمعنی نفض الخیل ترجمہ وہ لوگ نرم مزاج نیک خوئی کی توفیق پائے یا سخی صاحب کرم عمدہ کامون کے درست
کرنیوالی سخیونکے بیٹے ہین

ان یُسألوا الحقَّ یُعطوه وان خُبِروا ۔۔۔ فی الجَهد ادرِکَ منهم طیبُ اخبارِ

ترجمہ اگر وہ لوگ عمدہ امر مثل ضیافت مہمان و ادای دیات کی درخواست کئے جاوین تو اوس حق کو بے تکلف دیتے ہین اور اگر سختی و شدت
مین اونکا امتحان کیا جاوے تو اونکی عمدہ اور اچھی خبرین سنی جاتی ہین یعنے ثابت قدم رہتے ہین

وان تَوَدَّدتَهم لانوا وان شُهِموا ۔۔۔ کشفتَ اذمارَ شرٍّ غیرِ اشرارِ

شهم فلان اذا فزع والفعل مجهول والاذمار جمع ذمر بالذال المعجمة الجری الشجاع والشر الحرب ترجمہ اور اگر تو اونسے دوستی کا طالب ہو تو
نرم خو ہو جاوین اور جو وہ ڈرای جاوین تو تو اونکو بہادران جنگ غیر شریر خوب ظاہر دیکھے گا غیر شریر کے یہ معنی کہ طالب عفو کا قصور
معاف کر دیتے ہین ڈھیٹہ نہین ہین

فیهم ومنهم یُعَدُّ المجدُ متّلِدا ۔۔۔ ولا یُعَدُّ نثا خِزیٍ ولا عارِ

النثا بالنون فالثلثة ما اخبر عن الرجل من شر او خیر ترجمہ شرف و مجد قدیم اونھین مین اور اونھین سی شمار کیجاتی ہی اور خبر رسوائی اور عار کی
اونمین اور اونسے نہین شمار کیجاتی ہی یعنے یہ کام اونکی لائق نہین ہی ۔

لا ینطقون عن الفحشاء ان نطقوا	ولا یمارون ان ماروا باکثار

ترجمہ اگر وہ کسی مجمع مین گفتگو کرتے ہین تو واہیات نہین بکتے بلکہ معقول گفتگو کرتے ہین اور اگر اپنے ہمسرون سے جھگڑتے ہین تو زیادہ نہین جھگڑتے یعنے لیچڑ نہین ہین

من تلق منہم تقل لاقیت سیدہم	مثل النجوم التی یسری بہا الساری

ترجمہ جبکہ تو اونمین سے کسی سے ملے تو تو یہ کہے کہ مین اونکے سردار سے ملا کیونکہ اونمین ہر یک لیاقت سرداری رکھتا ہے وہ لوگ اون ستارونکی مانند ہین جنکی روشنی مین رات کو سفر کرنیوالا چلتا ہے وقال آخر

رہنت یدی بالعجز عن شکر برہ	وما فوق شکری للشکور مزید

ترجمہ مین اوسکے احسان کے شکر سے عاجز ہوگیا اور اسلیئے مین نے اپنا ہاتھ عجز کے پاس ہمیشہ کو رہن کردیا اور حال یہ ہے کہ میرے سے شکر گذار سے زیادہ کوئی شکر گذار شکر ادا نہین کر سکتا مگر باایں ہمہ اوسکے شکر سے عاجز ہوگیا

ولو ان شیئا یستطاع استطعتہ	ولاکن ما لا یستطاع شدید

ترجمہ وہ شکر گذاری اگر ایسی شے ہوتی جسپر قابو ہو سکتا تو میرا اوسپر ضرور قابو ہو جاتا مگر کیا کیجیے کہ جو چیز قدرت و طاقت سے باہر ہے اوسپر قدرت پانا سخت دشوار ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اوسکا شکر میری طاقت سے باہر ہے وقال الحسین بن مطیر الاسدی

لہ یوم بؤس فیہ للناس ابؤس	ویوم نعیم فیہ للناس انعم

الابوس جمع بوس والانعم جمع نعیم ترجمہ ممدوح کے لیئے اوسکے دشمنون کے حق مین ایک دن سختی اور مصیبت کا ہے جسمین دشمنون کے لیئے سختیان ہین اور ایک روز بخشش کا ہے جسمین خیر خواہ لوگون کے لیئے نعمتین ہین

فیمطر یوم الجود من کفہ الندی	ویمطر یوم الباس من کفہ الدم

ترجمہ سو بروز عطا اوسکی ہتیلی سے بخشش برستی ہے اور بروز جنگ اوسکی ہتیلی سے دشمنون کا خون برستا ہے

ولو ان یوم الباس خلی عقابہ	علی الناس لم یصبح علی الارض مجرم

ترجمہ اور اگر بروز جنگ دشمنون پر اپنا عذاب چھوڑ دے تو روی زمین پر کوئی گنہگار باقی نرہے سب ہلاک ہو جاوین

ولو ان یوم الجود خلی یمینہ	علی الناس لم یصبح علی الارض معدم

ترجمہ اور اگر بروز عطا خیر خواہ لوگون پر اپنا دست راست چھوڑ دے تو زمین پر کوئی محتاج نرہے سب تونگر ہو جاوین وقال ابو الطمحان

آخر

حسین بن مطیر الاسدی

ابو الطمحان القینی

الفقعسی واسمہ شرقی بن حنظلة

اِذا قیل ایُّ الناسِ خیرٌ قبیلةً ... واصبرُ یوماً لاتواری کواکبُہ

ظهور الکواکب فی الیوم کنایة عن الشدة ترجمہ جبکہ یہ کہا جاوے کہ کون لوگ ازروی قبیلہ بہتر ہین اور کون لوگ اوس روز مین جسکے ستاری پوشیدہ نہون سختیون پر زیادہ صابر ہین ۔ ونکو ستاری نظر آنیکے یہ معنی ہین کہ جب روز جنگ گھوڑون کے سمونسے غبار بکثرت اوڑسے اور آفتاب اوسمین چھپ جاوے تو بسبب تاریکی کے ستاری نظر آنے لگین جیسا تیرگی شب مین معلوم ہونے لگتے ہین اور عموماً مراد سختی و مصیبت سے لیجاتی ہی فالم ہے وہ شب تاری تشبیہ ہاری ونکو تیرگی ہی کہ نظر آتے ہین تاری ونکو

فَاِنَّ بنی لام بن عمرو ارومةٌ ... سَمَتْ فوقَ صعبٍ لاتنال مراقبُہ

الارومة الاصل المراقب مواضع النظر الی العدو وتکون مرتفعة لامحالة ترجمہ جبکہ یہ امر پوچھا جاوی کہ بلحاظ قبیلہ و صبر کے کون لوگ افضل ہین تو یون جواب دیا جاویگا کہ بیشک بنی لام بن عمرو ایسے عمدہ اصل و نسل کے ہین کہ وہ ایسے کوہ پر چڑہ گئے ہین جسکی بلندیون پر پونہچا نہین جا سکتا یعنے وہ سب سے اشرف ہین

اضاءت لہم احسابُہم ووجوہُہم ... دُجَی اللیلِ حتی نظّم الجزعَ ثاقبُہْ

الدجی الظلمة مفعول اضاءت والثاقب من ثقبہ اذا خرقہ کخرق نافذ ۔ والجزع و الجزع وہو الخرز الیمانی فیہ سواد و بیاض ترجمہ اونکے اچھے کامون اور روشن چہرون نے اونکی تاریکی شب کو روشن کر دیا ہی یہانتک کہ یمانی پوتونکی بندھنے والی نے اوس روشنی مین اونکو لڑی مین پرولیا

لہم مجلسٌ لایحصرون عن الندی ... اذا طالبُ المعروف اجدب راکبُہ

حصر عنہ کفرح اذا امتنع ۔ وضمیر المجلس مع جارہ اعنی فیہ محذوف واجدب الرجل اذا اصابہ الجدب ای القحط و رکبہ تبعہ و ذہب علی اثرہ والمجرد لطالب المعروف ترجمہ اونکے لیے ایک مجلس ہی کہ جسمین سخاوت سے نہین رکتی جبکہ احسان و ضیافت کا طالب قحط مین مبتلا ہو جاوے یعنی اونکی سخاوت ایام قحط مین بھی جاری رہتی ہی

وما زال منہم حیث کان مسوّدٌ ... تسیرُ المنایا حیث سارت مواکبُہ

کان تامة ومسود جعلہ سیدا والموکب الجماعة رکبانا او مشاة ۔ والجملة خبر ما زال ترجمہ اور اونمین کا سردار جہان ہو ہمیشہ اسطرح ہستا ہی کہ جس جگہ اوسکی لشکر جاوین تو موتین دشمنونکی اونکی ساتھ چلتی ہین یعنی ہمیشہ اپنے دشمنون کو اونمین کا سردار قتل کرتا رہتا ہی وقال آخر

یا ایہا المتمنّی ان یکون فتیً ... مثلَ ابن لیلیٰ لقد خلّی لک السُبلا

ترجمہ ای وہ شخص جو اس امر کی آرزو کرتا ہی کہ وہ ابن یزید کی مانند سخی اور جوانمرد ہو تو اوسنے یعنی ابن یزید نے تیری لئیو راہین حصول نیکنامی کی چھوڑ دین
ہین خلاصہ یہ کہ اوسنے نیکنامی کی سڑک تیار کر دی ہی تو بھی اوسپر چل نیکنام ہو جاویگا۔

أَعُدُّ نَظَائِرَ اَخْلَاقٍ عُدِدْنَ لَهُ ۔۔۔ هَلْ سَبَّ مِنْ اَحَدٍ اَوْ سُبَّ اَوْ بَخِلَا

ترجمہ جو نیک عادتین کہ اوسکی شمار کیجاتی ہین اپنے مین اونکی مثل شمار کر اور دیکھ کہ اونمین سی تجھ مین کون کون ہین کیا اوسنے کسیکو کبھی گالی دی
ہی یا وہ گالی دیاگیا ہی یعنے اوسکو کبھی کسی نے گالی دی ہی یا اوسنے کسی کے ساتھہ بخل کیا ہی۔

اِنْ تُنْفِقِ الْمَالَ اَوْ تُكَلَّفْ مَسَاعِيَهُ ۔۔۔ يَشْقُقْ عَلَيْكَ وَتَفْعَلْ دُوْنَ مَا فَعَلَا

تکلف مجہول سی الکلفہ یعنی کلفہ ترجمہ اگر تو اپنا مال خرچ کریگا یا اوسکی سی کوششونکی تحصیل حسنات مین تجھکو تکلیف دیجاویگی تو یہ دونوامر تجھپر سخت
دشوار ہونگے ہان اوس سی کم نیکی کی کام کرتا رہ اوسی جیسی یا زیادہ تو ممکن ہی نہین۔

لَوْ يُبْعَثُ النَّاسُ اَدْنَاهُمْ وَاَبْعَدُهُمْ ۔۔۔ فِيْ سَاحَةِ الْاَرْضِ حَتّٰى يُحْرِقُوا الْاِبِلَا
كَيْ يَطْلُبُوا فَوْقَ ظَهْرِ الْاَرْضِ لَمْ يَجِدُوا ۔۔۔ مِثْلَ الَّذِيْ غَيَّبُوْا فِيْ بَطْنِهِ رَجُلَا

حسرت البعیر ہزلہ فی الاسفار ترجمہ اگر تمام آدمی نزدیک اور دور کی سطح زمین پر اوٹھا ئی اور برانگیختہ کیجاوین اور یہان تلک چلین کہ وہ اپنے
شتر چلتے چلتے لاغر کر دین اس مطلب کی لئیے کہ روی زمین پر اوس جیسا آدمی ڈھونڈین تو مثل اوس شخص کی جسکو زمین کے شکم مین غائب کر دیا ہی یعنی
دفن کر دیا ہی کوئی مرد نہ پاوینگے۔ وقال آخر یمدح بنی صریم من تمیم

لَمْ اَرَ مَعْشَرَ كَبَنِيْ صُرَيْمٍ ۔۔۔ تَلُفُّهُمُ التَّهَائِمُ وَالنُّجُوْدُ

تلفہم تجمعہ۔ والتہامۃ الارض المنخفضۃ خلاف النجد ترجمہ اور مین نے کوئی گروہ مثل بنی صریم کے نہین دیکھی کہ اونکو کہا در اور بانگر بسبب اونکی کثرت
اور قوت کی اکٹھا کرتے ہین یعنی تمام کہادر اور بانگر مین وہ لوگ موجود ہین۔

اَجَلَّ جَلَالَةً وَاَعَزَّ فَقْدًا ۔۔۔ وَاَقْضٰى لِلْحُقُوْقِ وَهُمْ قُعُوْدُ
وَاَكْثَرَ نَاشِئًا مِخْرَاقَ حَرْبٍ ۔۔۔ يُعِيْنُ عَلَى السِّيَادَةِ اَوْ يَسُوْدُ

اعز بمعنے اصعب یقال ہو عزیز الفقدان اذا کان فقدانہ شاقا علی الناس لکرمہ۔ والناشی الشاب والمخراق المتصرف فی الامور ترجمہ مین نے
کوئی اونکی مانند نہین دیکھا کہ شان و جاہ مین اونسے بڑا ہو اور اوسکا جاتا رہنا زیادہ ستاوے اور گران معلوم ہو اور اپنی مجلس مین بیٹھے ہوئے
تمام حق سائلین اور تجارت کے بخوبی ادا کرے اور جسمین جوان لڑائی کی واقف کار اور اوسمین تصرف کرنیوالے زیادہ ہون کہ اور سرداروں کے

اونکی سرداری کیں، مددگاری یا خود سرداری کرے

وقال شقران مولی سلامان من قضاعة

لو کنتُ مولی قیسِ عیلان لم تجد	علیَّ لانسان من الناس درهما

ترجمہ اگر مین قیس بن عیلان کا غلام آزاد کردہ ہوتا تو مجھپر کسی آدمی کا ایک درہم بھی قرض نہ دیکھتا کیونکہ وہ لوگ اپنے مولی کیطرف سے قرض ادا نہین کرتی - پس اس صورت مین کسی سے قرض لیکر قرضدار نہوتا -

ولکنّنی مولی قضاعة کلّها	فلست اُبالی ان اَدِین وتغرما

ترجمہ مگر مین تو ساری بنی قضاعہ کا بندہ آزاد ہون تو اب مجکو اسبات کی کچھہ پروا نہین ہی کہ مین قرض لون اور وہ میری طرفسے ادا کرین -

اُلئِک قومی بارک الله فیهم	علی کل حال ما اعفّ واکرما

ترجمہ وہ ہی لوگ میری قوم ہی الله اونمین برکت کرے وہ لوگ ہر حالمین خوشحالی اور تنگی سی کسقدر بے عیب اور سخی ہین کہ جسکا بیان نہین ہو سکتا -

ثقال الجِفان والحلومِ رحاهم	رحا الماءِ یکتالون کیلاً غذمذما

الغذمذم الکثیر الجزاف ترجمہ اون لوگونکی کٹھرے اور عقول بھاری ہین یعنے اونکی ظروف طعام کھانونسی جو مہمانکو کھلاتے ہین پُر ہین اور عقلونمین متین اور بھاری بھرکم اونکی ہاتھہ چکیان پن چکیونکی مانند ہیر جو ہاتھ آتا ہے بیچتے ہین یعنے بڑی سخی ہین کہ لوگونکو کھانیکے پیانہ اٹکل سے مفت دیتے ہین یعنے اوسکی کچھہ قدر نہین کرتی

جُفاة المحزّ لا یُصیبون مفصلا	ولا یاکلون اللحم الا تخذّما

جفا عنه اذا بعد - والمحزّ القطع - والتخذم من الخذم بالجیم وهو سرعة القطع واراد به القطع بالسکاکین ترجمہ وہ لوگ گوشت کاٹنے سے دور رہنے والے ہین اور مذبوح کے جوڑونکو اپنی ہاتھہ سے جدا نہین کرتے بسبب کثرت خدام کے اور اپنے دستر خوانون پر گوشت چھریون سے کاٹکر کھاتی ہین نہ دانتون سے یعنے اہل تکلف وباتمیز ہین -

وقال ابو وائل الجحی

انّ البیوت معادنٌ فنجاره	ذهبٌ وکلّ بیوته ضخمُ

اراد بالبیوت القبائل - والنجار ککتاب الاصل ترجمہ لوگونکی خاندان کانین ہین مثل سونے وچاندی کی کانونکی سو میرے ممدوح کی اصل مانند سونیکی کھانکی یا مانند سونیکی ہے اور اوسکی ددھال اور ننھال کی تمام خاندان بڑے اور بزرگ ہین یعنے وہ نجیب الطرفین ہی -

عُقِمَ النساءُ فما یلدن شبیهه	ان النساء بمثله عُقمُ

ترجمہ تمام عورتین بانجھہ ہوگئین وہ ایسا بزرگ شخص نہین جنتین اور اسمین شک نہین کہ عورتین ایسے شخص کے جننے سے بانجھہ ہین -

متهلّلٌ بنعم بلا متباعدٌ	سیّان منه الوفر والعدمُ

تہلل تبسم وفرح۔ والبار فی بذا بمعنی عن۔ والوفر الغنا۔ والعدم الفقر ترجمہ وہ ہان کے کہنے سے خوش اور نہین کہنے سے دور ہی۔ اور اوسکے نزدیک تونگری اور فقیری برابر ہین یعنے عالی ہمت ہی۔

نزرُ الکلامِ من الحیاءِ تخالُہُ	ضَمِناً ولیس بجسمہ سُقمُ

النزر القلیل۔ والضمن ککتف السقیم ترجمہ باعث حیا کے قلیل الکلام ہی نہ بسبب عدم قدرت گفتگو کے۔ ایسا کم گفتگو ہی کہ تو اوسکو بیمار خیال کرنے لگو اور حال یہ ہی کہ اوسکے جسم مین کوئی بیماری نہین ہی۔ **وقالت لیلی الاخیلیۃ**

لیلی الاخیلیۃ

یا ایہا السّدِمُ الملوّی راسہ	لیقود من اہل الحجاز بریما
اترید عمرو بن الخلیع ودونہ	کعبٌ اذاً لوجدتہ مرؤما

السدم ککتف الفحل الہائج۔ والملوی من لوی راسہ اذا اعرض وتکبر۔ والبریم فی الاصل الخیط المختلط من الاسود والابیض واستعیر للجیش المرکب من اخلاط الناس والمرؤم المرحوم ترجمہ ای متکبر بسبب غرور کے اسلیے کج گردن کہ اہل حجاز کے ایک لشکر کے جو مختلف قومون سے مخلوط ہی سرداری کرتا ہی۔ کیا تو عمرو بن الخلیع سے لڑنیکا ارادہ رکہتا ہی اور حال یہ ہی کہ اوس سے ورے یعنی پہلی بنی کعب تیرے لڑنیکو موجود ہین اور جب اوس قوم سے لڑیگا تو عمرو مذکور کو ایک ایسا سردار پاویگا جسکی قوم اوسپر بڑے مہربان اور اوسکی تابع ہی یعنی تو اوسکے مقابلہ کے تاب نہ لاسکیگا۔

انّ الخلیع ورہطہ فی عامر	کالقلبِ لُبّس جوجؤا وحزیما

الجوجو کہدہد الصدر۔ والحزیم موضع الحزام من الصدر ترجمہ بیشک عمرو کا باپ خلیع اور اوسکا فرق بنی عامر مین دل کی مانند ہین جسپر سینہ اور وسط سینہ بنظر حفاظت پہنایا گیا ہی اور اسلیے اوسپر کوئی جرارت نہین کرسکتا۔

لا تغزونّ الدہر آل مطرّف	لا ظالماً ابداً ولا مظلوما

المطرف لبطن من عقیل وہم اقارب عمرو بن الخلیع ترجمہ تو کبہی آل مطرف سے مت لڑ نہ ظالمانہ کہ تو اونپر ظلم کرے اور نہ مظلومانہ کہ تو خواستگار انتقام ہو۔

قومٌ رباطُ الخیل وسط بیوتہم	واسنّۃٌ زرقٌ تخال نجوما

الرباط من الخیل ما فوق الخمس وتخال مجہول من خالہ اذا حسبہ ترجمہ وہ ایسی قوم ہی کہ گہوڑونکے طویلے یا پایگاہ اون کے گہرونکے بیچ مین ہی اور چمکتی نیزے کہ جو بسبب کثرت چمک کے روشن ستارے گمان کیے جاتی ہین۔

ومُخرّقٌ عنہ القمیصُ تخالُہُ	وسط البیوت من الحیاء سقیما

المخرق المزق عطف علی رباط الخیل ترجمہ اور اونکے گہرونمین وہ شخص ہی جسکا کرتہ بسبب کثرت خدمت مہمانان یا بسبب اشتغال جنگ کے پارہ پارہ ہی یعنے ان

اشتغال کے مصروفیت کی سبب اوسکو تبدیل لباس کی فرصت نہین ملتی وہ ایسی حالت مین ہے کہ تو اوسکو اونگی گھر دہن بباعث شدت شرم دیہا جا سمجہ ایضاً اوسکو اس امر کی شرم آتی ہے کہ اوسکا جیسا دل چاہتا ویسی خدمت مہمانان نہین ہوسکتی —

حتی اذا رفع اللواء رایتہ   تحت اللواء علی الخمیس زعیما

الزعیم السید الکفیل لامور الناس - والخمیس الجیش الذی یکون لہ مقدمۃ وساقۃ ای موخرۃ وقلب ومیمنۃ ومیسرۃ **ترجمہ** وہ ایسی ہی حالت پر رہتا ہے یہان تلک کہ جب لڑائی کے لیے جہنڈا اوٹہایا جاتا ہے تو تو اوسکو جہنڈے کے تلے بڑے لشکر پر سردار اور اوسکا کارساز دیکھیگا —

لن تستطیع بان تحوّل عزّہم   حتی تحوّل ذا الہضاب یسوما

الہضاب الجبال الصغار او التلال - ویسوم بالتحتانیۃ فالمہملۃ جبل **ترجمہ** تجکو ہرگز یہ مقدور نہوگا کہ اونکی عزت اونسے بدلکر دوسرونکو دیدی یہان تلک کہ تو کوہ یسوم کو جسکے ساتہ بہت پہاڑیان ملی ہوئی ہین اوسکی جگہہ سے اوٹہاکر دوسری جگہہ رکہدی اور یہ محال ہے پس اونکی عزت کی تحویل بہی محال ہے —

ان سالموک فدعہم من ہذہ   وارقد کفی لک بالرقاد نعیما

ہذہ اشارۃ الی الحرب **ترجمہ** اگر وہ لوگ تجہسے صلح کرلین تو اونسے لڑنا چہوڑدی کہ اونکی صلح غنیمت ہے اور اپنے گہر مین خیر کے جتیہر ونسے جاکر سورہ کہ یہ سونا تیرے لیے کافی اور پوری نعمت ہے

وقالت ایضا ویقال بل قالہا ابوہا

نحن الاخائل لا یزال غلامنا   حتی یدب علی العصا مذکورا

الدبیب علی العصا کنایۃ عن الشیب **ترجمہ** ہم بنی الاخیل کی لوگ ایسے ہین کہ ہر ایک لڑکا محافل مین مذکور و مشہور رہتا ہے یہان تلک کہ وہ بڈہا ہو جاوی اور لاٹہی کے سہارے سے چلنے لگے یعنی تمام عمر —

تبکی السیوف اذا فقدن اکفنا   جزعا وتعلمنا الرفاق بحورا

ترجمہ جبکہ تلوارین ہماری ہاتہونکو گم کرینگی تو گہبراکر رونے لگین گی اور ہماری یاران ہمسفر ہماری کثرت عطا کے سبب ہمکو دریا جانتے ہین خلاصہ یہ ہے کہ ہم لوگ جامع شجاعت وسخاوت کے ہین —

ولنحن اوثق فی صدور نسائکم   منکم اذا بکر الصراخ بکورا

الصراخ الاستغاثۃ وصوت المستغیث - وبکر بکورا اذا اتی بکرۃ **ترجمہ** اور ہم بخدا تمہاری عورتونکی سینونمین تمسے زیادہ قابل اعتماد ہین جبکہ فریاد خواہ کی آواز بوقت صبح آوے — صبح کی خصوصیت کی وجہ یہ ہے کہ غارت کا وقت صبح ہے —

وقال آخر

یتشبہون سیوفا فی صرامتہم   وطول انضیۃ الاعناق والامم

الصرامۃ تصمیم العزم والمضی فی الامور - والانضیۃ جمع نضی بالنون فالضاد المعجمۃ اعلی العنق وہو ممدوح فی الرجال - والامم جمع امۃ وہو القد یقال ما احسن امتہ

ترجمہ وہ لوگ اپنے ازاروں کو پوری کرتے ہین اور گردنیں اور قد انکی دراز ہین تیز تلواروں سے تشبیہ دیجاتی ہین۔

اذا غدا المسک یجری فی مفارقہم	راحوا تخالہم مرضی من الکرم

ترجمہ جبکہ مشک اونکی مانگوں مین بہیلجاتا ہی یعنے جبکہ وہ لوگ اپنی بزم انس مین بوقت صبح شراب نوشی کرتے ہین اور حسب عادت ملوک و رؤسا مشک کا استعمال کرتے ہین تو وہ اوسوقت ایسی حیا اور وقار سے بیٹھتے ہین اور ایسے ہوجاتے ہین کہ تو اونکو اونکی کرم اور وقار کے سبب مریض سمجھنے لگے کہ وہ اوسوقت کچھ حرکت نہین کرتے جیسے چھچھورے لوگ کیا کرتے ہین۔ وقال آخر من طی یرثی الربیع وعمارۃ ابنی زیاد العبسی

فان تکن الحوادث جرّفتنی	فلم ارَ ہالکًا کابنی زیاد

یقال جرف الطین بالجیم فالمہملۃ اذا ذہب کلہ کجرفہ مشددا والمراد ہہنا الاستیصال۔ وروی خرّفتنی وغیرتنی ترجمہ سو اگرچہ حادثات روزگار نے بسبب ہلاکی برادران واحباب کے میرا استیصال کردیا یا جلادیا ہی اور میری حالت دگرگون کردی ہی مگر مین نے کوئی مرنیوالا ربیع وعمار زیاد کے دو بیٹونکی مانند سخی و محنت کش نہین دیکہا۔

ہما رمحان خطیّان کانا	من السمر المثقفۃ الصعاد

والخطی نسبۃ الی الخط قریۃ بالبحرین ینسب الیہا الرماح۔ والسمر جمع اسمر۔ والسمرۃ اجود الوان الرمح وثقف الرمح قومہ۔ والصعاد جمع صعدۃ وہو الرمح الطویل ترجمہ وہ دونون از قسم سیہ گندم گون لنبے تیز نیزونکی درازی قامت اور اعتدال مین دونیزے ساخت بومنم خط کے تہے۔

تہال الارض ان یطأ علیہا	بمثلہما تسالم او تعادی

تہال مجہول من اہال التراب اذا صبہ الی تحت او من ہالہ اذا اخافہ۔ وان بتقدیر اللام او من ترجمہ زمین اونکے چلنے سے نیچے کو دبائی جاتی ہی یا اونکے زور کے چلنے سے خوف دلائی جاتی ہی یہ دونون شخص ایسے تہے کہ اون جیسے لوگونکے اعتماد پر ای مخاطب تو صلح کرسکتا ہی یا کسی سے لڑسکتا۔ وقال آخر

کریم یغضّ الطرف فضلَ حیائہ	ویدنو واطراف الرماح دوان

الفضل البقیۃ منصوب علی الظرفیۃ او علی انہ مفعول لہ ومرفوع علی انہ فاعل الغض۔ والدوانی جمع دان بمعنی القریب ترجمہ وہ سخی ہی کہ زندگی بہر احباب کی خطا و چشم پوشی کرتا ہی۔ یا اوسکی زندگانی کی شرافت و خوبی چشم پوشی کرتی ہی اور ایسے وقتین پاس آتا ہی جبکہ میدان جنگ مین طرفین کے نیزونکی بہالین آپسمین ملجاوین یعنے بڑا بہادر ہی۔

وکالسیف ان لاینتہ لان متنہ	وحدّاہ ان خاشنتہ خشنان

ترجمہ اور وہ شخص تلوار کی مانند ہی اسبات مین کہ اگر تو اوسکو نرمی سے چہوئے تو اوسکا چہونا تجکو نرم معلوم ہوگا اور اگر اوسکو سختی سے چہوئے تو اوسکی دونون دہاریں سخت معلوم ہونگی۔ تلوار دو دہاریکوار دو مین کہتے ہین۔ وقال العجیر السلولی

انّ ابن عمّی لابن زید وانّہ	لبلّال ایدی جلّۃ الشول بالدم

البلال مبالغة من بله والجلة بالكسر العظام من الابل - والشول جمع شائلة وہی من النوق ما اتی علیہا من حملہا او وضعہا سبعة اشہر ثم جف لبنہا ترجمہ بیشک میرا چچا کا بیٹا حقیقت مین زید ہی اور وہ بیشک دونون ہاتھ بڑی سوٹی اونٹنیونکی خونین بہت تر کرنیوالا ہی - یعنی مہمانونکی لیے ناقہ ہای فربہ کی کونچین کاٹتا ہی اور ذبح کرتا ہی

طلوعُ الثنایا بالمطایا وسابقٌ ۔۔۔ الی غایة من یبتدرہا یقدّم

الطلوع مبالغة الطالع کالصبور - والثنیة العقبة - ویکنی بطلاع الثنایا عمن یرکب صعاب الامور - وابتدرہ عاجلہ والجملة نعت غایة ترجمہ بذریعہ سواری ناقونکی بڑی بڑی مشکل کام اختیار کرتا ہی اور اوس حد تلک بڑہجاتا ہی جو شخص اوس حد تلک بڑہجاوے وہ لوگون اور اپنی ہمسرونمین مقدم اور پیشوا گنا جاتا ہی -

یُسِرُّک مظلوما ویرضیک ظالما ۔۔۔ ویکفیک ما حمّلتہ عند مَغرَم

ترجمہ جبکہ تو مظلوم ہو تو وہ تجکو خوش کرتا ہی یعنی ظالم سے تیرا انتقام لیتا ہی اور جب تو ظالم ہو تو بھی تجکو راضی رکھتا ہی کہ تیری طرف سے تاوان اور دیت ادا کردیتا ہی اور تاوان دینی کیوقت جو تو اوسکی ذمہ کردی وہ اوسکو تنہا کافی ہوتا ہی ―

من النفر المدلین فی کل حجّة ۔۔۔ بمستحصِد من جولة الرای مُحکَم

یقال ادلی بحجتہ اذا احتج بہا لانہ لیطلب باحتجاجہ فوز الشی فشبہہ بارسال الرجل دلوہ فی البیر لینزع الماء - واراد بالحجة موضع الاحتجاج - والمستحصد المستحکم - وجولة الرای الجائل فی الامور ومن بیانیة ترجمہ وہ اون لوگونمین سے ہی جو ہر قضیہ مین تیز اور محکم رائی سے حجت پکڑتے ہین ―

جدیرون الّا ینکروک بریبة ۔۔۔ ولا یُغرِموک الدہر مالم تغرّم

الریبة التہمة - واغرمہ الزمہ - والدہر منصوب علی الظرفیة ترجمہ وہ لوگ اس امر کی لائق ہین کہ تیرا ذکر تہمت سے نکرین اور کبھی تجپر وہ تاوان نہ ڈالین جسکو تو خود بخوشی نہ قبول کرے -

وقال ایضاً

اقول لعبد اللہ وہنا ودوننا ۔۔۔ مُناخُ المطایا من منًی فالمحصّبُ

الوہن آخر اللیل - ومنی منی مکة - والمحصب موضع رمی الجمار من منی متصل بہ ترجمہ مین کہتا ہون اپنی رفیق عبد اللہ سے آخر شب مین جبکہ قیامگاہ مادہ شتران مقام منی اور محصب کا ہمسے دور تہا -

لک الخیرُ علّلنا بہا علّ ساعةً ۔۔۔ تمرُّ وسہواءٌ من اللیل یذہبُ

علله بشغله به - والضمیر المجرور للمحبوبة - والسہواء قدر من اللیل وروی تہوار وہو بمعناہ ترجمہ خدا تیرا بہلا کری ہمکو محبوبہ کے ذکر سے بہلا کاش ایک ساعت گزر جائی اور کسی قدر رات کٹ جاوے ―

فقام فادنی من وسادی وسادہ ۔۔۔ طوی البطن ممشوق الذراعین شرجبُ

الطوی البطن خمیص البطن من طوی کرضی اذا جاع فاعل قام ۔ والمشوق خفیف اللحم ۔ والشر جب الطویل ترجمہ سو اپنی جگہہ سے اوٹھا اور میری بستر سے اپنا بستر قریب کیا ایک شخص خالی شکم پتلا ہر دو باز و دراز قد نے یعنی عبد الملک جسمین یہ اوصاف جمع تہی یعنی وہ پہر تیلا اور چالاک تہا نہ بہدا اور کاہل ۔

بعیدٌ من الشیٔ القلیلِ احتفاظہ ۔۔۔ علیک و منزورُ الرضا حین یغضبُ

الاحتفاظ الغضب و علیک متعلق بہ ۔ والمنزور القلیل ترجمہ تہوڑی چیز پر تجہسے خفا ہونا اوس سے دور ہے یعنی تہوڑی چیز پر تجہسے ناراض نہیں ہوتا بلکہ عفو کرتا ہے اور جب وہ خفا ہو تو کمتر راضی ہوتا ہے یعنی مستقل ز بہاری بہر کم ہے ۔

ہو الظفر المیمون ان راح او غدا ۔۔۔ بہ الرکب والتلعابۃ المتحبّبُ

الظفر کلتف الفائز بمرادہ ۔ التلعابۃ کثیر اللعب ترجمہ وہ کامیاب مبارک ہے اگر اوسکے پاس قافلہ شتر سوار و نکا شام کو آوے یا صبح کو اور بڑا کہلاڑا اور محبوب القلوب ہے یعنی خوش طبع و مہمان نواز ہے ۔

وقال ابو وہبل فی الازرق المخزومی

ما ذا رزئنا غداۃ الخلّ من رمعٍ ۔۔۔ عند التفرق من خیمٍ و من کرمِ

الخل بالمعجمۃ الطریق النافذ بین الرملتین والرمل المستطیل ۔ والرمع کمنع موضع والخیم بالکسر العادات الکریمۃ و من بیانیۃ لما ترجمہ کسقدر سخت مصیبت کرم عام و عادات کریمہ کی ہمکو پہنچائی گئے جبکہ ہم لبنی ریتی مقام رمع مین صبح کی ہنگام مفارقت ممدوح یعنی ازرق کے کی

ظلّ لنا واقفا یعطی فاکثر ما ۔۔۔ قلنا و قال لنا فی وجہہ نعمِ

ترجمہ ہماری لیے دن چڑہے تلک کہڑا رہا کہ ہمکو بہت مال بخشتا تہا سو جو ہمنے اوسکے روبرو کہا اور جو اوسنے ہمارے روبرو کہا اونکا جواب اکثر ہان تہا یعنی جو اوسنے ہمسے کہا اوسکو ہمنے ہان کہا اور تسلیم کیا اور جو ہمنے اوس سے مانگا اوس کے جواب مین اوسنے ہان کہا اور ہمکو دیا ۔

ثم انتحی غیر مذموم و اعیننا ۔۔۔ لما تولّی بدمعٍ سافحٍ سجمِ

انتحی قصد و مر ۔ والجار والمجرور متعلق بمحذوف ای تلبست ترجمہ پہر وہ ہمسے جدا ہوا اچہے حال مین اور جبکہ اوسنے ہمسے پشت پہیری تو ہماری آنکہین اشک ریزان سے بہری ہوئی تہین

یخمدہ الناقۃ الادماء معتجرا ۔۔۔ بالبُرد کالبدر جلّی داجی الظُلَمِ

الادماء الناقۃ البیضاء ۔ والمعتجر المعتم ۔ والبرد الثوب المخطط ۔ والداجی المظلم ۔ والظلم جمع ظلمۃ ترجمہ وہ سفید ناقہ پر دہاری دار عمامہ باندہے ہوئے تہا مثل بدر کے کہ اوسنے اندہیرونکی تاریکی کو روشن کر دیا ہو ۔

وکیف انساک لا نُعماک واحدۃٌ ۔۔۔ عندی ولا بالذی اولیت من قِدَمِ

ترجمہ ای ممدوح مین تجکو کیونکر بہولجاؤن اور حال یہ ہے کہ تیری نعمتیں مجہپر ایک نہیں بلکہ بیشمار ہین اور نہ تیری عطا جو تو نے مجکو بخشی ہے پرانی ہو گئی ہے ۔

نئی نئی عطائیں عنایت کرتا ہی تو اونکو مین کیونکر فراموش کر سکتا ہون — وقال الضافیہ

ما زلتُ فی العفوِ للذنوبِ واطلاقِ لعانٍ بجرمہٖ غَلِقِ

العانی الاسیر — والغلق کالمغلق المرہون الذی لایرجی انفکاکہ ترجمہ تو ہمیشہ گناہونکی بخشش مین رہتا ہی اور اوس قیدی کے ازاد کرنے مین جو اپنے گناہ مین ایسا گرو ہی جسکے چھوٹنے کے امید نہین ہی —

حتے تمنّی البراۃ انّھُم | عندک امسوا فی القدِّ والحلقِ

البراۃ جمع بار یعنی البری من الذنوب — والقد بالکسر السیر الذی یشد بہ الاسیر — والحلق جمع حلقۃ ترجمہ یہانتک بے قصور مندون نے آرزو کی اسبات کی کہ وہ تیرے پاس تسمون اور بیڑیون مین قید ہوتی تاکہ تیرے کرم سے بہرہ ور ہوتے — وقال الحزین اللیثی فی علی بن الحسین بن ابی طالب رض ویقال انہا للفرزدق والصحیح ان الابیات للفرزدق ومن خبرہا ان ہشام بن عبد الملک کان قد حج ومعہ ساداۃ الشام فجہد ان یستلم الحجر فلم یقدر علیہ لکثرۃ الازدحام حتی جاء علی بن الحسین رض فطاف فلما بلغ الحجر تفرق الناس عنہ فسال ساداۃ الشام ہشام بن عبد الملک فقال لا اعرفہ وکان یعرفہ فقال الفرزدق انا اعرفہ انشد الا ان البیتین الاخیرین للحزین — ہذا الذی تعرفُ البطحاءُ وطأتہٗ | والبیتُ یعرفہ والحِلُّ والحرمُ

البطحاء المسیل الواسع فیہ دقاق الحصٰی واراد بالبطحاء مکۃ ترجمہ یہ وہ شخص ہی جسکے نشان قدم کو وسیع پتھریلہ کہا لا مکہ کا جانتا ہی اور بیت اللہ اوسکو جانتی ہی اور حل اور حرم یعنے سب جانتے ہین —

ہذا ابنُ خیرِ عبادِ اللہ کلِّہم | ہذا التقیُّ النقیُّ الطاہرُ العَلَمُ

ترجمہ یہ بیٹا اوس شخص کا ہی جو ساری بندگان خدا سی بہتر ہی یعنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا۔ یہ پرہیزگار پاک طاہر مشہور اور نمایان مثل کوہ کی یا دین کی امور سی بڑا واقف کار ہی

اذا رأتہ قریشٌ قال قائلُہا | الی مکارمِ ہذا ینتہی الکرمُ

ترجمہ جبکہ قریش اوسکو دیکہتے تو اونکا کہنے والا یہ کہتا کہ اوس شخص کی عمدہ کامون تک کرم کی انتہا ہی یعنی اس سے زیادہ نہین ہو سکتا —

یکادُ یمسکہٗ عرفانَ راحتہٖ | رُکنُ الحطیمِ اذا ما جاءَ یستلمُ

العرفان منصوب علی انہ مفعول لہ — والراحۃ الکف — والحطیم لہ معان مختلفۃ والمناسب منہا ہہنا ہو ما بین الرکن الاسود الی الباب والی المقام — والاستلام فی الاصل ہو المس للحجر وغلب فی لمس الحجر الاسود ترجمہ جبکہ وہ حجر اسود کو چہونے اوے تو اوسکی ہتیلی کی شناخت کے سبب قریب ہی کہ رکن حجر اسود اوسکو روک لے کیونکہ وہ اوسکو خوب جانتا ہی اور اوس سے برکت حاصل کرنا چاہتا ہی

ای القبائلِ لیست فی رقابہم | لاوّلیۃِ ہذا اَولَہٗ نِعَمُ

اراد بالاولیۃ الاوائل۔ والنعم جمع نعمۃ ترجمہ قبائل عرب مین کونسا قبیلہ ہی جنکی گردنون مین اس شخص کے بزرگون یا خاص اوسکی نعمتونکے ہار نہون کیونکہ وہ لوگ سبکی ہادی ہین

بکفہ خیزران ریحہا عبق ۔۔۔ من کف اروع فی عرنینہ شمم

الخیزران القضیب وکل عود لین۔ واراد بہ العود الذی یکون فی ایدی الملوک یلوثنہ۔ والعبق کالکتف المنتشر الفائح۔ والاروع من یعجبک حسنہ وجمالہ او شجاعتہ والعرنین مقدم الانف۔ والشمم العلو ویکنی بہ عن المجد والشرف ترجمہ اوسکے ہاتھ مین ایک چھڑی ملوکانہ ہی جسکی خوشبو ہر طرف پھیل رہی ہی اس سبب سے کہ وہ ہاتھ مین ایک شخص جمیل و شجاع کے ہی جو اونچی ناک والا ہی یعنی بلند مرتبہ خلاصہ یہ کہ اوسکے ہاتھ کی خوشبو چھڑی مین اثر کر گئی۔

یغضی حیاء ویغضی من مہابتہ ۔۔۔ فما یکلم الا حین یبتسم

ترجمہ وہ براہ حیا چشم پوشی کرتا ہی اور اوسکی ہیبت حق کے سبب لوگونکی آنکھین اوسکے روبرو بند ہوئی جاتی ہین یعنی کوئی اوسکو خوب نہین دیکھہ سکتا اسلیے وہ کلام نہین کرتا مگر ہنسکر تاکہ لوگ اوسکے روبرو کچھہ گفتگو کرسکین اور ہیبت زدہ نہون۔ وقال آخر

اذا انتدی واحتبی بالسیف دان لہ ۔۔۔ شوس الرجال خضوع الجرب للطالی

انتدی الرجل اذا شہد نادی القوم۔ واحتبی بالسیف اذا وضعہ قدامہ محتبیا کانہ احتبی بہ ویکون عند عقد الجوار او عزم الحرب۔ والشوس جمع اشوس من شوس کفرح اذا نظر بمؤخر العین ویکنی بہ عن التکبر۔ والجرب جمع اجرب۔ والطالی من یطلی البعیر الاجرب بالقار ترجمہ جبکہ وہ قوم کی محفل مین تشریف لاتا ہی اور گوٹ باندہکر اپنی تلوار آگے رکھہ لیتا ہی (اور اسطرحکی نشست بوقت عقد صلح یا عزم جنگ ہوتی ہی) تو متکبر اور سرکش لوگ اوسکے ایسے مطیع ہوجاتی ہین جیسے خارشتی شتر روغن قار ملنے والیکا مطیع ہو جاتا ہی بسبب بخشنے کونہ راحت کے۔

کانما الطیر منہم فوق ہامہم ۔۔۔ لا خوف ظلم ولکن خوف اجلال

کون الطیر فوق الراس کنایۃ عن السکون والسکوت تاما کاملا ترجمہ لوگ اوسکے سامنے ایسے چپکے خاموش بیٹھتے ہین کہ گویا اونکے سر پر پرندے ہین کہ سر ہلے اور اوڑ گئے اور یہ سکوت اوسکے ظلم کے خوف سے نہین مگر بخوف اوسکی ہیبت اور جلال کے۔ وقالت لیلی الاخیلیۃ

فانی لم اکد آتیک تہوی ۔۔۔ برحلی رادۃ الاصلاب ناب

تہوی بہ اسرع بہ۔ والرادۃ مخفف الرائدۃ من راد اذا جاء وذہب۔ والاصلاب جمع صلب محرکۃ وہو عظم طویل من الکاہل الی اصل الذنب اراد بہا فقار الظہر ومعنی رادۃ الاصلاب مضطربۃ الفقار من شدۃ الہزال۔ والناب الناقۃ المسنۃ ترجمہ مین تو اس ارادہ کی قریب کبھی نہین تہی کہ تمہارے پاس ایسے حالمین آؤن کہ میرے کجاوہ کو ایک ناقہ جسکی پشت کے ہڈی بسبب شدت لاغری کے کہڑ کہڑ کرتے ہین تیز لیے جاتی ہو۔ خلاصہ یہ کہ ایسے سقیم حالمین آنا بتقاضائے احتیاج شدید ہی سو وقت کرم ہی یہ اشعار حجاج کی مدح مین ہین

قریح الظہر یفرح ان یراہا ۔۔۔ اذا وضعت ولیتہا الغراب

الولیۃ ما یبسط من النمد تحت الرحل۔ والغراب فاعل یفرح ترجمہ وہ ناقہ کمر لگی ہوئی ہی جبکہ اوسکا عرق گیر اوسکی پشت سے اوتار لیا جاوے تو اوسکو دیکہنے سے

کو اخوش ہوتا ہی کیونکہ وہ اوسکا گوشت نوچ کہاتا ہی   وقال العریان لسهلة وذمم غیره

مررتُ علی دارِ امرءِ السّوءِ حوله ۔   لبونٌ کعیدانٍ بحائطِ بُستان

اللبون الناقة ذات اللبن والتنکیر للجنس والعیدان کشیطان طوال النخل ۔ والحائط البستان داراو به ما یحیط به ترجمہ ایک شخص بدذات بخیل کے گہر پر میرا گزر ہوا جسکی گرد باغکی احاطہ مین دودہ دینی والی اونٹنیان بلند قامت مثل تنہ درخت خرما کی کہڑی تہین ۔

فقال اَلا اَ ضحت لبونی کما تری   کانّ علی اکبادِہا الحینَ اقدان

البدنة السمن و القدن القصر المطین ترجمہ سو اوس بخیل نی مجہسے کہا کہ ای شخص سن کہ میری دودہ دینی والی اونٹنیان جیسا کہ تو دیکہتا ہی ایسی فربہ ہوگئین گویا اونکی سینون پر محلونکی کہنگل چڑہ رہی ہی یعنی اونکی فربہی کا یہ سبب ہی کہ وہ بسبب آنکہ ہانکے اونپر سفر نہین کرتا اور نہ کبہی مہمانونکی لیئے ذبح کیجاتی ہین تا کہ خوف دبلی ہو جاوی

فقلتُ عسیٰ ان تجوز الجیش سرّہا   ولا واحدٌ یسعی علیها ولا اثنان

السریة الجماعة ۔ یسعی علیه یغیر ترجمہ سو مین نی اوس سی کہا کہ قریب ہی کہ لشکر اونکو لوٹی اور اونکی گروہ کو احاطہ کرلے اور تم مین کا نہ ایک اونپر سوار ہو کر چل سکے اور نہ دو کیونکہ وہ سب دشمنونکی قبضہ مین آجاوینگی جیسا کہ کہتی ہین ۔ مال موذی نصیب ظالم ۔

ورُحتُ الی دارٍ لبرٍّ الصدقِ عیاد   مرابطُ افراسٍ وملعبُ فتیان

راح اذا ذہب رواحًا وقد یستعمل مطلقًا ۔ والصدق الاحکام فی الفعل اذا اضیف الیه موصوفه ترجمہ اور وہان سی مین ایک عمدہ راستباز آدمی کی گہر کیطرف گیا جسکی آس پاس گہوڑونکی طویلی اور جوانون کی کہیل کودنی کی جگہہ تہی ۔

ومنحرُ میناتٍ یجرُّ حوارُہا   وموضعُ اخوانٍ الی جنب اخوان

المنحر موضع النحر ۔ والمینات من الابل ما تلد اناثًا وانها تکون عزیزة عندہم ۔ ویجر مجهول من جرّہ ۔ والحوار بالمهملة بضم و ما وقد یکسر ولد الناقة حین تضعه ۔ والاخوان جمع اخ بمعنی الخوان معرب ترجمہ اور اوسکی آس پاس اون اونٹنیونکی ذبحکی جگہہ ہی جو ہمیشہ مادہ بچہ جنتی یعنی ایسا مہمان نواز ہی کہ مہمانون کیلیئے ایسی قیمتی ناقہ ذبح کرتا ہی جو ہمیشہ مادہ بچہ جنتی ہی اور جنکا بچہ بسبب صغر زمین پر کہینچا جاتا ہی یا بعد ذبح کے اوسکی شکم سے کہینچا جاتا ہی اور اوسکی گرد بہائیون کی بیٹہنی کی جگہہ ہی یا خوان دہرنیکی جگہ ہی یعنی بہائیونکی یا اور خوانونکی ۔

فقلتُ له انی اتیتُک راغبًا   بذعلبةٍ تدمی وانّی لجوعان

رغب فیه اذا طمع فیه و رغب علیه اذا تفرغ الیه ۔ والذعلبة بکسر الذال فالمهملة فالموحدة الناقة السریعة السیر والعافی الناجیه ترجمہ سو مین نی اوس سی کہا کہ مین تیرے پاس بطمع تیری بخشش کے ایک ناقہ لیکر آیا ہون جسکی پاؤن بسبب تیز روی کے خون آلودہ ہین اور مین ایک عاجز شخص ہون ۔

فقال الا اهلا و سهلا و مرحبا ❊ جعلتك منى حيث اجعل اشجانى

الشجن الحزن والغم ترجمه سو اوسنے جواب دیا کہ سن تو گہر مین ایک شخص نرم مزاج اور سخی کے آیا اور میرا گہر تیرے لیے جاے آسایش و وسیع ہی مین نے تیری جگہہ اپنے جسم مین اوسجگہہ کی جہان اپنے غم وارادہ رکہتا ہون یعنے دل مین۔

فقلت له جادت علیك سحابة ❊ بنوء یندی كل فغو وریحان

